AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



AIOU LIBRARY
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



باب 1

بالیدگی اور نشوونما کا تعارف

Introduction to Growth and Development

سوال 1- بالیدگی اور نشوونما سے کیا مراد ہے؟ دونوں میں فرق تفصیل سے واضح کریں۔

جواب:

نشوونما (Development) ایک ایسا عمل ہے جو ایک فرد کی پیدائش سے لے کر موت تک پوری زندگی کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ ہم میں سے کچھ لوگ یہ جاننے کے لئے متجسس ہوتے ہیں کہ نشوونما وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ کیسے ارتقا پذیر ہوتی ہے، پورے عرصہ حیات میں کون سی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں اور کیسے؟۔ کسی فرد کی پوری زندگی میں رونما ہونے والی تمام تبدیلیوں کا مطالعہ نشوونمائی نفسیات، نشوونما کی سائنس یا انسانی بالیدگی سے موسوم کیا جاتا ہے (کینان اور ایونز، 2009)۔ تاہم جب ہم اپنی توجہ بالیدگی (Growth) کا مفہوم سمجھنے کے لئے مرکوز کرتے ہیں تو اس سے مراد وہ تبدیلیاں اور یکساں روی پر مبنی طرز عمل ہوتا ہے جو پیدائش سے بلوغت تک زندگی کے قدرے محدود سرحد میں رونما ہوتا ہے، اس ضمن میں بچے کی نشوونما کے مطالعہ کا حوالہ دیا جاتا ہے۔

بچے کی نشوونما کے میدان کا متعدد تعلیمی مضامین سے تعلق ہے جو مختلف شعبہ ہائے علم مثلاً نفسیات، عمرانیات، بشریات، حیاتیات، نیورو سائنس سے علم کشید کرتا ہے (برک، 2013)۔ اس طرح ان میں یہ ان ماہرین کی تحقیق سے آگاہی دیتا ہے جو بچوں کی زندگی میں بہتری لانے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان میں ماہرین تعلیم، بچوں کے معالج، نفسیات دان، چائلڈ کیئر سروس فراہم کرنے والے اور سماجی خدمات کے ماہرین اور والدین شامل ہیں۔ یوں بچوں کی نشوونما کا علم سائنسی اور عملی دونوں حوالوں سے مطابقت اور ارادیت رکھتا ہے۔

بچوں کی نشوونما کا مطالعہ اگرچہ فی نفسہ اہم ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ ہمیں انسانی نشوونما کی نوعیت

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	بالیدگی اور نشوونما کا تعارف Introduction to Growth and Development	5
2	جسمانی نشوونما Physical Development	[illegible]
3	ذہنی نشوونما Intellectual Development	35
4	سماجی نشوونما Social Development	49
5	جذباتی نشوونما Emotional Development	66
6	اخلاقی نشوونما Moral Development	75
7	زبان کی نشوونما Language Development	84
8	انسانی تعلم اور کمرہ جماعت کی تدریس Human Learning & Classroom Teaching	96
9	انفرادی اختلافات Individual Differences	121

☆☆☆☆☆

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سے بھی آگاہی دیتا ہے۔ زندگی کے ابتدائی حصے کے رویوں میں بالیدگی، تبدیلیوں اور پختگی کی بہتر تفہیم سے بعد کے دور یعنی بلوغت کے رویوں کے بارے میں آگاہی ملنے کا بھی امکان ہوتا ہے۔

بالیدگی اور نشوونما کا جائزہ

یہ سیکشن دو مختلف مگر باہم مربوط تصورات، بالیدگی اور نشوونما کا جائزہ پیش کرتا ہے۔ بچے کی بالیدگی اور نشوونما پیچیدہ مراحل ہیں جو کثیر عوامل اور ذرائع سے اثر قبول کرتے ہیں۔

بالیدگی اور نشوونما کی اصطلاحات اکثر ایک دوسرے کی جگہ استعمال کی [illegible] یا انہیں ایک ہی مفہوم میں اکٹھا کر لیا جاتا ہے جس سے ان کا مطلب جاننے میں ابہام پیدا ہوتا ہے لہٰذا ضروری [illegible] آغاز [illegible] ان دونوں اصطلاحات میں فرق کو سمجھ لیا جائے۔

1- بالیدگی (Growth)

بالیدگی یا گروتھ کی اصطلاح سے مراد جسمانی پہلوؤں میں وہ اضافہ ہے جس کی پیمائش کی جا سکتی ہے مثلاً قد، وزن، جسامت، مسلز، لمبائی وغیرہ (وولفوک، 2014)۔ بالیدگی کا تعلق حیاتیاتی عوامل سے ہے جو وقت گزرنے کے ساتھ فطری طور پر وقوع پذیر ہوتے ہیں اور ماسوائے شدید بیماری یا ناکافی خوراک کے ان پر کوئی اور عامل اثر انداز نہیں ہوتا یا اس کا اثر بہت تھوڑا ہوتا ہے۔ بالیدگی کا یہ عمل اس وقت رک جاتا ہے جب انسانی اعضا اپنی نشوونما کی آخری حد تک پہنچ جاتے ہیں۔

مجموعی طور پر بالیدگی سے مراد انسانی جسم میں قدرتی، خود بخود، مخصوص، جینیاتی اور قابل پیمائش مقداری اضافہ ہے۔ بچے کی زیادہ تر جسمانی بڑھوتری اسی درجے میں آتی ہے۔ نشوونمائی نفسیات کے کچھ ماہرین ان تبدیلیوں کو بلوغت قرار دیتے ہیں۔

Elmas Ali

2- نشوونما (Development)

بالیدگی یا گروتھ کسی فرد میں رونما ہونے والی جسمانی تبدیلیاں ہیں جبکہ نشوونما یا ڈویلپمنٹ سے مراد وہ مخصوص تبدیلیاں ہیں جو کسی فرد میں پیدائش سے لے کر موت تک پوری زندگی میں رونما ہوتی ہیں (کینان اور [illegible]) ان میں صرف بالیدگی شامل نہیں ہوتی بلکہ جسمانی انتشار اور انحطاط (موت) بھی اس کا حصہ ہے۔ بہرحال تمام تبدیلیاں نشوونما تصور نہیں کی جاتیں بلکہ اس کا اطلاق ان تبدیلیوں پر ہوتا ہے جو ایک ترتیب میں ظاہر ہوں اور کافی حد تک مستقل ہوں۔ زیادہ تر یہ تبدیلیاں صفاتی نوعیت کی ہوتی ہیں اور کسی عامل کے زیر اثر [illegible] پذیر ہوتی ہیں۔ اس کی مثالوں میں کسی فرد کے کرداری، سماجی، اخلاقی اور ذہنی پہلوؤں میں ہونے والی

تبدیلیاں شامل ہیں۔ مجموعی طور پر یہ تبدیلیاں بہتر، تطبیقی، منظم اور پیچیدہ انسانی رویوں کا سبب بنتی ہیں۔

3- بالیدگی اور نشوونما میں فرق

نشوونما کو آزوبل اور سلی ون (Ausubel and Sullivan-1970) نے ایسی تبدیلی کہا ہے جو وقت کے ساتھ عمل پذیر ہوتی ہے اور جزوی طور پر ڈھانچے میں ایسے تغیرات کا نتیجہ ہوتی ہے جنہیں جین (Genes) نظم و ضبط میں رکھتے ہیں اور ماحول کے عوامل اس تبدیلی کو متعین کرتے ہیں۔ اس طرح نشوونما کا تعلق افراد کے کردار میں ان بتدریج ہونے والی تبدیلیوں سے ہے جو دراصل افزائش یا بالیدگی سے منسوب ہوتی ہیں۔ ان دونوں اصطلاحات کا ممیز کرنے کے لیے علم نفسیات میں بالترتیب، تربیت (Nurture) اور فطرت (Nature) کی اصطلاحات استعمال کی جاتی ہیں۔ نشوونما ماحول اور توراث (Heredity) کے باہمی تعامل کا [illegible] جب کہ نمو محض فطرتی عمل ہے اور اس میں متعلقہ فرد کی رضا و رغبت کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا۔ نشوونما کا [illegible] احول اور [illegible] ہی کے مابین اکتسابی (Aequired) ہوتا ہے۔

نشوونما [illegible] کے ساتھ ہونیوالی تبدیلیوں کے مختلف مراحل ہیں، جس کا مقصد پختگی کا حصول ہوتا ہے، تبدیلیوں [illegible] ترتیب کو بڑی [illegible] حاصل ہے کیونکہ بعض تبدیلیاں ایسی ہوتی ہیں جو کہ کسی دوسری تبدیلی پر منحصر ہوتی ہیں ایک [illegible] کے بغیر [illegible] تبدیلی دیکھنے کو نہیں مل سکتی، تبدیلی کا عمل بقاء کیلئے ہوتا ہے انسان نشوونما کے عمل میں خود کو زندگی کے [illegible] خاصوں کے مطابق ڈھال رہا ہوتا ہے، نمو جسمانی طور پر بڑھوتری کا عمل ہوتا ہے، اس میں خلیوں کی تعداد کئی گنا بڑھتی [illegible] قد میں [illegible] اضافہ ہوتا ہے، وزن بڑھ جاتا ہے۔

4- نمو عددی اور نشوونما معیار کی بہتری:

[illegible] نشوونما کے درمیان فرق کر[illegible] کیلئے کہا جا سکتا [illegible] نمو ایک عددی اعتبار سے بڑھوتری کا عمل ہے جبکہ نشوونما معیار [illegible] بڑھاتی ہے اور کارکردگی کو در[illegible] تعلق ذہانت اور جذبات سے ہوتا ہے جبکہ نمو جسم اور دماغ میں تبدیلیاں لاتی ہے، نشوونما ضعیفی کی طرف گامزن ہوتی۔ جبکہ نمو کا عمل پختگی پر پہنچنے کے بعد رک جاتا ہے، کردار میں ہونے والی تبدیلیوں کو نشوونما نمو کے مقابلے [illegible] کرتی ہے۔

5- نشوونما کا عمل جاری رہتا ہے:

ضروری نہیں کہ نمو ہمیشہ نشوونما کے [illegible] کردار ادا کرے ایک بچہ یا بالغ [illegible] موٹا اور وزنی ہو سکتا ہے۔ لیکن ضروری نہیں کہ وہ پختگی کا معیار بھی حاصل کر[illegible] کہ نشوونما کا نتیجہ ہوتی ہے [illegible] طرح جب نمو کا عمل ایک خاص عمر تک پہنچ کر رک جاتا ہے تب بھی نشوونما کا عمل جاری رہتا ہے۔ جسمانی نشوونما مقداری اور معیاری

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 3 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

دونوں طرح کی ہوتی ہے، یہ انسان میں قابلیت وصلاحیت میں اضافہ کرتی ہے پختگی کے عمل میں بہتری لاتی ہے، اور انسان کو ترقی کے اعلیٰ مقام پر پہنچا دیتی ہے۔

د۔ نمو اور نشوونما کی پیمائش:

نمو اور بالیدگی کو ناپا جا سکتا ہے جبکہ نشوونما کے عمل کو صرف محسوس کیا جاتا ہے نشوونما کا عمل حقیقت میں پختگی کی طرف گامزن شخص کے رویوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ نشوونما کے عمل میں صرف ماہرین نفسیات ہی دلچسپی نہیں لیتے بلکہ ماہرین جینیات اور ماہرین حیاتیات بھی شخص کی نمو کا تفصیل سے مطالعہ کرتے ہیں۔ اس میں اعضاء میں بڑھوتری اور نشوونما کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ماہرین نفسیات جسمانی ڈھانچے سے زیادہ رویوں کو ہوئے والی تبدیلیوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور اس کے بارے میں جاننے کیلئے وہ مخصوص طریقہ کار کو بروئے کار لاتے ہیں۔ ان طریقوں میں لونگی ٹیوڈنل میتھڈ (اوپر سے نیچے کی جانب)، کراس سیکشنل میتھڈ (اوپر سے باہر کی جانب)، کیس سٹڈی میتھڈ، تجرباتی طریقہ وغیرہ شامل ہیں۔

نمو کا عمل بڑا اہم ہوتا ہے۔ اس میں استخوانی ڈھانچے میں تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں، قد اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے جسم کا تناسب بہتر ہوتا ہے اور دانت نکلتے اور مضبوط ہوتے ہیں۔ حرکی نشوونما سے مراد طاقت میں اضافہ ہے، بچہ وقت کے ساتھ بولنے والے اعضاء، ہاتھ، انگلیوں، ٹانگوں اور دیگر عضلات پر آہستہ آہستہ کنٹرول حاصل کرتا ہے۔ بچے کے سماجی روابط میں حرکی نشوونما کا نمایاں کردار ہوتا ہے، حرکی افعال کو انجام دینے میں لڑکیاں 14 سال جبکہ لڑکے 17 سال کی عمر میں پختگی حاصل کر لیتے ہیں۔ عضلات کے طاقتور ہونے سے لڑکے ورزشی اور کسرتی مہارتوں میں مقابلے کیلئے خود کو تیار کرتے ہیں جبکہ لڑکیاں ناچنے، رسہ پھلانگنے، سویٹر بننے، مصوری، پھولوں کی آرائش، کشیدہ کاری اور موسیقی وغیرہ میں اپنی کوششیں صرف کرتی ہیں۔ حرکی کارکردگی کے حوالے سے بعض معاملات میں لڑکوں کی لڑکیوں پر برتری پیدائشی طور پر ہوتی ہے اور یا پھر ثقافتی دباؤ کا نتیجہ ہوتی ہے۔ نمو اور نشوونما کے اہم اصول درج ذیل ہیں

بالیدگی اور نشوونما کے اصول

1- بالیدگی اور نشوونما کے عمل ایک تسلسل سے وقوع پذیر ہوتے ہیں:

نمو ایک خاص عمر تک جاری رہنے والا عمل ہے۔ ہم زندگی کو جو مختلف مراحل مثلاً بچپن، لڑکپن وغیرہ میں تقسیم کرتے ہیں وہ صرف نمو کے عمل کا بہتر انداز میں مطالعہ کرنے کیلئے ہوتا ہے۔ جبکہ نشوونما کا عمل ساری زندگی پر محیط ہوتا ہے اور یہ آہستہ آہستہ بڑھتا جاتا ہے۔ بالیدگی اور نشوونما ایک درجے میں

کہاں ختم ہوتی ہے اور دوسرے درجے میں کہاں سے آغاز ہوتا ہے کو نمایاں طور پر الگ نہیں کیا جا سکتا۔ نشوونما اور بالیدگی کے تمام مدارج کا تصور ہماری سہولت کیلئے ہے لیکن اصول یہ ہے کہ کوئی بچہ جب ایک درجے سے نشوونما پا کر دوسرے درجے میں جاتا ہے تو اس میں ایک نظم اور ایک سلسلہ ضرور ہوتا ہے اس کے بغیر بچے میں بالیدگی اور نشوونما ممکن نہیں ہے۔

2- نمو اور نشوونما امتیاز و تکمیل کے عمل سے ہوتی ہے:

بچہ ہر چیز تقلیدی رجحانات کے تحت سیکھتا ہے خواہ وہ غلط ہو یا صحیح۔ پھر اسے دوسروں کے عمل سے ملا کر فرق محسوس کرتا ہے، اپنے اور دوسروں کے عمل میں امتیاز کے بعد صحیح اور کامل چیز کو اپنا لیتا ہے، اس طرح اس کی بالیدگی اور نشوونما ہوتی رہتی ہے، مثلاً بچے ابتداء میں پانی کو مم کہتے ہیں پھر رفتہ رفتہ اپنے اور دوسروں کے کہنے میں فرق محسوس کر کے صحیح نام یعنی پانی کو اپنا لیتے ہیں، زبان سیکھنے میں بچے اسی اصول کو اپناتے ہیں۔

3- ابتدائی مدارج میں بالیدگی اور نشوونما کا عمل بعد کے مدارج سے زیادہ اہم ہوتا ہے:

ہر مرحلہ کسی مکان کی بنیاد اس کے ڈھانچے سے زیادہ اہم ہوتی ہے اسی طرح ذہنی اور جسمانی خدوخال کی نشوونما بہت اہمیت ہے، اچھی اور اعلیٰ جسمانی اور ذہنی صلاحیتوں کو زندگی کے ابتدائی دور میں دینے گئے ناموزوں حالات سے بعد والے ادوار کی نسبت جلد اور بری طرح مجروح کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ ایک بچہ پلاسٹی سین کی طرح ایک خام مال سے ابتدائی طور پر جس رنگ میں ڈھال لیا جاتا ہے وہ ویسا ہی رہتا ہے، بچہ ابتدائی طور پر متنوع قسم کی [illegible] سیکھ لیتا ہے اور ایک بالغ کی طرح زیادہ ترقی کر سکتا ہے اور نشوونما کی ایک اعلیٰ سطح تک پہنچ سکتا ہے ابتدائی بنیاد والے عوامل درج ذیل ہیں

1- غیر موافق باہمی تعلقات
2- جذباتی محرومی
3- بچوں کی پرورش کے گھٹیا طریقے
4- وہ کردار جو بچپن میں بچہ کرتا ہے

4- بالیدگی اور نشوونما کا عمل بنیادی طور پر پختگی اور تعلم کے نتیجے کے طور پر وقوع پذیر ہوتا ہے:

نمو اور نشوونما پختگی اور تعلم کا نتیجہ ہوتی ہے [illegible] سے مراد فرد کے جسمانی اعضاء کی صلاحیتوں اور خصوصیات میں بہتری ہے جبکہ تعلم سے مراد تربیت اور تجربات کے ذریعے رویئے میں تبدیلی لانا ہے، پختگی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

اور تعلم ایک دوسرے پر منحصر ہوتے ہیں۔ فرد کی نشوونما اس کے اندر کی صلاحیتوں میں پختگی اور ماحول کے اثر سے ہونیوالی صلاحیتوں میں تبدیلیوں کا نتیجہ ہوتی ہے، چاہے کوئی شخص لمبا ہو یا پستہ قامت وہ خوشگوار شخصیت کا حامل ہوسکتا ہے، اور اعلیٰ تدریسی مقام بھی حاصل کرسکتا ہے اس معاملے میں اگر کوئی چیز اثر انداز ہوتی ہے تو وہ توارث یا ماحول میں کارفرما قوتیں ہیں۔

پختگی اور تعلم کا ایک دوسرے کیساتھ گہرا تعلق ہے، ایک فرد دو صورتوں میں پ[illegible] قامت ہوسکتا ہے ایک صورت تو توارث میں چھوٹے قد والے جینز کا ملنا ہوسکتا ہے جبکہ دوسری صورت میں [illegible] ملنے کی وجہ سے بھی قد چھوٹا رہ سکتا ہے۔ ورثے میں ملنے والی صلاحیتیں خلا میں پروان نہیں [illegible] تعلم کے نتیجے میں ہونیوالی نشوونما کا ذریعہ استعمال کیئے بغیر ماپا جاسکتا ہے۔ اگر کوئی شخص بیوقوفانہ [illegible] جاننے کا کوئی طریقہ نہیں کہ آیا اس کی بیوقوفی توارث کا نتیجہ ہے یا اسے ماحول ایسا ملا کہ جس [illegible] صلاحیتیں اجاگر نہیں ہوسکیں۔ جب ہم تعلم کی صلاحیت نہ ہونے کے امکان کو رد کردیتے ہیں تبھی ہم فرد کی بیوقوفی [illegible] ورثے میں ملنے والی خامی سے تعبیر کرسکتے ہیں۔

سالوں قبل مکڈوگل (McDougal) نے تمام رویوں کو جبلت کی اصطلاح میں بیان کرنے کی کوشش کی تھی، جس کیلئے اس نے رویوں کے پیچیدہ انداز کو ورثے میں ملنے والی خداداد صلاحیتوں کی پختگی کا نتیجہ قرار دیا۔ تعلم سے مراد کسی صورت حال میں کسی مسئلہ کو حل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے، اب اگر کسی فرد یا بچے کو کوئی ایسا کام دے دیا جائے جو اس کی موجودہ پختگی کی سطح سے بلند ہو تو اسے وہ کر نہیں پائے گا، اسی طرح اگر پہلی جماعت کے بچے کو گھر کے کام کیلئے کسر اعشاریہ کا ایک دقیق سوال دے دیا جائے جو کہ اس کے حیطہ آموزش میں نہیں آتا تو وہ اسے نہیں کرپائے گا۔

Elmas Ali

5- نمو اور نشوونما ماحول اور توارث کا نتیجہ ہوتی ہے:

ہر فرد توارث اور ماحول کی پیداوار ہوتا ہے، نمو اور نشوونما کا معیار جانچنے کیلئے جینز کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں لیکن دوسری طرف سماجی وثقافتی ماحول، طبعی محل وقوع، اور جذباتی اتار چڑھاؤ کا انسان کی نشوونما پر گہرا اثر ہوتا ہے۔ اکیلے وراثت یا ماحول سے بالیدگی یا نشوونما کا تعین نہیں ہوتا بلکہ وراثت اور باہمی عمل سے بالیدگی و نشوونما کے عمل کا آغاز ہوتا ہے اور کسی ایک کو دوسرے سے الگ کرکے دیکھنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔

6- نشوونما کے بارے میں پیشگوئی کی جاسکتی ہے:

نمو و نشوونما کے عمل میں تسلسل اور ربط ہونے کی وجہ سے بچے کی نشوونما کے عمل کی پیشگوئی کی

جاسکتی ہے۔ اس اصول کو نشوونمائی نمونہ کی پیش گوئی (Predictability of Development Pattern) کا اصول بھی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ بچے کی پیدائش سے قبل کے زمانے کی نشوونما اور بالیدگی کے عمل میں وہی تسلسل ہوتا ہے جو اس کی پیدائش کے بعد والے زمانے میں ہوتا ہے۔ اگرچہ گو یہ عمل دونوں ادوار میں رفتار اور مقدار کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے۔ نصابی آموزش کے میدان میں کی جانیوالی تحقیقات نے یہ ثابت کردیا ہے کہ بجز چند مستثنیات، ذہانت کے لحاظ سے اعلیٰ بچے اعلیٰ بالغ ہیں اور یہ بھی کہ ذہین بچوں کی اچھی خاصی تعداد نے اپنی اہلیتوں کو مستقبل میں بروئے کار لاکر زندگی میں بھرپور حصہ لیا۔ اسی اصول کے تحت بچوں کے رجحانات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے اور اس بات کی بالکل ابتدائی عمر میں پیش گوئی کی جاسکتی ہے کہ بلوغت کے وقت بچے کی جسمانی ساخت کیسے ہوگی، اس اصول کا فائدہ یہ ہے کہ بچے کے ابتدائی رجحانات کے مطابق تعلیمی منصوبہ بندی کی جاسکتی ہے، نشوونما کی بنیاد پر فنی رہنمائی دی [illegible] ہے، اسی بنیاد پر بچوں کو لے پالک بنایا جاسکتا ہے۔

7- نشوونما [illegible] منفرد عمل ہے:

نشوونما [illegible] وقت کے دورانیہ کی وجہ سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، تمام بچے چلنے سے پہلے بیٹھنا، [illegible] بیٹھتے ہیں لیکن ہر بچہ ان سب امور میں مہارت حاصل کرنے میں اپنا وقت لیتا ہے جو کہ دوسرے [illegible] ہوسکتا ہے۔ اصل میں انسانی جسم کے اعضاء کی بالیدگی کی شرح مختلف ہوتی ہے۔ کچھ بافتیں اور اعضاء دوسروں کی نسبت تیزی [illegible] پختگی تک پہنچ جاتے ہیں، اس لئے فرد میں تبدیلی صورت و ہیئت اچانک نہیں ہوتی۔ مثلاً [illegible] بالیدگی ابتدائی 3 سال تک مسلسل تیز روی سے ظہور پذیر ہوتی ہے لیکن اگلے سال 3 سے 6 سال تک اس کی بالیدگی کی شرح [illegible] نہیں رہتی، یہی صورتحال نشوونما کے عمل کی ہوتی ہے بچے ابتدائی عمر میں [illegible] کچھ یاد کرلیتے ہیں اور جو [illegible] بچپن [illegible] یاد کرلیتے ہیں آئندہ اسی رفتار سے اضافہ نہیں کرسکتے، ہر فرد کی نشوونما اور بالیدگی کا اپنا معیار ہے بعض بچوں کے [illegible] مواقع حاصل [illegible] کی وجہ سے ان کی بالیدگی و نشوونما بہتر اور جلد ہوتی ہے [illegible] کے برعکس ناقص ماحول والے [illegible] کی بالیدگی [illegible] دور میں کم اور ناقص رہتی ہے۔

8- بالیدگی اور نشوونما کے مختلف مدارج پر خوشی اور ناخوشی کا تصور بچوں کو متاثر کرتا ہے:

بچے کی نشوونما پر خوشی اور ناخوشی کا گہرا اثر ہوتا ہے۔ یہ اثر اس کے رویوں (Attitu[illegible]) کردار (Behavuour) اور شخصیت کو متاثر کرتا ہے کیوں کہ خوش بچے عام طور پر صحت مند اور توانا [illegible] ہیں۔ جبکہ ناخوشی ان کی توانائیوں کو چوس لیتی ہے اور ان کی صحت پر بری طرح اثر انداز ہوتی ہے۔ خوش بچے اپنی توانائی کو بامقصد

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 5 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

9- نمو و نشوونما کا انسان پر مجموعی اثر ہوتا ہے، بعض اوقات زندگی میں بعض ایسی اشیاء شامل ہوتی ہیں جن کا نشوونما کے عمل پر اثر پڑتا ہے۔ نمو اور نشوونما کی مختلف اقسام ہوتی ہیں، جیسا کہ نشوونما اور تعلیم، نشوونما اور دماغی نمو، زبان کا ارتقاء وغیرہ۔

☆☆☆☆☆

سوال 2- نشوونما کے کون سے شعبے اور مراحل ہوتے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کریں۔

جواب: نشوونما یا ڈویلپمنٹ کو مختلف طریقوں سے بیان کیا جاتا ہے تاکہ اس کے مختلف پہلو اجاگر ہو سکیں ان میں نشوونما کے ڈومینز یا میدان اور نشوونما کے مراحل شامل ہیں۔ ان دونوں طریقوں کو ذیل میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

1- نشوونما کے میدان (Domains of Development)

بچوں کی نشوونما کے عمل کو عمومی طور پر تین ڈومینز یا شعبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ان میں جسمانی، ادراکی (cognitive) اور سماجی و جذباتی نشوونما شامل ہیں (برک، 2013)۔ جسمانی دائرہ کار حیاتیاتی تبدیلیوں پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ حسی صلاحیت، مناسب، شباہت اور جسمانی صحت میں ہونے والی تبدیلیاں شامل ہیں۔ ادراکی دائرہ کار میں وہ تبدیلیاں اور نمونوں میں ہونے والی تبدیلیاں شامل ہیں، مثلاً سوچ بچار، ذہانت، تخلیقی صلاحیت، یادداشت، زبان وغیرہ۔ سماجی و جذباتی دائرہ کار بچوں کے دوسروں لوگوں کے ساتھ تعلقات، احساسات، جذبات، اقدار، عقائد اور شخصیت میں تبدیلیوں کو اجاگر کرتا ہے۔

بچوں کی نشوونما کا عمل کافی پیچیدہ ہوتا ہے اس کے لئے تینوں ڈومینز یا میدانوں میں باہمی تعامل ضروری تصور کیا جاتا ہے۔ مجموعی طور پر تینوں ڈومینز دوسرے کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر جسمانی ڈومین میں بہتری آنے سے جیسا کہ بیٹھنے، گھٹنوں سے چلنے، پاؤں پر کھڑے ہونے سے ادراکی ڈومین کو تقویت ملتی ہے مثلاً نومولود جسمانی طور پر بڑا ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے اردگرد کے ماحول کو بہتر طریقے سے سمجھنا شروع کر دیتا ہے۔ یہ ادراکی ڈومین آگے چل کر سماجی و جذباتی ڈومین پر اثر انداز ہوتا ہے مثال کے طور پر گھر کے بڑے افراد بچے کے چھوٹے چھوٹے اقدامات، اضافات اور کامیابیوں پر خوشی مناتے ہیں جس طرح بچے کے ساتھ مضبوط تعلق استوار کرتے ہیں، اس طریقے سے تینوں ڈومینز ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ بچوں کی نشوونما کے ڈومینز کی درجہ بندی مختلف پہلوؤں سے کی جاتی ہے، ایک درجہ بندی میں جسمانی، ادراکی، لسانی، سماجی اور جذباتی ڈومین شامل ہیں جبکہ دوسری درجہ بندی میں جسمانی، شخصی،

خوشی ہی انہیں مختلف امور سرانجام دینے میں ایک مضبوط محرک فراہم کرتی ہے۔ اس طرح کر کر سیکھنا شروع کر دیتے ہیں۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سماجی اور ادراکی ڈومین شامل ہیں (وولفوک، 2014)۔ یہ ڈومین ایک دوسرے سے جدا نہیں بلکہ آپس میں جڑے ہوتے ہیں، مثلاً سماجی اور جذباتی نشوونما باہم متصل ہیں اور اسے ایک ہی ڈومین میں رکھا جا سکتا ہے۔ اسی طرح ادراکی اور زبان کی نشوونما کو بھی یکساں نوعیت کی وجہ سے ایک ہی گروپ میں رکھا جا سکتا ہے۔

2- نشوونما کے مراحل (Stages of Development)

مختلف ڈویلپمنٹل ماہرین بچوں کی نشوونما کے مختلف مراحل کو جنم دیتا ہے، بعض ماہر نفسیات وقت گزرنے کے ساتھ بنی صلاحیتوں، تغیر اور سماجی توقعات کے جائزہ کیلئے مدت عمر کو استعمال کرتے ہیں (ہرلاک، 2013)۔ بچوں کی نشوونما کی سب سے زیادہ عام درجہ بندی میں عمر کے ادوار شامل ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(i) پیدائش سے پہلے۔ مدت عمر، استقرار حمل سے پیدائش تک۔ خصوصیات میں: رفتار تبدیلیاں، ایک خلیہ کا مکمل انسانی جسم بننا۔

(ii) دودھ پلانے کا مرحلہ، شیر خوارگی سے پاؤں پاؤں چلنا۔ مدت عمر، پیدائش سے 2 سال تک۔ خصوصیات میں انتہائی محتاجی، جسمانی و جذباتی نشوونما کا آغاز مثلاً زبان اور سماجی رویوں کا سیکھنا۔

(iii) تیسرا مرحلہ، سکول جانے سے قبل کا ابتدائی بچپن۔ مدت عمر، 2 سے 6 سال تک۔ خصوصیات میں قدرے خود انحصاری، نفسیاتی اور اخلاقی نشوونما، سوچ اور زبان یا بول چال میں قابل ذکر وسعت۔

(iv) چوتھا مرحلہ، ایلیمنٹری سکول تک درمیانی بچپن، مدت عمر، 6 سے 11 سال تک۔ خصوصیات میں ذمہ داری میں اضافہ، سوچ کا بہتر عمل، کسرتی صلاحیتیں، پڑھنے، لکھنے اور حساب میں مہارت، بہتر سماجی برتاؤ اور خود آگہی۔

(v) پانچواں مرحلہ، بلوغت۔ مدت عمر، 11 سے 18 سال تک، خصوصیات میں بلوغت اختیار کرنا، تیز رفتار جسمانی تبدیلیاں، خود مختاری میں اضافہ، مجرد اور منطقی سوچ، مضبوط اعتقادی نظام۔

☆☆☆☆☆

سوال 3- بچے کی نشوونما کے عام اصول کون سے ہیں؟ Elmas Ali

جواب: بچے کی نشوونما کے عام اصول

(General Principles of Child Development)

پال بیلٹس کا "زندگی بھر کی نشوونما کا فریم ورک" بچے کی نشوونما کے عام اصول مربوط طریقے سے بیان

کرتا ہے (بیلٹس، 1997)۔ یہ اصول درج ذیل ہیں۔

1- نشوونما کا عمل زندگی بھر جاری رہتا ہے

اس اصول کے دو پہلو ہیں، پہلا یہ کہ کسی فرد کی نشوونما زندگی بھر جاری رہتی ہے، دوسرا یہ کہ مسلسل ابھرتی ہوئی نوعیت کی نشوونما کے دوران نئی تبدیلیوں اور افعال کا اضافہ ہو سکتا ہے۔

2- نشوونما کثیر جہتی اور کثیر سمتی ہے

صحت مند نشوونما کی متعدد جہتیں اور سمتیں ہوتی ہیں، اس سے مراد یہ ہے کہ نشوونما نہ تو ایک ہی معیار تک محدود ہوتی ہے (مثلاً صرف جسمانی صلاحیت میں کمی یا اضافہ) اور نہ ہی کسی ایک سمت تک محدود ہوتی ہے (مثلاً صرف کمی یا صرف اضافہ)۔ نشوونما کا تعلق متعدد صلاحیتوں سے ہوتا ہے جو وقت کے ساتھ تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔

3- نشوونما میں نفع اور نقصان دونوں شامل ہوتے ہیں

[illegible] کے مطابق نشوونما کی کوئی بھی سرگرمی ترقی اور تنزلی دونوں پہلوؤں پر مشتمل ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر سکول [illegible] ان تعلیم جہاں بچے کی ادراکی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے وہاں سکول کے قوانین وغیرہ کی پیروی کی وجہ سے [illegible] صلاحیتوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ تاہم اس نفع اور نقصان کو برابر کی حیثیت نہیں دینی چاہیے کیونکہ [illegible] کے ساتھ [illegible] وقت کے ساتھ تبدیلی رونما ہوتی رہتی ہے۔

4- نشوونما لچکدار ہوتا ہے

بیلٹس کہتا ہے کہ نشوونما کا عمل لچ[illegible] کسی بھی شکل میں ڈھل جانے والا ہوتا ہے۔ انسان فطری طور پر مختلف تجربات کے زیر اثر تبدیلیاں یا ترامیم قبول کرنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر شیر خوار بچے کا دماغ کسی چوٹ کے نتیجے میں تبدیلی اختیار کر[illegible] جان رکھتا ہے۔ انسانی سرگرمیوں کے مختلف دائرہ [illegible] نشوونما کے لچکدار پن کی کچھ حدود بھی ہیں۔

5- نشوونما خاص [illegible] اور تاریخ کے تناظر میں ہوتی ہے

بچے مختلف ماحول اور [illegible] میں پرورش پاتے ہیں، مختلف سماجی [illegible] اور ماحول کے حالات ان کی نشوونما پر اثر ڈالتے ہیں۔ اس طرح نشوونما خاص ماحول اور [illegible] کے تناظر میں ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر شہری اور دیہی علاقے میں پرورش پانے والے بچے الگ الگ ماحولی وجہ سے دوسرے سے مختلف تجربات سے گزرتے ہیں اور اس کے نتیجے میں ان کی نشوونما میں آنے والی تبدیلیاں بھی مختلف نوعیت کی ہوتی ہیں۔ اسی طرح تاریخ کے مختلف ادوار میں پرورش پانے والے بچوں پر بھی یہ اصول کی نشوونما پر مختلف طریقے سے اثر انداز ہوتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

اس امر پر زور دیتے ہیں کہ نشوونما کے مسلسل یا غیر مسلسل عمل پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے تسلسل یا عدم تسلسل کے ذرائع پر فوکس کیا جائے۔ عمومی طور پر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ نشوونما مسلسل اور غیر مسلسل دونوں پہلو رکھتی ہے۔

2- ایک یا متعدد راستے

ترقیاتی نفسیات کے ماہرین کیلئے ایک اور مسئلہ یہ ہے کہ کیا نشوونما کا ایک ہی راستہ ہے یا اس کے مختلف راستے ہیں؟ مراحل کا نظریہ رکھنے والے ماہرین جن کے مطابق نشوونما ہمہ گیر مراحل کی سیریز کے ذریعے ہوتی ہے، یہ دلیل دیتے ہیں کہ ہر جگہ یہی ترتیب اختیار کیا جاتی ہے۔ تاہم بعض دیگر ماہرین افراد کی مخصوص خصوصیات اور ان کے پرورش پانے والے ماحول کو تسلیم کرتے ہوئے اس امر پر یقین رکھتے ہیں کہ بچے کی نشوونما پر مخصوص ذاتی اور ماحولیاتی اثرات مرتب ہوتے ہیں اور اس طرح نشوونما کے لئے متعدد راستے اختیار کئے جاتے ہیں۔ عمومی طور پر آج کے محققین ماحولیاتی عوامل کے بارے میں زیادہ فکر مند ہیں جو نشوونما کے راستے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ [illegible] عوامل کے ساتھ ساتھ مخصوص ذاتی اور متفرق خصوصیات کو بھی تسلیم کرتے ہیں۔

[illegible] یات

[illegible] نشوونما کے مطالعہ میں سب سے متنازعہ سوالات میں سے ایک یہ ہے کہ نشوونما کیسے ہوتی ہے اور نشوونما پر اثر انداز ہونے والے بنیادی [illegible] سے؟ نشوونما فطرت کرتی ہے یا اس میں انسانی تربیت کا زیادہ ہاتھ ہے؟

فطرت کے [illegible] کا نظریہ ہے کہ ہم اپنے والدین سے جو حیاتیاتی اور موروثی خصوصیات لیتے ہیں وہ ہماری نشوونما کی ذمہ دار ہیں۔ اس نظریہ کے حامی [illegible] انسانی نشوونما میں استحکام پر زور دیتے ہیں یعنی جو بچے جینیاتی طور پر ارفع یا ارزاں خصوصیات [illegible] ہوں وہ بلوغت کے بعد بھی انہی خصوصیات کے حامل رہیں گے۔ تربیت کا نظریہ یہ ہے کہ ماحولیاتی اور ثقافتی اثرات از [illegible] نشوونما کے ذمہ دار ہیں۔ تربیت پر زور دینے والے ماہرین کے مطابق نشوونما کا کردار عمل ہے جو عرصہ حیات [illegible] دوران تبدیلی کے لئے کھلا رہتا ہے۔ ان دونوں فطرت اور تربیت کے ان دونوں نظریات پر انتہائی پوزیشن لینے کی بجائے یہ [illegible] کیا جاتا ہے کہ نشوونما جینیاتی اور ماحولیاتی دونوں عوامل کے باہمی تعامل سے اثر انداز ہوتی ہے، باہمی تعامل کا نظریہ زیادہ مقبولیت اختیار کر رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 5- بچے کی پیدائش پر اثر انداز ہونے والے [illegible] کونسے ہیں؟

جواب: بچے کی نشوونما پر اثر انداز ہونے والے [illegible]

(Factors Influencing Child Development)

بچے کی نشوونما پر مختلف عوامل مختلف سطح پر اثر انداز ہوتے ہیں، ان میں ذاتی اور حیاتیاتی عوامل سے لے کر

6- نشوونما کثیر شعبہ جاتی ہوتی ہے

سائنس کے مطابق انسانی ترقی اور نشوونما کا مطالعہ اپنی نوعیت میں کثیر شعبہ جاتی ہے اس لئے انسانی نشوونما کے مختلف مراحل کی مکمل تفہیم کے لئے ایک متاثر یا طریقہ کار کافی نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر نشوونما میں شامل سماجی افعال کو جانچنے کے لئے نفسیاتی اصول کافی نہیں ہوتے۔ انسانی نشوونما کی نوعیت سمجھنے کے لئے کثیر جہتی تناظر اور طریقے درکار ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 4- بچے کی نشوونما کے عمل میں کون سے مسائل اور اختلافات درپیش ہوتے ہیں؟

جواب: بچے کی نشوونما میں مسائل اور اختلافات

[illegible] Controversies in Child Development)

بچے کی نشوونما کے مطالعہ میں متعدد اختلافات پائے جاتے ہیں۔ محققین اس بارے میں مختلف آرا رکھتے ہیں کہ بچے وقت کے ساتھ کیسے تبدیلی اختیار کرتے اور نشوونما پاتے ہیں، یہ تبدیلیاں کیا ہیں اور اس کے مشترکات اور اختلافات کیا ہیں (کیمان اور اویز، 2009)۔ یہ مختلف تناظر بچے کی نشوونما اور نفسیات کے بارے میں علم کو وسعت دیتے ہیں اور سماجی، جذباتی، ذہنی اور جسمانی نشوونما کے متنوع پہلوؤں میں تحقیق کے لئے رہنمائی کرتے ہیں۔ بچے کی نشوونما کے مطالعے میں درپیش چند جدید مسائل درج ذیل ہیں۔

1- مسلسل یا غیر مسلسل

بچے کی نشوونما کے مطالعہ میں پریشان کن مسائل میں سے ایک یہ ہے کہ وقت کے ساتھ رونما ہونے والی تبدیلیوں کو کیسے بیان کیا جائے؟ کیا وہ کسی مسلسل عمل کا حصہ ہیں یا وہ غیر مسلسل مراحل کے دوران رونما ہوئی ہیں۔

بعض ماہرین کا خیال ہے کہ نشوونما ایک ہموار اور مسلسل عمل ہے جس میں سادہ علم، مہارتیں اور رویئے بتدریج پیچیدہ علم، مہارتوں اور رویوں میں ڈھل جاتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ نشوونما کا عمل ایک منظم اور ترتیب وار طریقے سے آگے بڑھتا ہے، جن میں گزشتہ صلاحیتوں کی بنیاد پر نئے اور پیچیدہ رویئے تشکیل پاتے ہیں۔

اس کے برعکس بعض دیگر ماہرین کا خیال ہے کہ نشوونما ایک غیر مسلسل عمل ہے، جس میں نئی مہارتیں اور رویئے اچانک اور غیر مسلسل طریقے سے ظاہر ہوتے ہیں۔ اس نظریے کے تحت نشوونما مختلف مرحلوں میں ہوتی ہے اور اس میں زیادہ تر علم، رویوں اور مہارتوں کو معیاری انداز میں از سر نو منظم کیا جاتا ہے۔ مسلسل یا غیر مسلسل عمل میں سے ایک کا انتخاب ہمارے نشوونما کے عمل کی تفہیم اور تشریح پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ترقیاتی نفسیات کے ماہرین

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



اقتصادی، ماحولیاتی عوامل اور سماجی روایات، ثقافت وغیرہ شامل ہیں۔ عمومی طور پر ان عوامل کو چار اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

بچے کی نشوونما کے عمومی اصول

(General Principles of Child Development)

1- حیاتیاتی عوامل

حیاتیاتی عوامل سے مراد وہ جینیاتی خصوصیات ہیں جو کسی شخص کو اس کے والدین سے ملتی ہیں۔ ان میں جنس کا تعین، عمومی، جسمانی اور ذہنی صحت اور موروثی خصوصیات شامل ہیں۔ لڑکے اور لڑکیاں مختلف طریقے سے نشوونما پاتے ہیں، اسی طرح پیدائش کے وقت کا وزن اور صحت کی حالت وقت کے ساتھ بچے کی نشوونما پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ماں کی عمر، صحت، تناؤ کی کیفیت، خوراک بھی ممکنہ طور پر نشوونما کو متاثر کرتی ہے۔

2- ماحولیاتی عوامل

ماحولیاتی عوامل مثلاً والدین کے مشاغل، غذا، گھربار، تعلیم، ثقافت، آمدنی، روزگار، صحت کی سہولیات وغیرہ بھی بچے کی نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ بچے محفوظ اور صحت مند ماحول میں پرورش پائیں تاکہ ان کی نشوونما پر مثبت اثرات مرتب ہوں۔

Elmas Ali

3- باہمی تعلقات

بچے کے سیکھنے اور اس کی بہبود کے لئے باہمی تعلقات بہت اہم ہیں، صحت مندانہ باہمی تعلقات میں بچے کے ساتھ وابستگی، والدین کے مثبت مشاغل اور ان کے بچے کے ساتھ تعلق اور معاون سوشل نیٹ ورک شامل ہیں۔

4- ابتدائی ماحول اور تجربات

شیر خوار بچے کو پرورش کرنے والے کی طرف سے فراہم کیا جانے والا ابتدائی ماحول سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ بچے اور اس کے پرورش کنندہ کے درمیان باہمی تعلق نشوونما کے لئے بنیادی درجے کا حامل ہے۔ بچے کی جسمانی، سماجی، جذباتی نشوونما، زبان اور ادراکی مہارتوں کے سیکھنے کا زیادہ دارومدار ابتدائی ماحول اور ان تجربات پر ہوتا ہے جو بچہ والدین اور دیگر بالغ افراد کے ساتھ باہمی تعلق کے دوران حاصل کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 6: نشوونما اور تعلیم کو بیان کریں۔ نیز جسمانی نشوونما اور اس کا اثر حرکی نشوونما پر کیا اثر پڑتا ہے؟ بیان کریں۔

جواب: نشوونما (Development) اور تعلیم (Education)

تعلیم اور نشوونما کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ نشوونما کے علم کے بغیر تعلیم کے عمل کا

تصور بھی ناممکن ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ تعلیم سے مراد صرف یہ نہیں کہ چند ایک معلومات طلباء کو دی جائیں یا ان کے ذہنوں پر مسلط کی جائیں بلکہ تعلیم کا مقصد بچوں کو معاشرے کا ایک اہم رکن بنانا ہے تاکہ وہ معاشرے کی تعمیر میں بھرپور حصہ ادا کر سکیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے بچوں کی طبعی عمر، ان کی جذباتی معاشرتی ضروریات اور سب سے بڑھ کر ان کی ذہنی نشوونما کا علم ضروری ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ پستالوزی اس بات پر زور دیتا ہے کہ بچوں کو درس دینے سے پہلے ان کی ذہنی صلاحیت کو جاننا ضروری ہے۔

جسمانی نشوونما سے مراد عمر کے مطابق جسم کے تمام اعضاء کا متوازن طریقہ سے بڑھنا ہے، اس میں قد، وزن، جسمانی ساخت کا بڑھنا شامل ہے۔ بقول ارسطو صحت مند جسم میں صحت مند دماغ ہوتا ہے کیونکہ تندرست آدمی ہر چیز میں دلچسپی لیتا ہے خواہ وہ نصابی سرگرمیاں ہوں یا ہم نصابی سرگرمیاں، اس کے برعکس بیمار آدمی ہر چیز میں عدم دلچسپی کا اظہار کرتا ہے، اسی لئے ماہرین تعلیم بچوں کی صحت کو بے حد اہمیت دیتے ہیں کیونکہ صحت مند بچہ پڑھائی میں دلچسپی لیتا ہے اور غیر صحت مند بچہ پڑھائی سے جی چراتا ہے خواہ معلم کتنا ہی مؤثر نفسیاتی طریقہ تدریس اپنائے۔ بچوں کو تندرست اور خوش و خرم رکھنے کیلئے نصاب میں وہ مضامین شامل کرنے چاہئیں جو بچوں کی صحت برقرار رکھنے میں معاون ہو سکیں مثلاً حفظان صحت، سائنس وغیرہ خواہ طریقہ تدریس نفسیاتی ہی کیوں نہ ہو ہم نصابی مشاغل جس میں کھیل کود اور مختلف تجاریب کا اہتمام وغیرہ شامل ہیں نصاب میں شامل کرنے کا مقصد بچوں کی متوازن شخصیت کی نشوونما کرنا ہے کیونکہ صحیح جسمانی نشوونما کے بغیر بچے کی شخصیت کی متوازن نشوونما نہیں ہو سکتی، اسی لئے تعلیم میں جسمانی نشوونما کی بے حد اہمیت ہے۔

1- نشوونما اور بچوں میں سیکھنے کی صلاحیت

یونانی حکماء کا خیال ہے کہ "تعلیم بچوں کی فطرت کے مطابق دی جائے" بچوں کی فطرت کا علم صرف اور صرف نشوونما کے مطالعے سے ہو سکتا ہے کہ بچہ ذہنی، جسمانی اور معاشرتی لحاظ سے تعلیمی اثرات قبول کرنے کے قابل ہے یا نہیں۔ پستالوزی نے سب سے پہلے اس بات پر زور دیا کہ معلم کو چاہئے کہ وہ درس دینے سے پہلے بچے کے ذہن کا مطالعہ کرے کہ آیا اس میں صلاحیت ہے یا نہیں۔

2- نشوونما اور انفرادی اختلاف:

نشوونما کا علم درس و تدریس میں انفرادی اختلاف کے جائزے کی ضرورت کو واضح کرتا ہے۔ استاد کو اگر اپنے طلبہ کی ذہنی سطح، ضروریات، دلچسپیوں اور رجحانات کا علم نہ ہو تو وہ طلبہ کو زیور تعلیم سے آراستہ نہیں کر سکتا۔ ایک معیاری درس گاہ جو بچوں کی ذہنی نشوونما انفرادی اختلافات کی تسکین اور تشفی کے لیے ضروری اقدامات کرے۔ طلباء کی ذہنی استعداد کے مطابق درجہ بندی کی جاتی ہے اور پھر ان کی ضروریات کے مطابق

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 9 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

تدریس کو مؤثر اور جامع بنانے کے لیے سرگرمیاں اپنائی جاتی ہیں، تاکہ ہر بچے کو اس کی ضرورت کے مطابق مخفی اور خوابیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع ملے۔ تمام طلبہ کو جن میں اعلیٰ، اوسط درجے کے اور کند ذہن بچے شامل ہوتے ہیں، کے لیے ایک ہی معیار کا طرز تدریس نہیں اپنایا جاتا۔ اس طریقے سے کوئی بچہ بھی استاد کے علم سے صحیح طور پر بہرہ ور نہیں ہو سکے گا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ بچوں کی بہتر تعلیمی رہنمائی کی خاطر طلباء کے انفرادی اختلافات کی طرف خصوصی توجہ دی جائے۔

3- نشوونما اور طریقہ ہائے تدریس:

کوئی بھی تدریسی سرگرمی اس وقت تک کارگر نہیں ہو سکتی جب تک کہ رہنما یا استاد بچوں کی دلچسپیوں، رجحانات، طبعی عمر اور ذہنی نشوونما کا علم نہ ہو۔ اگر ابتدائی جماعتوں میں تقریری طریقہ تدریس اختیار کیا جائے تو اس سے بچوں کی ذہنی بالیدگی پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ اسی طرح سے مشکل مضامین کو رٹوانے کا انداز تدریس بھی سود مند نہیں ہے، ہم پڑھاتے وقت طلبہ کے رجحانات اور تقاضوں کو جس قدر پیش نظر رکھیں گے طلبہ کے حق میں یہ اتنا ہی بہتر ہوگا۔ مثلاً ابتدائی جماعتوں میں مانٹیسوری یا ڈرامائی طریقہ تدریس کو اس لیے پسند کیا جاتا ہے کہ یہ تدریس بذریعہ کھیل ہے جو بچوں کے لیے دلچسپ اور ان کی ذہنی نشوونما کے مطابق ہے۔ زندگی کے اس مقام پر بچوں کے ذہنوں پر اگر ٹھوس اور مجرد تصورات مسلط کر دیے جائیں تو اس سے ان میں بوریت یا نفرت کا احساس پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔

4- نشوونما اور نصاب سازی:

نصاب سازی کے لیے ضروری ہے کہ وہ بچوں کی ذہنی نشوونما، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق ہو۔ ہمارے مدارس میں تاحال جماعتوں کے لیے ایسے ٹھوس اور تضع نصاب موجود ہیں جو بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی بجائے ان پر مہلک ضرب لگاتے ہیں۔ اگر کوئی نصاب غیر معیاری ہے تو اس کی وجہ ذہنی نشوونما کا عدم مطالعہ ہے اس لیے لازم ہے کہ مختلف عمر کے بچوں کے لیے نصاب کی تدوین کرتے وقت ان کے ذہنی، جذباتی اور معاشرتی تقاضوں کو پیش نظر رکھا جائے۔ تدریسی فعالیتوں کو بہتر بنانے کے لیے حسب حال نصاب کی ترتیب ایک ایسا مسئلہ ہے جو ہمارے مسلسل مشاہدات، تحقیقات اور تجربات کا تقاضا کرتا ہے۔

5- نشوونما اور شخصیت کی تعمیر:

تعلیم کا مقصد بچے کی شخصیت کی متوازن نشوونما اور اس کی اندرونی خوابیدہ اور مخفی صلاحیتوں کو احسن طریق سے اجاگر کرنا ہے۔ مفکرین نفسیات کے نزدیک تعلیم کا بنیادی مقصد شخصیت کی تعمیر ہے اور ایسی تعلیم جو بچوں کی شخصیت کی نشوونما نہ کرے اس سے بچوں کا محروم رہنا ہی بہتر ہے، لیکن شخصیت کوئی بھی بنائی چیز نہیں اور نہ ہی

اس کا انحصار صرف اچھے جسم اور خوب صورت خدوخال پر ہے بلکہ ایک متوازن شخصیت وہ شخصیت ہے، جس کے جسمانی، ذہنی، جذباتی، معاشرتی اور اخلاقی پہلوؤں کے درمیان تنظیم، یک جہتی اور اتحاد ہوتا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے مناسب ماحول اور تعلیم و تربیت کا اہتمام ضروری ہے اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک رہنما بچوں کی نشوونما کے مختلف مدارج سے آشنا نہ ہو۔

6- نشوونما اور ذہنی آزمائشوں کی تشکیل:

ذہنی نشوونما کے علم کے بغیر ہم مختلف عمر کے بچوں کے لیے ان کی ضروریات اور تقاضوں کے مطابق ذہنی آزمائشیں مرتب نہیں کر سکتے۔ ذہنی آزمائشوں کی مدد سے ہمیں بچوں کی ذہنی استعداد اور نشوونما کے مدارج کا علم ہوتا ہے، جس کی بنا پر ہم جماعت بندی کرتے ہیں تاکہ مختلف طلبہ کو ان کی ضرورت کے مطابق تعلیمی سہولت سے فیض یاب کیا جا سکے۔ یاد رہے کہ تمام طلبہ کو ایک ہی طریقے سے تعلیم دینا قرین مصلحت نہیں اس سے کوئی بھی استفادہ نہیں کر سکتا۔ اس لیے اہم بات یہ ہے کہ بچوں کی ذہانت کے پیش نظر ان کے لیے ذہنی آزمائشیں تیار کی جائیں اور بچوں کے لیے ذہنی آزمائشوں کی تشکیل میں بچوں کی ذہنی نشوونما کا لحاظ رکھا جانا حد ضروری ہے۔ ذہنی آزمائشیں نہ صرف بچوں کی ذہنی سطح سے بہت زیادہ بلند ہوں اور نہ بہت زیادہ نیچے۔ ورنہ ان کے تعلم کی پیمائش کا مقصد پورا نہیں ہو سکے گا۔

7- جسمانی نشوونما اور حرکی نشوونما:

بلوغت میں بڑھوتری کی شرح مختلف ہوتی ہے، بعض اوقات یہ تبدیلی آہستہ آہستہ ہوتی ہے جبکہ بعض اوقات بڑی تیزی کیساتھ ہوتی ہے، یہاں تک بعض اوقات لڑکے یا لڑکی کی حیثیت سے سونے والا فرد صبح اٹھتے ہی بالغ ہو چکا ہوتا ہے۔ اس عمر میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں دیکھنے میں آتی ہیں۔

1- ڈھانچے میں بڑھوتری (Skeletal Growth):

الف: اس عمر میں لڑکیاں لڑکوں سے دو سال آگے ہوتی ہیں۔

ب: استخوانی بڑھوتری جنسی پختگی کیساتھ مکمل ہوتی ہے۔

ج: چہرے اور جسم کے بالغانہ نشیب و فراز ظاہر ہوتے ہیں۔

2- دانتوں کی بڑھوتری (Dentition):

الف: بعض افراد اس دور کے اختتام پر عقل داڑھ نکالتے ہیں۔

ب: دانتوں کی بناوٹ جاری رہنا بچوں کی بنیادی ضرورت ہوتی ہے۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

3- عضلاتی نمو: (Muscular Development):

الف: عضلات کے درمیان باہمی تعاون میں بہتری آتی ہے

ب: لڑکیوں کے عضلات نرم و گداز ہی رہتے ہیں جبکہ لڑکوں کے سخت ہو جاتے ہیں

ج: انداز نشست و برخاست میں جمال نظر آنے لگتا ہے

4- عضویاتی نشوونما: (Organic development):

الف: دل کا حجم بڑھ جاتا ہے

ب: بیشتر افراد اس عمر میں بلوغت کا دور مکمل کرتے ہیں۔

5- قد اور وزن میں اضافہ (Growth in height and weight):

بچے کی بالیدگی کے مطالعہ کے دوران ایک بڑے گروپ میں شامل بچوں کے قد، وزن اور [illegible] کیلئے بیشتر تحقیقات کراس سیکشنل طریقے سے کی گئی ہیں، یہ طریقہ بڑے گروپ میں شامل بچوں کی پیمائشوں کیلئے استعمال ہوتا ہے، اس طرح سے حاصل ہونے والے ڈیٹا کے ذریعے نشوونما کے مختلف عوامل کے زیر اثر بچے کی بڑھوتری کا نمائندہ خط تشکیل دیا جا سکتا ہے، اس ڈیٹا کی مدد سے ہمیں اوسط قد و وزن اور قد و وزن میں اوسط اضافہ حاصل ہو جاتا ہے۔ یہ اوسط مقداریں معمولات کو ظاہر کرتی ہیں، جس سے موازنہ آسان ہو جاتا ہے۔

ایک معروف سائیکالوجسٹ لڑکی کی بلوغت کے بارے میں لکھتا ہے کہ نوجوان لڑکی میں ہونیوالی تبدیلیاں جسے وہ اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرنے کیلئے اختیار کر رہی ہوتی ہے قدرتی عمل ہے مثلاً اس عمر میں لڑکیاں بڑوں کی طرح کا لباس پہنتی ہیں، ان کی آواز کی ادائیگی اونچے سر میں ہوتی ہے، بناوٹی اور کھسیانی ہنسی، جذباتی عدم توازن، بدلتے مزاج، سرکشی کرنا، عمر اور تجربے کا لحاظ نہ رکھنا، دلیری، ڈھٹائی، ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی عام طور پر اس عمر کا خاصہ ہوتی ہے۔ ایسے والدین جو کہ زبردستی اور بزور قوت لڑکیوں کو ایسی حرکات سے روکنے کی کوشش کرتے ہیں، اور اپنی مرضی تھوپنے کیلئے جھاڑ پلانے کی روش اختیار کرتے ہیں وہ صرف اپنی نااہلی کو ظاہر کرتے ہیں۔

کسی فرد کا بچپن سے پختگی تک کا دور زندگی کے تیسرے حصے پر مشتمل ہوتا ہے، بچے کی نشوونما کے بارے میں جینیاتی مطالعہ جسمانی بڑھوتری کی نوعیت اور حرکی نشوونما کے بارے میں قابل قدر معلومات فراہم کرتا ہے، مختلف عمروں میں بچے کی جسمانی بڑھوتری، قوت اور حرکی نشوونما کو معروضی انداز میں ماپا جا سکتا ہے۔

حرکی نشوونما (Motor Development)

بچے کی حرکی نشوونما سے مراد پٹھوں کی مضبوطی اور بازوؤں، ٹانگوں اور جسم کے دیگر عضلات کے درمیان ربط اور

رفتار پر کنٹرول حاصل کرنا ہوتا ہے۔ یہ امور بچے کی مجموعی نشوونما میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بچہ اپنے تجسس کو کھوجنے کیلئے جو تجربات کرتا ہے وہ اس کے حرکی افعال کا ہی نتیجہ ہوتے ہیں۔ اسی طرح حرکی رویئے ہی بچے کے معاشرے کے دیگر افراد کے ساتھ تعلقات اور رابطوں کا ذریعہ ہوتے ہیں، حرکی نشوونما بچے کی جذباتی رویوں پر بھی اثر ڈالتی ہے، عموماً بچے کی طاقت، رفتار، ربط اور مہارت کو اس کے کسی فعل کو کرنے میں کامیابی اور ناکامی سے جانچا جاتا ہے۔

Elmas Ali

جسم کے عمومی کنٹرول میں نشوونما:

بچہ جب ہاتھوں سے چیزیں پکڑنا شروع کرتا ہے، کھڑا ہوتا ہے یا چلنے کا آغاز کرتا ہے یہ سب نشوونما کے مختلف مراحل کا پتہ دیتے ہیں، صرف چلنے کی صلاحیت ہی حاصل کر لینا بچے کی حرکی نشوونما کا بڑا حصہ ہوتا ہے [illegible] کے ساتھ ساتھ مشق اور تجربے کی بنیاد پر بچے کا توازن زیادہ بہتر ہوتا جاتا ہے اور زیادہ ہموار انداز [illegible] چلنے لگتا ہے، اس کے بعد دوڑنے کا مرحلہ آتا ہے۔ اسی طرح چڑھنا ڈھلوان سطح سے اترنا، کودنا، رسہ پھلانگنا جیسے افعال مزید مشق [illegible] پختگی سے انجام دیئے جاتے ہیں۔ دو سے سات سال کی عمر کے دو ہزار بچوں پر کی گئی تحقیق یہ بتاتی [illegible] آدھے بچوں نے تین سال کی عمر میں ہی سیڑھیوں اور کم جھکے تختوں پر چڑھنے کی صلاحیت [illegible] عمر [illegible] چڑھنے کی صلاحیت میں متواتر اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ جب سب ان امور میں مہارت حاصل کر [illegible] میں کوئی فرق نظر نہیں آتا۔ ایک پاؤں پر کودنا، رسہ پھلانگنا عموماً بچے قبل از سکول میں سیکھ لیتے ہیں [illegible] ان مہارتوں کی مشق کرنے کا موقع فراہم کرنا چاہیے۔

2- حرکی صلاحیتوں میں بالیدگی:

جوں جوں جسم نشوونما حاصل کرتا ہے نئی حرکی آموزش [illegible] ہوتی جاتی ہے۔ حجم اور وزن کے بڑھنے کے ساتھ لڑکے اور لڑکی کو توازن برقرار رکھنے کیلئے نئے انداز میں خود کو [illegible] پڑتا ہے، عام طور پر حرکی ربط اور توازن میں نمو کا عمل جسمانی نشوونما کی رفتار کا ساتھ نہیں دے [illegible] ل کی لڑکی کی ٹانگیں اور بازو اپنی مطلوبہ لمبائی کو پہنچ جاتے ہیں تو وہ ان پر مکمل کنٹرول حاصل کر [illegible] میں فوری طور پر کامیاب نہیں ہو پاتی اس لئے برتن ٹوٹنے کے واقعات ہوتے ہیں [illegible] پھوہڑپن سے تعبیر کر دیا [illegible] یہ بچی کا اپنے اعضاء پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کی تربیت کا مرحلہ ہوتا ہے۔ مشاہدہ میں آیا ہے کہ [illegible] حرکی صلاحیتیں [illegible] ساتھ ودیعت ہوتی ہیں، جبکہ بعض خاص حرکی مہارتیں ایسی ہوتی ہیں جن پر عبور مشق کے بغیر نہیں حاصل [illegible]۔

3- جسمانی بالیدگی اور حرکی کارکردگی:

فرسٹ گریڈ ٹیچر عام طور پر بچے کی مجموعی حرکی کارکردگی پر خصوصی دھیان دیتا ہے، سکول کے ابتدائی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

سالوں میں بچوں کی رہنمائی کیلئے ان کی جسمانی نشوونما کے ساتھ مجموعی حرکی نشوونما کا علم کارآمد ہوتا ہے۔

سیلز (Seals) کی پیش کردہ رپورٹ میں پرائمری سکول کے بچوں کے حوالے سے جسمانی بالیدگی اور پختگی کے درمیان تعلق کو بیان کیا گیا اور مجموعی حرکی سرگرمیوں میں بچوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا، اس رپورٹ سے حاصل ہونے والے ڈیٹا سے پتہ چلتا ہے کہ ہر گریڈ کی سطح پر لڑکے اور لڑکیوں دونوں کی حرکی سرگرمیوں میں بہتری آئی ہے۔ البتہ مجموعی حرکی کارکردگی کا عمر، قد اور وزن کیساتھ تعلق کم سطح کا پایا گیا۔ ا مجموعی حرکی کارکردگی اور پختگی کے معیار میں مثبت تعلق دیکھنے کو ملا۔

لیکھا (Lachtaw) نے بھی مخصوص مہارتوں کو چنا، ڈ کرتے ہوئے چوتھے، پانچویں گر کے بچوں کی حرکی سرگرمیوں کا جائزہ لیا، ان حرکی مہارتوں میں دوڑنا، کودنا، پھینکنا، پکڑنا، مارنا اور ٹھوکر مارنا شامل تھا، ان مہارتوں کی جانچ کیلئے تیار کردہ ٹیسٹ 67 لڑکے لڑکیوں کے سامنے پیش کیا گیا، اس تحقیق سے حاصل ہونے والے نتائج نے بھی سیلز (Seils) کے نظریے کی تصدیق کی۔ البتہ ان ٹیسٹ میں عمر، وزن، قد اور کارکردگی کے مابین کے درمیان تعلق درمیانے درجے کا پایا گیا، کارکردگی کے حوالے سے عمر کے مقابلے میں وزن اور قد کا اثر کم ہوتا ہے۔

4- پختگی بمقابلہ مشق:

شواہد بتاتے ہیں کہ عام مہارتیں عموماً پختگی اور عمومی مشق کا نتیجہ ہوتی ہیں جبکہ پیچیدہ مہارتوں کو سیکھنے کیلئے تربیت درکار ہوتی ہے، میٹسن (Mattson) نے جب بھول بھلیوں (Maze) کے حوالے سے تربیت یافتہ اور غیر تربیت یافتہ گروپ کے درمیان مقابلہ کرایا تو سادہ بھول بھلیوں میں دونوں گروپس کے درمیان کم فرق نظر آیا جبکہ مشکل ترین بھول بھلیوں میں فرق نمایاں تھا۔ تربیت یافتہ گروپ کی کارکردگی کافی بہتر پائی گئی۔

5- حرکی نشوونما کے عوامل کا باہمی تعلق:

بچپن سے پختگی تک حرکی افعال میں کامیابی کے پیچھے مختلف عوامل یا قابلیتوں کا عمل دخل ہوتا ہے، ان عوامل میں حجم، طاقت، رفتار، جسمانی اور باہمی حرکی تعاون شامل ہیں، بعض عوامل ایسے بھی ہیں جنہیں براہ راست نہیں دیکھا جا سکتا لیکن ان کا حرکی افعال میں فرد کی کارکردگی میں بڑا اہم کردار ہوتا ہے ان عوامل میں فرد کی دلچسپی، خود اعتمادی، پہلا قدم اٹھانا، بے خوفی اور حوصلہ وغیرہ شامل ہیں۔

بچے کی بالیدگی اور نشوونما کا مطالعہ کرنے والے طالبعلم کو اکثر یہ مسئلہ درپیش ہوتا ہے کہ حرکی صلاحیت اپنی نوعیت میں عام شے ہے یا خاص، یہ اس مسئلے کو مختلف قسم کی سرگرمیوں کا مطالعہ کر کے حل کیا گیا ہے۔ تحقیق بتاتی

ہے کہ بچے بعض اوقات ایک حرکی سرگرمی میں مکمل ماہر ہوتے ہیں لیکن اس جیسی دوسری حرکی سرگرمی میں ان کی کارکردگی کافی خراب ہوتی ہے۔

6- جلد اور دیر سے سیکھنے والوں میں فرق:

حرکی مہارتیں سیکھتے ہوئے سوال اٹھتا ہے کہ کیا کوئی جسمانی یا حرکی خوبی ایسی ہے جس کی بنیاد پر بعض افراد ایک ہی حرکی مہارت دوسروں کی نسبت جلد سیکھ جاتے ہیں، اس سوال کا جواب تلاش کرنے کیلئے جین سمتھ (Jean Smith) نے 100 لڑکے اور لڑکیوں پر تحقیق کی ان افراد میں 6 سے 9 سال کے بچیاں اور بچے شامل تھے۔ سب نے بغیر کسی انفرادی رہنمائی کے حرکی مہارتوں کو سیکھنے کیلئے مشق کی، ہر بچے کا الگ الگ ٹیسٹ بھی لیا گیا جس میں حرکی صلاحیت و قابلیت، سیکھنے کی قوت، توازن کا حصول، رفتار، لچک، طاقت وغیرہ کا جائزہ لیا گیا، بالآخر تجزیہ سے پتہ چلا کہ بعض جسمانی اور حرکی معیار ایسے تھے جس کی بنیاد پر بعض نے حرکی مہارتیں دوسروں کی نسبت آسانی سیکھ لیں ساتھ کی پکڑ مضبوط ہونے کا لڑکوں کو فائدہ پہنچا اور وہ لڑکیوں کی نسبت توازن قائم کرنے کیلئے چھڑی (Balance beam) کا بہتر استعمال کر سکے۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

3- جینیاتی وراثت

برک (Berk) کے مطابق کروموسوم پروٹینز کے سلسلے پر مشتمل ہوتے ہیں جنہیں ڈی آکسی رائبونیوکلک ایسڈ یعنی DNA کہتے ہیں۔ ڈی این اے میں مائی ٹوسس عمل کے ذریعے خود کو دوگنا کرنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ یہ خصوصیت کروموسوم کو اپنی نقل تیار کرنے اور نئے خلیے پیدا کرنے کے قابل بناتی ہے یہ نئے خلیے جینیاتی معلومات کا یکساں نقشہ رکھتے ہیں۔ ہر ڈی این اے میں ہزاروں جینز ہوتے ہیں جو وراثت کی منتقلی کی بنیادی اکائی ہے۔ یہ جینز ماحولیاتی اشارے یا دیگر جینز کے ردعمل میں پروٹینز کی پیداوار شروع کرتے ہیں۔ ہماری جسمانی خصوصیات کی حیاتیاتی بنیاد انہی پروٹینز میں ہوتی ہے۔

جیسا کہ کروموسوم جوڑوں کی شکل میں ہوتے ہیں، ایک کروموسوم پر پایا جانے والے جین کا متبادل یا جوڑا [illegible] موسوم پر موجود ہوتا ہے، یہ متبادل جین ایلیل (allele) کہلاتا ہے، ایلیل کے درمیان یہ تعلق ان [illegible] کا بنیادی پر غالب یا مغلوب کی شکل میں ہوتا ہے۔ والدین کے جینز کے ایلیل بچے کی خصوصیات کا تعین کرتے ہیں۔ مثلاً [illegible] طور پر جین آنکھوں کا رنگ متعین کرتا ہے اس میں دو مختلف رنگوں کے ایلیل ہو سکتے ہیں تاہم ان سے جو [illegible] ہوگا [illegible] رنگ بچے کی آنکھوں کا ہوگا۔

برک (Berk) کے مطابق جینز کے کسی پیشین یا ترکیب سے بچے کی بعض خصوصیات جنم لیتی ہیں۔ جینز میں بعض نقصان دہ خصوصیات مغلوب حیثیت میں موجود ہوتی ہیں جس کی وجہ سے ان کی اگلی نسل کو منتقلی کا امکان کم ہو جاتا ہے، اگر والدین میں سے دونوں کی نقصان دہ خاصیت کے مغلوب ایلیل کے حامل ہوں تو بچے میں اس کی منتقلی کا امکان بڑھ جاتا ہے تاہم ان میں سے بیشتر علاج ممکن ہوتے ہیں جبکہ معاون ماحول بچے کے نارمل زندگی گزارنے میں مددگار رہتا ہے۔

4- جینز اور ماحول کے نشوونما پر اثرات

کیتان اور ایونز (Keenan & Evans) کے مطابق جدید [illegible] کا خیال ہے کہ جینز (فطرت) اور ماحول (تربیت) باہم مل کر بچے کی نشوونما [illegible] دیتے ہیں، یہ ایک دوسرے پر [illegible] انداز [illegible] دوسرے کا اثر قبول کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر بچے کو ابتدائی ماحول [illegible] کے والدین فراہم کرتے ہیں جو [illegible] اوقات ان کی جینیاتی خاصیتوں کو آگے بڑھاتا ہے جیسے پینٹنگ، فٹبال کھیلنا، [illegible]۔ اسی طرح سماجی طور پر [illegible] بچہ دوسرے لوگوں کی مثبت توجہ اپنی جانب کھینچتا ہے اس عمل میں اس کے جینیاتی رجحان کو تقویت ملتی ہے۔ مزید برآں بچے کا

باب 2

جسمانی نشوونما
Physical Development

سوال 1- جسمانی نشوونما سے کیا مراد ہے، جینیات کی مبادیات کیا ہیں، جینز اور ماحول نشوونما پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں؟

جواب 1- **جسمانی نشوونما سے مراد**

بچوں کی نشوونما کے مطالعہ میں جسمانی نشوونما ایک اہم مضمون ہے جس میں ان طریقوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے جن میں مجموعی طور پر جسم کا ڈھانچہ یعنی دماغ، اعصابی نظام، عضلات، اعضاء، حواس اور جسمانی ضرورتیں (بھوک، پیاس) کسی شخص کے رویے اور نشوونما میں اضافہ ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر نشوونما کی نفسیات کے ماہر کی دلچسپی یہ جاننے میں ہوتی ہے کہ ناقص غذا کیسے بچے کی جسمانی نشوونما کو متاثر کرتی ہے۔

جسمانی نشوونما صرف حیاتیاتی اور بالغانہ تبدیلیوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہوتی بلکہ ماحولیاتی پس منظر بھی اہم خیال کیا جاتا ہے مثلاً غذائیت، کھیل کے مواقع، ثقافتی سرگرمیاں بھی اس ضمن میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

2- جینیات کی مبادیات

انسانی جسم کھربوں کی تعداد میں انتہائی چھوٹے اجزا جنہیں خلیہ یا سیل کہتے ہیں سے تشکیل پاتا ہے۔ ہر خلیہ کا ایک مرکزی کنٹرول یا مرکزہ ہوتا ہے جسے نیوکلیس کہتے ہیں، نیوکلیس میں دھاگے کی شکل کے کروموسوم ہوتے ہیں۔ یہ کروموسوم جوڑوں کی شکل میں ہوتے ہیں، ان کی کل تعداد 46 ہوتی ہے جن میں 23 باپ اور 23 ماں کی طرف سے ہوتے ہیں۔ کروموسوم قد، جسامت اور والدین کی طرف سے ورثے میں ملنے والی دیگر جینیاتی خصوصیات کی مکمل معلومات کا ذخیرہ ہوتے ہیں، مجموعی طور پر وہ جینیاتی معلومات کو ذخیرہ کرنے اور اسے

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

جینیاتی میلان اسے موافق ماحول تلاش کرنے پر زور دیتا ہے، مثلاً موسیقی کے ٹیلنٹ کا حامل بچہ کسی میوزک کلب کو جوائن کرنے کا رجحان رکھے گا۔

دوسری طرف ماحول جینیاتی عوامل پر نقصان دہ اثر بھی ڈال سکتا ہے، مثلاً بعض کروماسومیات جیسے اوراکی یا قوتی صلاحیتیں وغیرہ معاون یا غیر معاون ماحول میں ڈرامائی انداز میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ ماحول کی وجہ سے مختلف بچے مختلف طریقے سے ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔

جینز اور ماحول کے اثرات ہر فرد پر مختلف ہوتے ہیں جو متعدد عوامل کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ایک رہنمائی کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جڑواں بچے ایک جیسے ماحول میں پرورش پانے کے باوجود ایک دوسرے سے مختلف خصائل اختیار کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 2- ماقبل ولادت نشوونما کیا ہوتی ہے؟ بچے کو پیدائش سے قبل کن ماحولیاتی خطرات کا سامنا ہوتا ہے؟

جواب:

پیدائش سے پہلے زندگی یعنی ماقبل ولادت نشوونما (Prenatal Development)

1- ماقبل ولادت نشوونما کا دورانیہ

پیدائش سے پہلے کی زندگی استقرار حمل سے لے کر وضع حمل تک ہوتی ہے، اس عرصہ کے دوران ہونے والی نشوونما کو ماقبل ولادت نشوونما کہتے ہیں۔ یہ دورانیہ بعد میں آنے والی زندگی میں بچے کی بہبود پر گہرے اثرات ڈالتا ہے۔ کیٹان اور ایونز (Keenan&Evans) کے مطابق ماقبل ولادت نشوونما کا عرصہ عموماً نو ماہ پر مشتمل ہوتا ہے جسے تین درجات زائیگوٹ (zygote)، ایمبریو (embryo) اور فیٹس (fetus) میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

زائیگوٹ کی مدت پہلے دو ہفتوں میں ختم ہو جاتی ہے، اس عرصہ میں خلیے تیزی سے بڑھتے ہیں، ایمبریو کا آغاز تیسرے ہفتے سے ہوتا ہے اور حمل کے دوسرے ماہ کے آخر تک جاری رہتا ہے۔ اس عرصہ میں بڑی تیزی سے تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں اور مختلف اعضاء، ڈھانچے اور جسمانی نظام کی نشوونما کے لئے بنیاد پڑ جاتی ہے۔ فیٹس کا عرصہ سب سے طویل ہوتا ہے اور یہ نویں ہفتے سے لے کر پیدائش تک جاری رہتا ہے، اس عرصہ میں جسم کی تکمیل ہوتی ہے خصوصاً دماغ کی نشوونما عروج پر ہوتی ہے۔ اگرچہ ماں کے پیٹ میں موجود بچے کا بیرونی دنیا سے رابطہ بہت کم ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود متعدد ماحولیاتی عوامل ماقبل ولادت نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

2- ماحولیاتی خطرات (Environmental Risks- Teratogens)

برک (Berk) کے مطابق کوئی بھی ماحولیاتی عامل جو پیٹ میں فیٹس یا جنین کی نشوونما کو نقصان پہنچا سکتا ہو کو "ٹیراٹوجین" (teratogen) کہتے ہیں۔ ٹیراٹوجنز کے کئی عوامل ہوتے ہیں جو شدت میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ کیٹان اور ایونز (Keenan&Evans) کے مطابق ٹیراٹوجنز کے نقصانات کا انحصار مختلف عوامل پر ہوتا ہے، مثلاً نقصان دہ عامل کا سامنا کرنے کی طوالت اور مقدار، ماں اور جنین دونوں کی جینیاتی ساخت اور عمر اور ماحول کے دیگر منفی اثرات وغیرہ۔ ٹیراٹوجنز کے ممکنہ نقصانات میں نہ صرف جسمانی و دماغی نقصان بلکہ نشوونما میں تاخیر حتیٰ کہ موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔

سب سے زیادہ موثر ٹیراٹوجنز میں دوران حمل ادویات اور منشیات کا استعمال شامل ہے۔ اسپرین، ولین، ... استعمال ایمبریو یا جنین کے لئے بڑا خطرہ ہوتا ہے جس کے نتیجے میں جسمانی و دماغی معذوری، ... پیدائش کے وقت بچے کی موت واقع ہو سکتی ہے۔

... حمل ... ف سے تمباکو، الکحل اور کیفین کا استعمال بھی ٹیراٹوجنز میں شامل ہے جس کی وجہ سے بچوں میں قبل از وقت پیدائش، کم وزن اور جسمانی نقائص کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ برک (Berk) کے مطابق ماں کی صحت، امراض، عمر، جذباتی تناؤ بھی دوران حمل پیچیدگیاں پیدا کرتا ہے جن کے بچے پر طویل المیعاد اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ... ماحولیاتی آلودگی، تابکاری اور زہریلے مواد سے بھی جنین کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ لہٰذا بچے کی حفاظت یقینی بنانے کے لئے ضروری ہے کہ والدین ٹیراٹوجنز کا سامنا کرنے سے بچیں۔

Elmas Ali ☆☆

سوال 3- بچپن میں جسمانی نشوونما کے عمل میں کون سی حیاتیاتی ... یاں اور ماحولیاتی عوامل کون سے ہیں؟

جواب:

بچوں میں جسمانی نشوونما

بچوں میں جسمانی نشوونما بہت اہم ہوتی ہے۔ یہ کہ یہ انہیں اپنے اردگرد دنیا کے ساتھ ... کیلئے مطلوبہ مہارتیں فراہم کرتی ہے۔ ذیل میں جسمانی نشوونما کے ... واضح کرنے کے علاوہ ... ولیاتی عوامل بھی زیر بحث لائے گئے ہیں جو بچوں کی جسمانی نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

جسمانی نشوونما کے مراحل

بچوں کی نشوونما کا سلسلہ پیدائش سے شروع ہوتا ہے اور بلوغت تک جاری رہتا ہے۔ نشوونما کا مطلب وہ تمام تغیرات ہیں جو کسی فرد میں اس عرصہ کے دوران میں رونما ہوتے رہتے ہیں۔ یعنی نشوونما ان تمام جسمانی، ذہنی، معاشرتی اور جذباتی تبدیلیوں کا باضابطہ مطالعہ ہے جو بچوں میں تجربوں، حادثوں، تعلیم و تربیت وغیرہ کے نتیجہ کے طور پر رونما ہوتے رہتے ہیں۔ بچوں کا تخیل، کردار اور شخصیت ان تبدیلیوں سے مختلف طریقوں سے متاثر ہوتا رہتا ہے۔ والدین اور معلمین کیلئے ان سب تبدیلیوں کا علم مفید بھی ہے اور ضروری بھی۔

جسمانی نشوونما کے اقدامات یا دورانیے میں جسامت، تناسب، عضلات اور ڈھانچے میں تبدیلی شامل ہیں، اس کے علاوہ اعصاب کی حرکی سرگرمی کی مہارتوں (motor skills) میں بہتری بھی شامل ہے۔ جسمانی نشوونما کے مراحل درج ذیل ہیں۔

Elmas Ali

1- جسمانی حجم میں تبدیلی

جسمانی حجم میں زیادہ تیزی کے ساتھ تبدیلیاں شیر خوارگی میں نظر آتی ہے ان میں بچے کے قد اور وزن میں تیزی سے اضافہ شامل ہے۔ بعد ازاں ابتدائی اور وسطی بچپن میں بڑھوتری کی شرح قدرے آہستہ مگر مستقل ہو جاتی ہے۔ ابتدائی بلوغت میں ایک مرتبہ پھر تیز رفتار بڑھوتری آتی ہے مگر بلوغت کی بڑھوتری مکمل ہونے کے ساتھ ہی اس میں کمی آنے لگتی ہے۔

2- جسمانی تناسب میں تبدیلی

جسم کے بڑھنے کے ساتھ اس کے اعضاء مختلف شرح اور مختلف انداز سے بڑھتے ہیں۔ بچے کی بڑھوتری کے پہلے رجحان میں "سر سے پاؤں" تک کا پیٹرن شامل ہے۔ مثال کے طور پر بچہ چلنے سے پہلے اپنا سر سنبھالنا سیکھتا ہے۔ دوسرا پیٹرن "اندر سے باہر" کا ہے جس میں بچے کے دھڑ کے عضلات اس کے ہاتھ اور پاؤں کے عضلات سے پہلے مضبوطی اختیار کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ "عام سے خاص" اور "بڑے سے چھوٹے" کے پیٹرن کے تحت بھی جسم نشوونما پاتا ہے۔

3- عضلات اور چربی کے تناسب میں تبدیلی

جسمانی نشوونما کے عمل میں عضلات اور چربی کا تناسب بھی تبدیل ہوتا ہے۔ شیر خوارگی کے دور میں بچے کی چربی میں اضافہ تیز شرح سے ہوتا ہے تاکہ بچے کا درجہ حرارت مناسب حد تک برقرار

رہے۔ ابتدائی اور درمیانی بچپن میں چربی میں اضافے کی شرح کم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح شیر خوارگی اور بچپن میں عضلات کی مضبوطی بہت کم شرح سے ہوتی ہے جبکہ بلوغت کے دور میں عضلات تیزی سے مضبوط ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

4- ڈھانچے کی بڑھوتری

ایک ہی عمر کے بچے مختلف رفتار کے ساتھ بڑھتے اور بلوغت اختیار کرتے ہیں۔ جسمانی نشوونما میں اس فرق کی وجہ بیان کرنا کافی مشکل ہو جاتا ہے۔ جسمانی پختگی کا اندازہ ڈھانچے کی بڑھوتری اور عمر سے لگایا جاتا ہے جو کہ ہڈیوں کے بڑھنے کے معیار سے مخصوص ہوتی ہے۔

5- حرکی مہارتوں میں تبدیلیاں (Changes in gross and fine motor skills)

حرکی مہارتوں یا موٹر سکلز سے مراد عضلات یا پٹھوں کی حرکات اور افعال ہیں۔ حرکی مہارتیں دو طرح کی ہوتی ہیں گراس اور فائن موٹر سکلز۔ گراس حرکی مہارتوں میں جسم کے بڑے اعضا جسے بازوؤں اور ٹانگوں کی حرکت شامل ہے رینگنا، چلنا، دوڑنا، کودنا، اچھلنا وغیرہ اس کے افعال ہیں۔ گراس حرکی مہارتوں کیلئے جسامت، تناسب اور عضلات کی [illegible] قابل [illegible] اضافہ ہوتا ہے۔

فائن [illegible] میں [illegible]، ہاتھ، انگلیوں، پاؤں، انگوٹھوں کی حرکات شامل ہیں، ان میں عضلات کا ٹھیک کنٹرول اور اعضا میں [illegible] حرکات درکار ہوتی ہیں تاکہ لکھنے، پکڑنے، قینچی سے کوئی چیز کاٹنے اور تصویر بنانے جیسے افعال سرانجام دیئے جا سکیں۔ [illegible] اور تجربے کے ساتھ بچے دماغ اور جسمانی حرکات کے باہم تعامل سے فائن موٹر سکلز سیکھ جاتے ہیں۔

6- جسمانی نشوونما میں ماحولیاتی عوامل کا کردار

برک (Berk) کے مطابق جسمانی بڑھوتری اور نشوونما کا انحصار حیاتیاتی اور ماحولیاتی دونوں قسم کے عوامل پر ہے۔ حیاتیاتی ساخت اور بازو [illegible] کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی [illegible] اور [illegible] سرگرمیاں وغیرہ بھی جسمانی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ جسمانی بڑھوتری کا کافی حد تک انحصار اچھی [illegible] کھیل اور جسمانی سرگرمیوں میں شرکت کے مواقع پر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اضطراب، خوف اور [illegible] محرومیاں بھی جسمانی نشوونما میں خلل پیدا کرتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 15 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سوال 4۔ سیکھنے کے عمل سے گزرنے والے بچوں کی جسمانی خصوصیات اور ضرورتیں کون سی ہوتی ہیں؟

جواب: سکول کے طلبہ کی جسمانی خصوصیات

طلبہ کی جسمانی خصوصیات کا دھیان رکھنا ضروری ہے کیونکہ ان کی جسمانی ضرورتیں سیکھنے اور سکھانے کے ماحول پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ کسی سکول کے ایک تعلیمی گروپ کے بچے اگرچہ ایک جیسی عمر اور ملتے جلتے رہن سہن کی وجہ سے ایک جیسی جسمانی خصوصیات رکھتے ہیں تاہم ان کی جنس اور گزشتہ تجربات کی بنا پر ان کی نشوونما کے انداز اور بعض جسمانی خصوصیات مختلف ہو سکتی ہیں۔

1- بچوں کو حرکت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے

ابتدائی سکول کی سطح پر بچوں کو اپنے اجسام کو حرکت کرنے کی جبلی ضرورت ہوتی ہے، ایک جگہ [illegible] ساکن بیٹھنا ان کے لئے بہت مشکل ہوتا ہے خواہ ان کا کام ایک جگہ بیٹھنے کا ہی کیوں نہ ہو۔

2- آنکھ اور ہاتھ کی حرکات میں بہتر ربط

آنکھوں اور ہاتھوں کی حرکات میں بہتر ربط جسے بصری، حرکی ہم آہنگی کی مہارتیں کہا جاتا ہے شیر خوارگی کے دور میں ہی نشوونما پانا شروع کر دیتی ہیں۔ اگرچہ ابتدا میں یہ ہم آہنگی بہتر نہیں ہوتی تاہم سکول جانے سے پہلے کی عمر سے لے کر درمیانی بچپن تک اس میں بہتری آتی رہتی ہے۔

Elmas Ali

3- بہتر جسمانی حرکات

توازن اور اعضا کی حرکات میں ربط بنیادی جسمانی خصوصیات ہیں جو بچے کو کوئی کام کرتے ہوئے اپنی جسمانی پوزیشن پر کنٹرول کے قابل بناتی ہیں۔ ابتدائی سکول تک بچوں میں دوڑنے، پھلانگنے جیسی سرگرمیوں کے لئے جسمانی کوآرڈینیشن یا ربط میں اضافہ نظر آتا ہے تاہم اس کے باوجود وہ آسانی سے گر سکتے ہیں، انہیں چوٹ سے بچانے کے لئے حفاظتی اقدامات کی ضرورت ہوتی ہے۔

4- بہتر ادراکی صلاحیتیں

اگرچہ پانچوں حواس بچے کی پیدائش کے وقت سے ہی نشوونما رہے ہوتے ہیں تاہم سکول جانے سے پہلے اور ابتدائی سکول کے دورانیہ میں بچے کی ادراکی یا وقوفی صلاحیتیں بڑھتی رہتی ہیں۔ یہ صلاحیتیں باقی دنیا کے ساتھ بہتر طریقے سے چلنے میں اس کی مددگار ہوتی ہیں۔

5- بہتر حرکی مہارتیں

موٹر سکلز یعنی حرکی مہارتوں کی نشوونما میں "عمومی سے خاص" کا انداز پایا جاتا ہے۔ بچوں میں گراس یعنی بازوؤں، ٹانگوں کی حرکی مہارتیں پہلے فروغ پاتی ہیں جس کے بعد فائن یعنی ہاتھ، انگلیوں کی مہارتیں نشوونما پاتی ہیں۔ گراس حرکی مہارتوں میں بہتری سات برس اور بعد تک جاری رہتی ہے جبکہ فائن حرکی مہارتیں لکھنے، پینٹنگ اور اس جیسے دیگر کاموں کے لئے درکار ہوتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 5۔ سکولوں میں کون سی جسمانی سرگرمیاں ضروری ہوتی ہیں، کنڈرگارٹن اور ایلیمنٹری سکول کی عام سرگرمیاں کیسے ایک دوسرے سے مختلف ہیں؟

جواب: [illegible]لوں میں سرگرمیاں

بچوں [illegible] بنیادی حرکی مہارتوں کی نشوونما کیلئے جسمانی سرگرمیاں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ایک جگہ بیٹھ کر زیادہ دیر تک [illegible] بہت مشکل ہوتا ہے لہٰذا سکول جانے سے پہلے اور ابتدائی سکول کے دور میں بچوں کی جسمانی [illegible] پر خصوصی [illegible] دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔

1- پری سکول اور کنڈرگارٹن

پری سکول یا کنڈرگارٹن کے [illegible] عمومی طور پر تین [illegible] پانچ سال تک کی عمر کے ہوتے ہیں۔ اس عمر میں بچے فائن حرکی مہارتوں پر کافی کنٹرول حاصل کر لیتے ہیں جس سے انہیں لکھنے، ڈرائینگ کرنے اور ایسی تمام سرگرمیوں میں مدد ملتی ہے جن میں ہاتھ، انگلیاں اور پاؤں [illegible] اس عمر کے بچوں کے لئے روایتی جسمانی سرگرمیوں میں دوڑنا، اچھلنا، کودنا، ڈرائینگ، رنگ [illegible]نا، کاٹنا، جوڑنا، [illegible] مٹی سے کھیلنا وغیرہ شامل ہیں۔ اساتذہ اور والدین کی مدد سے بعض غیر روایتی جسمانی سرگرمیوں [illegible] متعارف کرائی جا سکتی ہیں مثلاً انعام کے طور پر باہر جا کر کھیلنا، ڈرامہ وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ جوڑ [illegible] لیگو، مقناطیس سے تجربات، موسیقی، ایک جگہ سے دوسری جگہ تک چیزی سے جانا، ایک جگہ کھڑے ہو کر [illegible] کرنا وغیرہ صحت مند جسمانی نشوونما کے لئے بہتر مواقع فراہم کر سکتی ہیں۔

بامقصد اور تفریح سے بھرپور جسمانی سرگرمیاں سیکھنے کے عمل میں موثر کردار ادا کر سکتی ہیں یہ

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 16 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



باب 3

ذہنی نشوونما

Intellectual Development

س۱۔ ادراک اور ذہانت سے کیا مراد ہے اور ان دونوں اصلاحات میں کیا فرق ہے؟

جواب:

ادراک اور ذہانت (Cognition and Intelligence):

1- ادراک سے مراد:

ادراک یا Cognition انسان کی سرگرمیوں اور سوچ کے عمل کے مطالعہ کا نام ہے جس کا مقصد نئے علم اور مہارتوں کو سیکھنا ہوتا ہے۔ ادراک میں تمام اقسام کے ذہنی افعال مثلاً توجہ دینا، غور و فکر، تصور کرنا، تخلیق کرنا اور مسائل کا حل ڈھونڈنا وغیرہ شامل ہیں۔ انسانی ادراک کا مطالعہ کا ایک وسیع میدان ہے جس میں مختلف موضوعات جیسے یادداشت، توجہ، سماجی ادراک، استدلال، مسائل حل کرنا شامل ہیں۔

"ادراک سے مراد ہے آگاہی حاصل کرنا۔ یہ عمومی اصطلاح ہے جو اس عمل کی وضاحت کرتی ہے جس کے ذریعے ہم اپنے گردوپیش سے آگاہ ہوتے ہیں۔"

ادراک کے عمل میں حواس کے ساتھ ساتھ یادداشت اور فکر بھی شامل ہے۔ کسی مطالعے کے تجربات، عقائد اور محرکاتی عوامل کی روشنی میں نہ صرف منظم کرتا ہے بلکہ اسے معنی بھی بناتا ہے۔

2- ادراک کی تعریف:

مختلف ماہرین نے ادراک کی درج ذیل تعریفیں بیان کی ہیں:

سرگرمیاں آنیوالے سالوں میں لکھنے پڑھنے، حساب دانی اور تخلیقی مہارتوں اور جذباتی استحکام کے لیے بنیاد کا کام کرتی ہیں۔

2- ایلیمنٹری یا ابتدائی سکول

سکول جانے کی عمر کے بچے گراس اور فائن حرکی مہارتوں کو بہتر بنانا شروع کر دیتے ہیں۔ اس بہتری سے وہ ایسی سرگرموں پر عبور حاصل کر لیتے ہیں جن کیلئے درست کنٹرول کی ضرورت ہوتی ہے مثلاً لکھنا وغیرہ۔ روزانہ کی جسمانی سرگرمیاں سکول بچوں کے معمولات میں شامل کر دینی چاہئیں، اس ضمن میں ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن [illegible] ثابت ہو سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ سکول کی چار دیواری سے باہر بچوں کو لے جا کر جاندار اشیاء کے بارے میں سمجھایا جا سکتا ہے۔

ان تمام سرگرمیوں کا مقصد بچوں کو درمیانی انداز میں یا زیادہ شدت سے اپنے اجسام کو حرکت میں لانا ہوتا ہے۔ بعض ماہرین تعلیم کا خیال ہے کہ ایلیمنٹری سکول کی سطح پر بچوں کا موثر جسمانی سرگرمیوں میں مشغول ہونا ان کی بلوغت کے دوران ان کی مجموعی صحت پر مثبت اثرات ڈالتا ہے۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ذہانت کی بنیاد وراثت ہے لیکن مناسب نگہداشت، مؤثر ماحول اور بہتر تعلیم و تربیت سے اسے نکھارا جا سکتا ہے۔ گویا بہتر ذہانتی نشوونما کے لیے مؤثر ماحول کی موجودگی بھی اہم ہے۔ ذہانت ایسی صلاحیت ہے جس کا براہ راست مشاہدہ ممکن نہیں۔ اس کا اظہار اور پیمائش بالواسطہ طریقوں سے ہی ممکن ہے۔

6- ذہانت کی تعریف:

(i) بینے سائمن (Binet Simon) کے مطابق:

"حالات کے تحت فیصلہ کرنے، فہم حاصل کرنے اور استدلال جیسے اہم نفسیاتی اعمال کا نام ذہانت ہے۔"

(ii) فری مین (Freeman) کے بقول:

"فرد کی ماحول سے مطابقت حاصل کرنے کی صلاحیت کا نام ذہانت ہے۔"

(iii) کومب (Comb) کے بقول:

"ذہانت وہ کرداری صلاحیت ہے جس کی بدولت فرد صورت حال کو سمجھتا ہے نیز اسی کی بدولت ماحولی [illegible] تفصیلات، نوعیت اور وسعت کو مؤثر انداز سے جاننے کے قابل ہوتا ہے۔"

(iv) ولیم سٹرن (William Stern) کے مطابق:

ذہانت مطابقت حاصل کرنے کی اہلیت ہے۔ جس کی بدولت فرد اپنے اور اپنی تجربات کی روشنی میں ماحول کے مطابق [illegible] انجام دیتا ہے۔

گویا ذہانت سے مراد ہے زندگی کے نئے مسائل اور نئی صورت حال سے نمٹنا اور عمومی مطابقت حاصل کرنا۔ یہ ایسی صلاحیت ہے جو فرد کو صورت حال میں [illegible] مؤثر اور مناسب طریقے سے مطابقت میں مدد دیتی ہے۔ اس نقطہ نظر کے مطابق وہ شخص زیادہ ذہین ہے جو مناسب طریقے سے بدلتے ہوئے حالات میں خود کو ڈھال سکے، اور جو حالات سے نمٹنے کے لیے متعدد ممکنہ طریقوں کو زیادہ مؤثر انداز سے استعمال کر سکے۔

مثلاً میں بیٹھا ہوا ایک شخص اپنے مسئلے کو کس طرح حل کرتا ہے، ہاتھ میں لیے ہوئے کسی کام کو فرد کس طرح نپٹاتا ہے اور زندگی میں ایک انسان کس طرح اپنے مقاصد حاصل کرتا ہے یہ تمام [illegible] انسان کی ذہنی اور شخصی صلاحیتوں کی نشاندہی کرتی ہیں۔ [illegible] میں ذہانت سے مراد وہ ذہنی قابلیت ہے جس کی مدد سے انسان کسی مسئلے کو فوراً سمجھ لیتا ہے۔ ماہرین کے نزدیک [illegible] وہ استعداد ہے جو انسان کو [illegible] اور اس میں درپیش مسائل کو حل کرنے کے قابل بناتی ہے۔

پروفیسر ٹائٹ کے خیال میں "ذہانت ایک ایسی [illegible] ہے جو کسی مسئلہ کے بارے میں تمام متعلقہ

(i) پلسبری (Pillsbury) کے مطابق حس اور حافظہ کا مجموعہ ادراک ہے۔

(ii) مارگن (Morgan) کے مطابق ادراک پہچاننے، فرق کرنے، مشاہدہ کرنے اور چیزوں کے معنی سمجھنے کا نام ہے۔

(iii) زمبارڈو (Zimbardo) کے مطابق ادراک ایسا عمل ہے جو حواس سے وصول کردہ معلومات کو منظم کرنے کے بعد ان کی وضاحت کرتا ہے۔ گویا حسی معلومات کو بامعنی بنانے کا عمل ادراک کہلاتا ہے۔

3- ذہانت سے مراد:

ادراک سوچ اور جاننے کا عمل ہے جبکہ اس سوچ اور علم کا حقیقی زندگی میں [illegible] یا [illegible] Intelligence کہلاتا ہے۔ ذہانت میں علم کا حصول اور اس کے اطلاق کی قابلیت دونوں [illegible] شامل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض ماہرین نفسیات ادراک کو ذہانت کے دائرے میں ہی شامل کرتے ہیں۔ سطحی [illegible] میں ان اصطلاحات کو مختلف انداز میں بیان کیا جاتا ہے، مثال کے طور پر ادراکی ماہرین ادراک کو معلومات اخذ کرنے کے تناظر میں بیان کریں گے جبکہ سماجی ماہرین نفسیات اسی عمل کو سماجی ادراک کا نام دیں گے۔ ادراک اور ذہانت کی اصلاحات مترادف کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہیں، حالانکہ یہ ایک دوسرے سے جڑے ہونے کے باوجود بالکل ایک ہی عمل نہیں ہے۔ ادراک صلاحیتوں کو بعض مخصوص حالات میں تربیت دے کر بہتر بنایا جا سکتا ہے جبکہ ذہانت عام طور پر قدرے مستقل اور قابل پیمائش وصف تصور ہوتی ہے۔ مجموعی طور پر ادراک ذہنی عمل پر زور دیتا ہے جیسے سوچنا وغیرہ، جبکہ ذہانت اس ذہنی عمل کا نتیجہ یا پراڈکٹ ہے۔

Elmas Ali

5- ذہانت کا مفہوم:

ذہانت (Intelligence) کا لفظ لاطینی زبان کے دو الفاظ Intra (درمیان) اور Legere (انتخاب کرنا) سے نکلا ہے۔ جس سے مراد ہے فرد کا ذاتی تجربات کی بناء پر حال اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے مطابقت اختیار کرنا۔ ذہانت میں فرد کے مختلف حسی ادراکی تجربات کا حافظہ، واقعات کا صحیح شعور اور مناسب جوابی ردعمل شامل ہیں۔

ذہانت کا تعلق حالات کے مطابق مناسب کارکردگی سے ہے۔ امتحانات میں اچھے نمبر لینا ذہانت کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔ کوئی نیا کام کرنا، پرانے کام میں جدت پیدا کرنا، معاشرے میں ہر دلعزیزی حاصل کرنا، اعلیٰ مقاصد کا تعین کرنا، شاعری، مصوری، موسیقی، ادب اور دیگر فنون لطیفہ میں کمال حاصل کرنا بھی ذہانت کہلاتا ہے۔ غرضیکہ ماحول کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب اور بہتر طرز عمل اختیار کرنا ذہانت کے درجے میں آتا ہے۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



باتیں معلوم کرے اور اس کے متعلق مختلف پہلوؤں کا آپس میں تعلق پیدا کرے اور تمام غیر متعلقہ باتوں یا نظریات کو دور کرے۔"

وڈورتھ اپنی کتاب "ذہنی زندگی کا مطالعہ" میں ذہانت کے معنے "اپنی اہلیت کے درست استعمال" لیتے ہیں۔ بقول اللہ داد چیمہ "ذہانت" ایک ایسی اہلیت کا نام ہے جو ایک انسان میں درست تفکر کے ساتھ ساتھ اس میں اپنے مقصد کو حاصل کرنے کا شعور پیدا کرتی ہے۔ ذہین آدمی وہ ہے جو مشکل مسائل کو بہترین طریق سے حل کرے۔

بچوں میں ادراکی نشوونما کے مختلف نظریات ہیں مثلاً ژاں پیاژہ (Jean Piaget) کا نظریہ ادراکی نشوونما، ویگوتسکی (Vygotsky) کا سماجی وثقافتی نظریہ، ان نظریات میں نتیجے کے بجائے سوچ کے عمل پر زور دیا گیا ہے۔ دوسری طرف ذہن پیمائی (psychometric) کا نظریہ ذہنی عمل کے نتیجے پر زور دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 2۔ ذہانت کی تعریف بیان کریں؟ ذہانت کے مختلف نظریات کون سے ہیں؟ وضاحت کریں۔

جواب: 1- ذہانت کی تعریف (Definition of Intelligence)

مختلف ماہرین برک، اوڈونل، ریو، سمتھ، وولفوک نے ذہانت کی مختلف تعریفیں کی ہے اور اس امر پر کم ہی اتفاق کیا ہے کہ اس کی ساخت میں کون سے عوامل اور پہلو شامل ہیں۔ ذہانت ایک مجرد اور وسیع تصور ہے جس کی دیگر انسانی اوصاف جیسے قد، وزن وغیرہ کی طرح براہ راست پیمائش نہیں کی جا سکتی۔

عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ذہانت مختلف خصوصیات کا امتزاج ہے مثلاً مسائل حل کرنے کی قابلیت، تجربات سے سیکھنا، تخلیقی صلاحیت اور باہم معاملہ کرنیکی مہارت۔ بہت سے ماہرین کا اس پر اتفاق ہے کہ ذہانت کی کئی خصوصیات ہیں تاہم ان خصوصیات کی نوعیت پر کم ہی اتفاق پایا جاتا ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ خصوصیات آپس میں قریبی تعلق رکھتی ہیں جبکہ بعض کے نزدیک یہ ایک دوسرے سے جدا ہیں۔ ان مختلف آراء نے ذہانت کی نظریاتی پوزیشنز اور اقدامات پر اثر ڈالا ہے۔

(i) بینے سائمن (Binet Simon) کے مطابق:

"حالات کے تحت فیصلہ کرنے، فہم حاصل کرنے اور استدلال جیسے اہم نفسیاتی اعمال کا نام ذہانت ہے۔"

(ii) فری مین (Freeman) کے بقول:

"فرد کی ماحول سے مطابقت حاصل کرنے کی صلاحیت کا نام ذہانت ہے۔"

Elmas Ali

(iii) کومب (Comb) کے بقول:

"ذہانت وہ کرداری صلاحیت ہے جس کی بدولت فرد صورت حال کو سمجھتا ہے نیز اسی کی بدولت ماحولی عناصر کی تفصیلات، نوعیت اور وسعت کو مؤثر انداز سے جاننے کے قابل ہوتا ہے۔"

(iv) ولیم سٹرن (William Stern) کے مطابق:

ذہانت مطابقت حاصل کرنے کی اہلیت ہے۔ جس کی بدولت فرد اپنے ادراکی تجربات کی روشنی میں ماحول کے مطابق جوابی افعال سرانجام دیتا ہے۔

گویا ذہانت سے مراد ہے زندگی کے نئے مسائل اور نئی صورت حال سے نمٹنا اور عمومی مطابقت حاصل کرنا۔ ایسی صلاحیت ہے جو فرد کو نئی صورت حال میں زیادہ مؤثر اور مناسب طریقے سے مطابقت میں مدد دیتی ہے۔ اس نقطہ نظر کے مطابق وہ شخص زیادہ ذہین ہے جو مناسب طریقے سے بدلتے ہوئے حالات میں خود کو ڈھال لے، اور جو حالات سے نمٹنے کے لیے متعدد ممکنہ طریقوں کو زیادہ بہتر انداز سے استعمال کر سکے۔

مشکل میں پھنسا ہوا ایک شخص اپنے مسئلے کو کس طرح حل کرتا ہے، ہاتھ میں لیے ہوئے کسی کام کو فرد کس طرح نپٹاتا ہے اور زندگی میں ایک انسان کس طرح اپنے مقاصد حاصل کرتا ہے۔ یہ تمام باتیں انسان کی ذہنی اور شخصی صلاحیتوں کی نشاندہی کرتی ہیں۔ عام ذہن میں ذہانت سے مراد وہ ذہنی قابلیت ہے جس کی مدد سے انسان کسی مسئلے کو فوراً سمجھ لیتا ہے۔ ماہرین کے نزدیک یہ وہ استعداد ہے جو انسان کو اپنے ماحول کو سمجھنے اور اس میں درپیش مسائل کو حل کرنے کے قابل بناتی ہے۔

پروفیسر نائٹ کے خیال میں "ذہانت ایک ایسی قابلیت ہے جو کسی مسئلہ کے بارے میں تمام متعلقہ باتیں معلوم کرے اور اس کے متعلق مختلف پہلوؤں کا آپس میں تعلق پیدا کرے اور تمام غیر متعلقہ باتوں یا نظریات کو دور کرے۔"

وڈورتھ اپنی کتاب "ذہنی زندگی کا مطالعہ" میں ذہانت کے معنے "اپنی اہلیت کے درست استعمال" لیتے ہیں۔ بقول اللہ داد چیمہ "ذہانت" ایک ایسی اہلیت کا نام ہے جو ایک انسان میں درست تفکر کے ساتھ ساتھ اس میں اپنے مقصد کو حاصل کرنے کا شعور پیدا کرتی ہے۔ ذہین آدمی وہ ہے جو مشکل مسائل کو بہترین طریق سے حل کرے۔

بچوں میں ادراکی نشوونما کے مختلف نظریات ہیں مثلاً ژاں پیاژہ (Jean Piaget) کا نظریہ ادراکی نشوونما، ویگوتسکی (Vygotsky) کا سماجی وثقافتی نظریہ، ان نظریات میں نتیجے کے بجائے سوچ کے عمل پر زور دیا گیا ہے۔ دوسری طرف ذہن پیمائی (psychometric) کا نظریہ ذہنی عمل کے نتیجے پر زور دیتا ہے۔

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



نظریاتی پوزیشنز (Theoretical Positions)

ماہرین نفسیات میں مسلسل یہ بحث جاری ہے کہ آیا ذہانت کسی ایک یا متعدد صلاحیتوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ سپیئر مین (Spearman) کا کہنا ہے کہ ایک عام صلاحیت یا ذہانت وہ ہوتی ہے جو کسی شخص کے مختلف اہداف میں مجموعی کامیابی کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر جن افراد میں اچھی یادداشت اور معلومات پر اسیس کرنے کا میکنزم ہوتا ہے وہ ممکنہ طور پر بہتر انداز میں مسائل حل کر سکتے ہیں۔ عام ذہانت عمومی طور پر مجرد سوچ یا استدلال، نیا علم حاصل کرنے اور مسائل حل کرنے کی صلاحیت پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کے برعکس بعض ماہرین کا خیال ہے کہ افراد میں ایک سے زیادہ صلاحیتیں ہوتی ہیں اور اس طرح ذہانت کثیر پہلو ہوتی ہے۔

1- ذہانت کا سہ عنصری نظریہ (Triarchic Theory of Intelligence)

رابرٹ سٹرن برگ (Robert Sternberg) کے مطابق ذہانت تین بنیادی اجزا تجزیاتی، تخلیقی اور عملی حصوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ تجزیاتی ذہانت خیالات کے تجزیے اور تنقیدی سوچ کی مدد سے مسائل حل کرنے کی صلاحیت سے تعلق رکھتی ہے۔ تخلیقی ذہانت میں مختلف خیالات کو ملا کر کوئی بالکل نئی چیز بنائی جاتی ہے۔ عملی رہانہ میں مختلف اقسام کے ماحول میں علم اور مہارتوں کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ سٹرن برگ کے مطابق سہ عنصری نظریے کی بنیاد پر کامیاب ذہانت کسی شخص کی زندگی میں اس کے اہداف کے تناظر میں کامیابی لاتی ہے۔

2- گارڈنر کا کثیر پہلو ذہانت کا نظریہ (Gardner's Theory of Multiple Intelligence)

ہاورڈ گارڈنر (Howard Gardner) کا خیال ہے کہ ایک شخص مختلف اقسام کی ذہانتوں کا مظاہرہ کرتا ہے، وہ ان ذہانتوں کو آٹھ اقسام میں تقسیم کرتا ہے اور ساتھ ہی کہتا ہے کہ یہ اقسام اس سے بھی زیادہ ہو سکتی ہیں۔ آٹھ اقسام کی وضاحت درج ذیل جدول میں کی گئی ہے۔

گارڈنر کے نظریہ تکثیری ذہانت کا جدول

	ذہانت	خصوصیات	سرگرمیاں	
(1)	منطقی، حسابی Logical, Mathimatical	اعداد و شمار، حسابی اصولوں، استدلال اور منطق کو سمجھنے اور استعمال کرنے کی صلاحیت	تجربات کرنا، تخمینہ لگانا، پزل حل کرنا	

(2)	لسانی Linguistic	زبان کے فنکشنز استعمال کرنے کی استعداد، اظہار ذات اور دوسروں کی بات سمجھنا	پڑھنا، لکھنا، ورڈ گیمز کھیلنا، کہانیاں سننا اور سنانا	
(3)	شکل و حجم کی پرکھ کی اہلیت Spatial	مختلف اشیاء، نمونہ جات اور جگہوں کو سمجھنے اور پہچاننے کی صلاحیت	صحیح راستہ تلاش کرنا، ذہنی تصویر بنانا، ڈیزائننگ، ڈرائنگ، تصویری معمے حل کرنا	
(4)	موسیقانہ Musical	موسیقی کو سمجھنے اور سراہنے کی قابلیت	گانا، دھنیں ترتیب دینا وغیرہ	
(5)	جسمانی حرکات Bodily, Kinesthetic	فائن اور گراس حرکی مہارتوں کا استعمال	ناچنا، دوڑنا، سائیکل چلانا، تیراکی	
(6)	باہمی تعلق Iterpersonal	دوسروں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کی صلاحیت	رہنمائی کرنا، تنظیم سازی، سماجی میل جول	
(7)	اپنی ذات سے متعلق Intrapersonal	اپنی ذات کی پہچان اور خود اعتمادی رہنمائی کی صلاحیت	اہداف مقرر کرنا، منصوبہ بندی، خواب دیکھنا، غور کرنا	
(8)	فطری Naturalistic	فطری اصول کی قدردانی	فطرت کے ... اور اس کے ساتھ مل کر چلنا	

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 20 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



وولفوک (Woolfolk) کے مطابق علمی حلقوں میں گارڈنر کے نظریے کو بڑی قبولیت حاصل ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سیکھنے کے عمل میں انفرادی امتیازات اور اساتذہ کے تجربات کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔ گارڈنر کے نظریے پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اس میں مخصوص معیار اور تجربی ثبوت کی کمی ہے۔

3- جذباتی ذہانت (Emotional Intelligence)

گارڈنر اور سٹرن برگ دونوں اپنی اور دوسروں کی ذات کو سمجھنے کی صلاحیت پر زور دیتے ہیں اس کی مثالوں میں انٹرپرسنل، انٹراپرسنل اور عملی ذہانت شامل ہیں۔ معاصر ماہرین طلبہ کی جذباتی ذہانت میں بھی کافی دلچسپی رکھتے ہیں جو انہیں جذبات کو سمجھنے، مناسب طریقے سے جذبات کے اظہار اور اس کی رہنمائی میں [illegible] اور عمل کے قابل بناتی ہے۔ تاہم ان ماہرین پر اس حوالے سے تنقید کی جاتی ہے کہ انہوں نے [illegible] ذہانت کے تصور کو وسعت دے دی ہے۔

4- مسائل اور تنازعات (Issues and Controversies)

تعلیمی اور نشوونمائی نفسیات کے بڑے تنازعات میں سے ایک یہ ہے کہ کیا ذہانت ایک موروثی خصوصیت ہے یا ذاتی یا ماحولیاتی تجربات کے ذریعے ذہانت کی نشوونما کی جا سکتی ہے۔ بعض ماہرین کا خیال ہے کہ ذہانت ایک موروثی اور مستقل صلاحیت ہے جس میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی، اسے ذہانت کا وجودی نظریہ (entity view of intelligence) کہتے ہیں۔ دیگر ماہرین اس کے برعکس یہ دلائل دیتے ہیں کہ ذہانت کی نشوونما میں ماحول اہم کردار ادا کرتا ہے، مشق اور معاون ماحول کی مدد سے اس میں بہتری لائی جا سکتی ہے، یہ ذہانت کا ایزادی نظریہ (incremental view of intelligence) کہلاتا ہے۔ یہ نظریہ اساتذہ اور ماہرین تعلیم میں بہت مقبول ہے جن کا خیال ہے کہ طلبہ کی ذہانت اور کارکردگی کو معاون حالات کی مدد سے بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

3

☆☆☆☆☆

سوال 3- ذہانت کی پیمائش سے کیا مراد ہے؟ ذہانت کی پیمائش کے لئے کون کون سی آزمائشیں اختیار کی جاتی ہیں؟

جواب: 1- ذہانت کی پیمائش (Measurement of Intelligence)

ماہرین نفسیات اور ماہرین تعلیم نے ذہنی آزمائشوں کے ذریعہ ذہانت کو ناپنے کا پیمانہ وضع کیا ہے۔ ان میں فرانس کے مشہور معروف نفسیات داں الفرڈ بینے (A. Binet) اور سائمون (Simon) کا نام نمایاں ہے۔ انہوں نے ذہنی آزمائشوں پر تجربات کیے بعد میں جرمنی کے مشہور نفسیات داں پروفیسر ولیم سٹرن (W. Stern)

نے مقیاس ذہانت (Intelligence Quotient) یا (I.Q) کی اصطلاح وضع کی اور اس کا فارمولا پیش کیا

Elmas Ali

مقیاس ذہانت (م۔ذ)

$$100 \times \frac{\text{ذہنی عمر}}{\text{اصل عمر} \times 100}$$

فرض کیجئے ایک بچے کی اصل عمر 8 سال ہے اور اس کی ذہنی عمر 10 سال ہے تو اس کا مقیاس ذہانت (م۔ذ) $125 = 100 \times \frac{10}{8}$ لیکن اگر اس 8 سالہ بچے کی ذہنی عمر 8 سال ہو تو اس کا (م۔ذ) $75 = 100 \times \frac{6}{8}$ ہوگا۔

ماہرین کی تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ لوگوں کے کسی گروہ میں افراد کا آئی، کیو عموماً 100 ہوتا ہے یعنی ان کی ذہنی عمر کے برابر ہوتی ہے۔ اسی لیے اسے اوسط درجے کی ذہانت کہتے ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق کسی گروہ میں چھ افراد میں سے صرف ایک کا آئی، کیو پچاسی سے کم ہوگا اور اسی طرح ہر چھ آدمیوں میں سے صرف ایک کا آئی، کیو ایک دو پندرہ سے زیادہ ہوگا۔ بہت زیادہ غیر معمولی آئی، کیو ستر سے کم ہوگا اور اسی طرح ہر چالیس افراد میں سے صرف ایک کا آئی، کیو ایک سو تیس سے اوپر ہو سکتا ہے۔

2- ذہانت کی پیمائش کی آزمائشیں

ذہانت کی پیمائش کے لئے متعدد معیاری آزمائشیں یا ٹیسٹ استعمال کئے جاتے ہیں، اگرچہ یہ ٹیسٹ کسی شخص کی صلاحیتوں کے بارے میں قدرے محدود سی معلومات فراہم کرتے ہیں تاہم ماہرین نفسیات اور ماہرین تعلیم میں مقبول ہیں کیونکہ مستقبل میں کامیابی کے حوالے سے یہ معقول حد تک واضح تصویر پیش کرتے ہیں۔ برک (Berk) کے مطابق ذہانت کی آزمائشوں کو عام طور پر دو درجات میں تقسیم کیا جاتا ہے جن میں ایک انفرادی اور دوسری گروہی آزمائشیں شامل ہیں۔

3- ذہانت کی انفرادی آزمائشیں (Individual Intelligence Tests)

سٹین فورڈ، بینہ آزمائش (Stanford-Binet Test) اور ویکسلر (Wechsler) سکیلز ذہانت کی پیمائش کے لئے سب سے زیادہ عام استعمال ہونے والے آزمائشیں ہیں۔

(i) الفرڈ بینے (Alfred Binet) کی آزمائشیں

الفرڈ بینے (Alfred Binet) نے 1904 میں فرانسیسی حکومت کے مطالبے پر ذہانت کی پیمائش کا یہ طریقہ وضع کیا جس میں اس نے ذہنی عمر (mental age) یا (MA) کا تصور پیش کیا جو دیگر بچوں کے مقابلے

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 21 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



44 سحر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

میں کسی بچے کی ذہنی نشوونما کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ آزمائش ذہنی تکمل اور رویے کو جانچنے کے لئے 30 نکات پر مشتمل ہے۔ بعد ازاں 1912 میں ولیم سٹرن نے ذہانت کا حاصل قسمت (IQ) یا Intelligence Quotient متعارف کرایا جو کسی شخص کی ذہنی عمر کو شمار کی عمر تقسیم کر کے 100 سے ضرب دینے سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

Mental Age÷Physical Age×100=IQ

بینے کی آزمائش کو کئی مرتبہ نظر ثانی کے بعد اختیار کیا گیا۔ 1916 میں سٹین فورڈ یونیورسٹی میں انگریزی بولنے والے بچوں کیلئے یہ آزمائش متعارف کرائی گئی اور اس کا نام "سٹین فورڈ بینے ذہانت آزمائش" رکھا گیا۔ آزمائش کے جدید ترین ورژن میں عام ذہانت کے علاوہ پیچیدہ ذہنی عوامل مثلاً سیال ذہانت، عمم، مقداری ا... اور یادداشت کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ یہ آزمائش دو سال سے لے کر بالغ افراد پر کامیابی سے ... سال اس آزمائش کا ایک خصوصی ورژن دو سال سے لے کر سوا سات سال کی عمر کے بچوں کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

(ii) پکسلر سکیل:

ذہانت کی پیمائش کے لئے ایک اور عام استعمال ہونے والی آزمائش "پکسلر سکیل" ہے، اس میں چھ سے لے کر سولہ سال تک کے بچوں کو ہدف بنا کر دیگر ذہنی عوامل جیسے لفظی استدلال، ادراکی استدلال، تدخل استعمال یادداشت اور معلومات اخذ کرنے کی رفتار وغیرہ کو بھی جانچا جاتا ہے۔ اس میں ایک آزمائش ڈھائی سال سے لے کر سوا سات سال تک کے بچوں کے لئے بھی دستیاب ہے۔

(iii) رجحان اور کامیابی کی پیمائش کی آزمائشیں:

علاوہ ازیں کسی فرد کی ذہانت کے اشاریے کے طور پر رجحان اور کامیابی کی پیمائش کی آزمائشیں بھی استعمال کی جاتی ہیں۔ رجحان (Aptitude) کی آزمائش میں کسی مخصوص علم اور مہارت کو جانچا جاتا ہے۔ ان آزمائشوں کے علاوہ جبکہ کامیابی (achievement) کی آزمائش میں متعلقہ علم اور مہارت کو جانچا جاتا ہے۔ شیر خوار بچوں کی ذہانت ناپنے کے لئے خصوصی آزمائشیں وضع کی گئی ہیں جو ایک ماہ سے لے کر ساڑھے تین سال تک کی عمر کے بچوں کیلئے موزوں ہیں۔

(iv) ذہانت کی گروہی آزمائشیں (Group Intelligence Tests)

فوری اور پیمانے کی پیمائش کے ساتھ طلبہ کی ذہانت ناپنے کا ایک طریقہ گروہی آزمائش ہے۔ اس طریقے میں نہ صرف اخراجات کم ہوتے ہیں بلکہ وقت کی بھی بچت ہوتی ہے۔ اس مقصد کے لئے لورگے تھورن ڈائیک آزمائش (Lorge-Thorndike Test) اور اوٹس۔لینن آزمائش (Otis-Lennon Test) وضع کی گئی

45 سحر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

ہیں۔ گروہی آزمائشوں کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہئے کیونکہ اس کی بچوں اپنی حدود ہیں۔ گروہی آزمائشوں سے حاصل ہونے والے اعداد و شمار کے ساتھ دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کو بھی شامل کر لینا چاہئے۔

☆☆☆☆☆

سوال 4۔ شیر خوارگی سے بچپن تک ذہنی نشوونما کیسے ہوتی ہے؟ پیاجے کے نظریہ ادراکی نشوونما اور ویگوٹسکی کے سماجی ثقافتی نظریے کی وضاحت کریں۔

Elmas Ali

جواب:

شیر خوارگی سے بچپن تک ذہنی نشوونما

(Intellectual Development from Infancy to Childhood)

بچے عمر کے ساتھ ساتھ اور اکی بلوغت حاصل کرتے ہیں، وقت اور تجربے کے ساتھ وہ اپنی سوچنے کی ... میں بہت سادہ سے پیچیدہ اور اکی مراحل میں داخل ہو جاتے ہیں جس سے انکی ذہانت میں بھی اضافہ ... شیر خوارگی سے بچپن تک ذہنی نشوونما کے حوالے سے مختلف نظریات کی وضاحت مندرجہ ذیل ہے:

1- پیاجے کا نظریہ ادراکی نشوونما

(Piaget's theory of Cognitive Development)

پیاجے (Piaget) ... سابق بچوں کی ذہنی یا ادراکی نشوونما چار مراحل میں آگے بڑھتی ہے، یہ مراحل مستقل اور کائناتی ہیں اور ان کی عمومی ترتیب اور اکی تبدیلی کی ... اقسام میں قابل مشاہدہ ہے۔ پیاجے کا خیال ہے کہ بچوں کی سوچ اور تجربات سے سیکھنے کے طریقے ... ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ شیر خوارگی کے دور میں بچہ اپنے اردگرد اشیاء پر غور کر کے تجربات حاصل کرتا ہے، جلد ... ذہنی تصویریں بنانا شروع کرتا ہے یہ عمل اس کی سوچ اور تجربات کو با... قابل انتظام اور یاد رکھنے کے قابل ... نوں میں ڈھالتا ہے۔ سوچ میں اس تبدیلی کو دو اہم مراحل تطبیق (adaptation) اور تنظیم (organization) سے معاونت حاصل ہوتی ہے۔ بچوں کی ذہنی یا ادراکی نشوونما کے چار مراحل درج ذیل ہیں۔

i- حسی، حرکی مرحلہ (The Sensori-Motor Stage)

حسی، حرکی مرحلہ شیر خوار کی پہلی دو سالہ زندگی سے متعلق ہے جس کے دوران بچہ اپنے پانچ ... ذریعے محسوس کرتا ہے۔ اس مرحلے کے آغاز میں حواس سے حاصل ہونے والی معلومات اس کی ذہانت کی تشکیل میں مدد کرتی ہیں۔ بچہ بار بار کے ردعمل کے نتیجے میں اپنے اردگرد کے ماحول سے مطابقت اختیار کرتا ہے۔ بعد میں یہ مختلف تجربات کو بروئے کار لاتے ہوئے سادہ مسائل حل کرتا ہے اور اس ضمن میں اہداف کے حامل رویے اختیار

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

کرتا ہے۔ اس مرحلے کے اختتام تک بچے میں یہ سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے کہ اشیاء نظر نہ بھی آئیں تو اس کے تصور میں وہ موجود ہوتی ہیں۔

ii- ماقبل عملیاتی مرحلہ (The Preoperational Stage)

دو سال کے بعد بچے ماقبل عملیاتی مرحلے میں داخل ہوتے ہیں جو سات سال تک کی عمر تک جاری رہتا ہے۔ اس مرحلے میں بچے ذہنی نمائندگی میں آگے بڑھتے ہیں اور زیادہ موثر تجربات وضع کرتے ہیں۔ اس عمر میں بچوں کے کھیل میں تصنع شامل ہو جاتا ہے۔ دو سال سے بڑے بچے میں اس وقت ادراکی تبدیلی [illegible] ہے۔ وہ کوئی شے مثلاً کپ کو مختلف طریقوں سے استعمال کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مثال کے طور پر وہ کپ میں پانی کے ساتھ ساتھ اسے چینی وغیرہ ڈالنے کے طور پر بھی استعمال کرتا ہے۔ اسی طرح اس عمر میں بچوں کی ڈرائنگ میں پختگی اور حقیقت پسندی آجاتی ہے۔

iii- ٹھوس عملیاتی مرحلہ (The Concrete Operational Stage)

ٹھوس عملیاتی مرحلہ سات سے گیارہ سال کی عمر تک ہوتا ہے۔ بچے جب وسطی بچپن میں داخل ہوتے ہیں تو ان میں ادراکی سطح پر کافی پیش قدمی دیکھنے میں آتی ہے۔ مثال کے طور پر اس مرحلے میں بچے منطقی اصولوں کی پیروی کرتے ہوئے ذہنی افعال سرانجام دیتے ہیں۔ وہ ایک سے زیادہ سمتوں میں سوچنے اور مختلف زاویوں سے کسی مسئلے کو دیکھنے کے قابل ہوتے ہیں۔ اس عمر میں بچے پہلے کے مقابلے میں زیادہ منطقی، لچکدار اور منظم تجربات کرتے ہیں اور اردگرد کے ماحول کے بارے میں ان کی سمجھ بوجھ زیادہ بہتر ہو جاتی ہے۔

iv- روایتی عملیاتی مرحلہ (The Formal Operational Stage)

بچے گیارہ سال کی عمر میں مجرد اور منظم سوچ کی صلاحیت پیدا کر لیتے ہیں، پیاجے اس مرحلے کو روایتی عملیاتی قرار دیتا ہے۔ اس مرحلے کی نمایاں خصوصیات میں قیاسی، استخراجی استدلال اور سوالیہ سوچ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اس عمر میں بچے میں یہ خواہش پیدا ہوتی ہے کہ اس کا نوٹس لیا جائے جسے بالغانہ خود مرکزیت (adolescnts egocentrism) کہتے ہیں۔ خود شعوری میں اضافہ ہوتا ہے اور بچے سمجھتے ہیں کہ دوسرے لوگ بھی اسی طرح ان میں دلچسپی لیتے ہیں جیسے وہ ان میں لیتے ہیں۔ اس صورتحال کی وجہ سے بعض اوقات غیر ذمہ دارانہ اور بے قابو رویے جنم لیتے ہیں جن کا نتیجہ اقدام خودکشی، منفی خیالات اور منشیات کا استعمال وغیرہ ہوتا ہے۔

ناقدین پیاجے کے نظریہ پر اعتراض کرتے ہیں کہ اس میں بچوں کی ادراکی نشوونما کے عمل میں ثقافت،



زبان، ماحولیاتی اثرات کو انتہائی کم اہمیت دی گئی ہے۔

2- ویگوتسکی کا سماجی و ثقافتی نظریہ (Vygotsky's Socio-Cultural Theory)

لیو ویگوتسکی کا سماجی و ثقافتی نظریے میں زبان اور ثقافتی ذرائع کے کردار کو انسانی ادراک کی تشکیل اور نشوونما میں اہم خیال کیا جاتا ہے۔ ویگوتسکی کا کہنا ہے کہ ثقافتی اثرات جیسے زبان، تعلیم، باہم سماجی روابط وغیرہ بچے کی وقوفی یا ادراکی نشوونما پر گہرا اثر ڈالتے ہیں۔ ویگوتسکی نے (zone of proximal development) اتصالی نشوونما کے زون یا ZPD اور مچان بندی scaffolding کا تصور متعارف کرایا۔ جس کے تحت بچے ادراکی عمل میں ایک سطح سے دوسری سطح تک آگے بڑھتے ہیں۔ ZPD سے مراد ایسی ادراکی صلاحیتیں ہیں جو نشوونما کے مرحلے میں ظاہر ہوتی ہیں اور جو کسے بڑے یا ہم پلہ شخص کے تعاون سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مچان بندی بچے کی ضرورت اور کارکردگی کے مطابق مدد کی سطح معین کرتی ہے۔ پیاجے ادراکی نشوونما میں مختلف مراحل پر زور دیتے ہوئے انفرادی طلبہ پر توجہ مرکوز کرتا ہے جبکہ ویگوتسکی کا خیال ہے کہ سماجی روابط، ثقافتی ذرائع اور ان کا باہمی تعاون اعلیٰ سطح کے ادراکی عمل کے لئے سٹیج تیار کرتے ہیں۔

3- معلومات اخذ کرنے کا طریقہ (Information Processing Approach)

ادراکی نشوونما کو سمجھنے کے لئے معلومات اخذ کرنے کا طریقہ ایک اور بڑا تناظر فراہم کرتا ہے۔ یہ طریقہ بتاتا ہے کہ انسانی دماغ کمپیوٹر کی طرح معلومات کو اخذ یا پراسیس کرنے کا ایک سرگرم نظام رکھتا ہے اور اس امر کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ کیسے معلومات انسانی ذہن میں آتی ہیں، کیسے اور پراسیس ہوتی ہیں اور ضرورت کے وقت کیسے دوبارہ حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یہ طریقہ دو اہم ادراکی افعال یادداشت memory اور سوچنے thinking پر زور دیتا ہے۔ اس کے مطابق بچے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ پیچیدہ ہوتی معلومات اور مہارتوں کے ساتھ کام کرنے کیلئے اپنے میکنزم کو بہتر بنائے جاتے ہیں، یہ بہتر صلاحیت آگے چل کر یادداشت اور مسائل حل کرنے کی مہارتوں سے جڑی ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 5۔ ذہنی نشوونما کے لئے سکول جانے سے پہلے اور سکول میں کون کون سی سرگرمیاں اہم خیال کی جاتی ہیں؟

جواب: کنڈرگارٹن اور ایلیمنٹری یا ابتدائی سکول کی سطح میں مختلف نوعیت کے تجربات اور سرگرمیاں بچوں کی ادراکی نشوونما میں ممد و معاون ثابت ہوتی ہیں۔

1- پری سکول اور کنڈرگارٹن کی سرگرمیاں

پری سکول یا کنڈرگارٹن کے بچوں میں زیادہ لچکدار حرکت کے انداز پائے جاتے ہیں۔ اس عمر میں کھیل

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



49 سحر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ + 2½ سالہ پروگرام)

باب 4

سماجی نشوونما

Social Development

(Social Development) نما

سماجی نشوونما بچوں کی [illegible] کا ایک اہم پہلو ہے، کوہن (Cohen) اور دیگر ماہرین کے مطابق سماجی نشوونما دیگر افراد کے [illegible] تعلقات قائم کرنے کی قابلیت ہے۔ سماجی نشوونما میں ان اقدار، علم اور مہارتوں کا سیکھنا شامل ہے [illegible] دوسروں کے ساتھ موثر رابطے اور خاندان، سکول اور معاشرے میں اپنا مثبت حصہ ڈالنے کے قابل بناتی ہیں۔ بچوں کو اس قسم کی تعلیم [illegible] رائج سے دی جاتی ہے، پہلے نمبر پر والدین اور اساتذہ سے براہ راست، دوسرا خاندان کے اندر [illegible] دوستوں کے ساتھ سماجی تعلقات کے ذریعے بالواسطہ اور تیسرا بچوں کے اردگرد ثقافتی سرگرمیوں میں شرکت کے ذریعے تعلیم دی جاتی ہے۔ دیگر افراد کے ساتھ تعلقات، سماجی روایات، اقدار اور توقعات کے بارے [illegible] بڑھتی ہوئی آگاہی کے ذریعے بچوں [illegible] شناخت کا احساس پیدا ہوتا ہے کہ وہ کون ہیں؟ جب بچے سماجی طور پر نشوونما پاتے ہیں تو وہ نہ صرف حلف [illegible] حال میں مناسب طریقے سے ردعمل دینا سیکھتے ہیں بلکہ اپنے تعلقات کو متشکل کرنے میں کردار ادا کرتے ہیں۔

بچے کی سماجی اور جذباتی صحت کی نشوونما کے مناسب اور درست رویے، زندگی کو سمجھنے اور بلوغت کی طرف بڑھنے کے عمل میں بہت اہمیت رکھتی ہے، سماجی و جذباتی نشوونما بچے کو بعض جذباتی [illegible] میں مناسب ردعمل سکھاتی ہے اور اسے اس شکل میں ڈھالتی ہے جو اس نے بڑے ہو کر بننا ہوتا ہے۔ بچے کے لئے کارساجی مہارتوں میں دوسروں کے ساتھ تعاون کرنا اور کھیلنا، بڑوں اور اساتذہ کی طرف توجہ دینا اور ہر مختلف سرگرمی کے

الریحان پبلی کیشنز۔ اُردو بازار لاہور

48 سحر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ + 2½ سالہ پروگرام)

[illegible] کو بچوں کا [illegible] کا کردار ادا کرنا، ایک دوسرے کے پیچھے بھاگنا [illegible] کرنا، چھڑی کی [illegible] وغیرہ اور ان کی نشوونما میں [illegible] ہوتی ہے۔ اس [illegible] ہدف تک پہنچنے کے [illegible] عمل میں تضاد پائے [illegible] سکول کی سرگرمیاں

2۔ پلیسمنٹری یا ابتدائی سکول کی سرگرمیاں

سکول کے ابتدائی برسوں میں بچوں کو [illegible] ہوتی ہیں۔ ان سرگرمیوں میں بچوں کو اپنے خیالات اور آرا [illegible] مختلف سرگرمیاں اور مختلف کھیلیں سماجی [illegible] بچوں کے ساتھ مل کر پڑھنا، بچوں کو اپنے خیالات اور آرا، [illegible] دینا، اپنی چیزیں دوسروں کے ساتھ شیئر کرنے پر ابھارنا، مختلف اشیاء کا تبادلہ کرنا، اشیاء، واقعات کی درجہ بندی، ڈرامہ، دوسروں کے ساتھ شیئر کرنے کی عادت ڈالنا، مختلف اشیاء کا تبادلہ کرنا، اشیاء، واقعات کی مختلف [illegible] کردار ادا کرنا، جوابات اور حسوں کے لئے [illegible] ضروریات ہوتی ہیں، اس لئے ضروری ہے کہ انہیں انفرادی یا چھوٹے گروپ کی شکل میں ان کی دلچسپی کی سرگرمیوں میں مصروف کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

الریحان پبلی کیشنز۔ اُردو بازار لاہور

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



50

سماجی نشوونما کی اہمیت (Importance of Social Development)

2- سماجی نشوونما کی اہمیت: ان میدان میں بہاروں کی نشوونما ذہنی صحت، کام میں کامیابی اور

انسان ابتدائی طور پر سماجی ہوتا ہے۔ سماجی مہارتوں کی اہمیت مثلاً ابلاغ، مسائل حل کرنا

میں کامیابی کے لئے بچے کی صلاحیت بڑھاتی ہے۔ سماجی مہارتوں میں مختلف صلاحیتیں شامل ہیں۔ یہ مہارتیں دوسروں کے ساتھ مثبت

کارآمد شیئرنگ لینے کی قابلیت بڑھاتے ہیں۔ سماجی مہارتوں میں مختلف شامل ہیں۔ ابتدائی سماجی رویے سیکھنے، پڑھانا:

فیصلہ سازی، خود سمجھی اور ہم جولی فرد سے ساتھ تعلقات قائم کرنے کا قابل بناتی ہیں۔ ہم اپنا فرد، استاتذہ کی طرف سے قبولیت موجود

تعلقات بنانے اور انہیں قائم رکھنے کے قابل بناتی ہیں۔ سماجی مہارتیں ہم اپنا فرد، استاتذہ کی طرف سے قبولیت موجود

کمزور تعلقات کی بھنور میں حل ہوتے ہیں۔ سماجی مہارتیں ہم اپنا فرد، استاتذہ کی طرف سے قبولیت موجود

اور ہفتے (سکول دوسرے بچوں) کی کامیابی نہ کریں تو دوسرے بچے اسے پسند نہیں کرتے اور نہ ہی

آپ بچے مناسب سماجی مہارتوں کا استعمال نہ کریں تو دوسرے بچے اسے پسند نہیں کرتے اور نہ ہی

دوست بنتے ہیں۔ بعض وقت بچے کے اور بعض وقت بچے کی جارحانہ شیئرنگ کی پرانی شیئرنگ ہو سکتی ہے یا یہ کہ ان کے نئے کھیل

انہیں دیوتی کہ دوسرے بچے کو ہیرو کہو جب بچے کی وجہ سے بچے بعض وقت طبی اس وجہ سے ناکام رہتے ہیں کہ

گئے یہ بچے نظر انداز ہونے کی وجہ سے بچے کو کھیل شروع کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اساتذہ ایسے سماجی

غیر موثر رویے کی صورت میں انہیں اپنے رویے کو کھیل شروع کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اساتذہ ایسے سماجی

سماجی نے تنہا اور عدم تحفظ ہوتے ہیں طبی بچے کو کھیل شروع کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اساتذہ ایسے سماجی

میں وہ رہتے ہیں اہم اثرات ڈالتا ہے۔ بچوں کی نشوونما میں ان کا سماجی ماحول جس

وقت، حول کے تعلق (جو، خاندان، ہم جولی فرد سے مرتبہ سکولوں میں گزارتے ہیں۔ (5)

سوال 2- سماجی نشوونما کے نظریات کو بیان کریں اور ایک کا تفصیل سے وضاحت کریں۔

جواب: سماجی نشوونما کے نظریات

(Theories Related to Social Development)

مختلف ماہرین نے بچوں کی سماجی نشوونما کے حوالے سے مختلف نظریات پیش کئے ہیں جن کی

تفصیل درج ذیل ہے۔

51

سماجی انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ ایڈ (1½ سالہ + 2½ سالہ پروگرام)

1- باؤل بائی کا نظریہ وابستگی (Bowlby's Attachment Theory)

ایڈورڈ جان مانسٹن باؤل بائی (Edward John Mostyn Bowlby) برطانوی نفسیات دان اور ماہر تحلیل نفسی تھا، بچوں کی نشوونما کے حوالے سے اس نے وابستگی کا نظریہ (Attachment Theory) متعارف کرایا جس نے بڑی مقبولیت حاصل کی۔ اس نظریے کے مطابق وابستگی انسانوں کے درمیان ایک نفسیاتی بندھن ہوتا ہے جو طویل وقت تک برقرار رہتا ہے۔ باؤل بائی کے مطابق اس وابستگی کی وجہ سے بچہ اپنی ماں کے ساتھ جڑا رہتا ہے۔ ایک شیر خوار بچے کی اپنی نگہداشت کرنے والے کے ساتھ وابستگی مستقبل میں اس کی تمام سماجی نشوونما میں بنیاد کا کام کرتی ہے۔

Source: http://quotesgram.com/john-bowlby-quotes/
Characteristics of Attachment

میری ایینزورتھ (1913-1999)

میری ڈنسمور سالٹر ایینزورتھ (Mary Dinsmore Salter Ainsworth) امریکی نفسیات دان اور بچوں کی نشوونما کی ماہر تھیں۔ وہ شیر خوار بچوں کی ماؤں کے ساتھ جذباتی وابستگی پر اپنے کام کی وجہ سے جانی جاتی ہیں۔ انہوں نے جان باؤل بائی کے کام کو آگے بڑھایا اور اس کے نظریہ جذباتی وابستگی پر کام کیا۔

میری ایینزورتھ نے بچوں کی نشوونما میں جذباتی وابستگی کی تین اقسام بیان کی ہیں۔ ان میں محفوظ وابستگی (Securely Attached)، اجتناب پر محفوظ وابستگی (Avoidant Insecure Attached)، اضطرابی، مبہم وابستگی (Anxious-ambivalently Attached) اور غیر منظم اور غیر سمت وابستگی (Disorganized-Dioriented Attached) شامل ہیں۔

ایینزورتھ کے مطابق وابستگی کا جو انداز بچے شیر خوارگی اور ابتدائی بچپن میں اختیار کرتے ہیں زندگی بھر قائم رہتا ہے، اس لئے والدین اور اساتذہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ وابستگی کے پہلو پر توجہ مرکوز کریں تاکہ بچے

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



مستقبل میں مثبت سماجی تعلقات قائم کر سکیں۔

3- ایرک ایریکسن (1902-1994)

ایرک ایریکسن (Erik Erikson) نے سماجی نشوونما کے بارے میں ایک اور اہم نظریہ پیش کیا ہے۔ شخصیت کی نشوونما کے نفسیاتی و سماجی نظریہ (Psychosocial theory of personality development) کے آٹھ مراحل ہیں جو شیر خوارگی سے لیکر بڑھاپے کی عمر تک پر مشتمل ہیں۔ ایرکسن سماجی اور جذباتی میدان میں تعلق پر زور دیتا ہے۔ اس نے باہمی تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے جو کسی فرد کی زندگی میں مختلف تنازعات کے حل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ شیر خوارگی میں اعتماد اور عدم اعتماد کا تنازع پیدا ہوتا ہے۔ ایریکسن مفروضہ پیش کرتا ہے کہ شیر خوار بچہ ماں کے پرجوش، قابل رسائی اور ہمدردانہ رویے کی وجہ سے اعتماد کا رشتہ قائم کرے گا جبکہ منفی، غیر ہمدردانہ اور ناقابل رسائی رویے کی وجہ سے اس میں عدم اعتماد پیدا ہوگا۔ شیر خوارگی کے دوران قائم ہونے والا اعتماد ابتدائی بچپن کے اگلے مرحلے (خودمختاری اور ندامت، شک کے تنازع) میں کامیابی دلانے میں مددگار ہوتا ہے۔ اگر بچہ پہلے مرحلے میں ماں یا نگہداشت کرنے والے کے ساتھ اعتماد قائم کر لے تو آگے چل کر اس میں خودمختاری کا احساس پیدا ہونے اور اپنے رویے اور ماحول پر کنٹرول کرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ اگلے دو مراحل پیش قدمی بمقابلہ تقصیر (Initiative vs Guilt) اور محنت بمقابلہ کمتری (Industry vs Inferiority) اساتذہ کے لئے بہت اہم ہیں۔ ابتدائی بچپن وہ عمر ہے جس میں بچے روایتی تعلیم حاصل کرنے کا آغاز کرتے ہیں۔ بچوں کو اپنی ذات کی تلاش میں اپنی دلچسپی شامل کرنا اور دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرتے وقت اپنے تخیلات سے کام لینا آنا چاہیے، ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے لئے ذاتی دلچسپیاں اور ضروریات کو دوسروں کے ساتھ اکٹھا Share کرنا زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔ انہیں قوانین کی پاسداری اور چیزوں کو درست رکھنا آنا چاہیے، اس کے علاوہ گروپ پراجیکٹس میں انہیں دوسروں کا تناظر سمجھنا سیکھنا چاہیے۔ کسی بھی مرحلے میں کسی کمی سے بچے میں خود سے کوئی کام کرنے کی صلاحیت میں کمی آتی ہے اور اس کے نتیجے میں اپنے ساتھیوں کے مقابلے میں اس میں کمتری اور نااہلی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔

ایکریکسن کے نفسیاتی و سماجی نظریہ کے آٹھ مراحل

عمر	تنازع	عزم یا خوبی	بڑھاپے میں نقطہ عروج
1- شیر خوارگی (صفر سے ایک سال)	بنیادی اعتماد بمقابلہ عدم اعتماد	امید	خودمختاری اور تعلق داری کی ستائش

2- ابتدائی بچپن (ایک سے تین سال)	خودمختاری بمقابلہ ندامت	ارادہ	تکمیل سے خاتمے تک دور زندگی کی قبولیت
3- کھل کود کی عمر (تین سے چھ سال)	پیش قدمی بمقابلہ تقصیر	مقصد	مزاح، ہمدردی، لچک
4- سکول جانے کی عمر (چھ سے بارہ سال)	محنت بمقابلہ کمتری	اہلیت	عاجزی، زندگی کی سمت اور ادھوری خواہشات کی قبولیت
5- بلوغت (بارہ سے انیس سال)	شناخت بمقابلہ ابہام	وفاداری	زندگی کی پیچیدگی کا احساس، حسی، منطقی، جمالیاتی شعور کا امتزاج
6- نوجوانی (بیس سے پچیس سال)	آشنائی بمقابلہ تنہائی	محبت	تعلقات کی پیچیدگی کا احساس، شفقت اور محبت کی قدر
7- سن شعور (پچیس سے چوسٹھ سال)	تولیدی بمقابلہ جمود	دیکھ بھال	مسیحائی محبت، دوسروں کے لئے مہربان، خیرات، ہمدردی، فکرمندی
8- بڑھاپا (پینسٹھ سال سے موت تک)	ایمانداری بمقابلہ مایوسی	دانشمندی	وجودی شناخت، ایمانداری کا مضبوط احساس جو موت کا مقابلہ کر سکے

4- لیو سیمی اونووچ ویگوسکی (1896-193[illegible])

لیو سیمی اونووچ ویگوسکی (Lev Semyonovich Vygotsky) مغربی روس، بیولورشیا (بیلاروس) میں پیدا ہوئے۔ سماجی نشوونما اور تعلیم کے میدان میں ان کا شمار معروف ماہرین میں ہوتا ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ ادراکی عوامل بیرونی (سماجی) دنیا سے جڑے ہوتے ہیں۔ سماجی دنیا میں بالغ افراد اور زیادہ اہلیت رکھنے والے ہم پلہ افراد بچوں کی رہنمائی کرتے ہیں۔ ویگوسکی کے مطابق بچے اتصالی نشوونما کے زون ZPD (Zone of Proximal Development) کے اندر ایک ماہر مددگار کے ساتھ بات چیت اور تعامل کی وجہ سے منظم اور منطقی طریقے سے سیکھتے ہیں۔ اس زون کی حد بندیاں ہوتی ہیں۔ ZPD کی نچلی حد بندی میں وہ سرگرمیاں شامل ہیں جو بچہ استاد یا رہنما کی مدد کے بغیر آزادانہ طریقے سے انجام دے سکتا ہے۔ ZPD کی بالائی حد بندی میں وہ کام شامل ہیں جو بچہ ماہر استاد کی رہنمائی کے ساتھ بھی نہیں کر سکتا۔

ویگوسکی نے مچان بندی (Scaffolding) کا نظریہ بھی متعارف کرایا جو سیکھنے کے عمل میں رہنمائی کا ایک تصور ہے۔ مچان بندی وہ عمل ہے جس میں استاد بچے کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعاون کی سطح مسلسل تبدیل کرتا رہتا ہے، اس عمل میں استاد کو سکھانے کے ہر عمل میں شریک ہونا پڑتا ہے۔ وہ بچے کو کوئی مہارت

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سبق انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام) 55

اس نظریے کے مطابق لوگ ماحولیاتی نظاموں کی سیریز میں نشوونما پاتے ہیں۔اس کی بنیاد جزوی نظام (Micro System) ہے جس میں گھر، خاندان، ہمسائے اور سکول شامل ہے جہاں بچہ زیادہ تر وقت گزارتا ہے۔برون فین بریز کے مطابق سکول اور کمرہ جماعت بچوں کی نشوونما کا اہم جزوی نظام ہے۔وسطی نظام (Meso-system) مختلف جزوی نظاموں میں رابطے کا کام کرتا ہے۔بیرونی نظام (Exo-system) سماجی ماحول (جہاں فرد کا سرگرم کردار نہیں ہوتا) اور فرد کے ماحول میں رابطہ قائم کرتا ہے۔مثال کے طور پر والدین کے اپنے کام کے دوران حاصل ہونے والے تجربات بچے کے گھر میں تجربات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔کلی نظام (Macro-system) اس ثقافتی ماحول کو بیان کرتا ہے جس میں کوئی فرد رہتا ہے۔ثقافتی ماحول میں ترقی پذیر اور صنعتی ممالک، سماجی و معاشی حیثیت، غربت اور قومیت شامل ہیں۔زمانی نظام (Chrono-system) دوران وقوع پذیر ہونے والے ماحولیاتی واقعات اور تبدیلیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔برون فین بریز بچے کی نشوونما میں خاندان اور [illegible] کے درمیان ابلاغ اور شراکت داری پر زور دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 3- طلبہ [illegible] کریں، کمرہ جماعت میں سماجی مہارتوں کو نشوونما دینے والی سرگرمیاں کون سی ہیں؟

جواب: [illegible] سماجی مہارتوں کے فروغ کے لئے کمرہ جماعت کی سرگرمیاں

(Characteristics of Learners and Classroom Activities to Promote Social Skills)

طلبہ سماجی نشوونما کے کسی خاص [illegible] میں مخصوص خصوصیات رکھتے ہیں، استاد کے لئے ضروری ہے کہ وہ طلبہ کی ان خصوصیات سے آگاہ ہو تاکہ وہ ان کے ساتھ مؤثر طریقے سے پیش آسکے۔استاد طلبہ کو سماجی مہارتیں سکھا کر انہیں سماجی منفی میں موافق بنانے میں معاونت کر سکتا ہے تاکہ وہ مثبت تعلقات قائم کر سکیں۔

سماجی مہارتیں (Social Skills)

دوسرے لوگوں کے ساتھ مثبت اور صحت مند تعلقات قائم کرنے کے لئے اختیار کئے گئے طریقے سماجی مہارتیں کہلاتے ہیں۔ان مہارتوں کے حامل بچے زیادہ واضح، پرسکون اور ادب سے ابلاغ کر سکتے ہیں۔وہ اپنے ساتھی طلبہ کے احساسات اور دلچسپیوں کے لئے پسندیدگی ظاہر کرتے ہیں اور اپنے اندر [illegible] کا احساس ذمہ داری قبول کرتے ہیں وہ نہ صرف خود پر قابو پانا سیکھتے ہیں بلکہ ضرورت کے وقت اپنی بات منوانے کی قابلیت رکھتے ہیں۔بچے یہ مہارتیں اپنے ساتھیوں کے ساتھ تجربات اور والدین کی رہنمائی کے ذریعے سیکھتے ہیں۔یہ مہارتیں سماجی مشاہدے کو بہتر بنانے کے لئے ضروری ہوتی ہیں اور اس سے منفی تعلقات کا امکان بھی کم ہو جاتا ہے۔یہ

[illegible] سکھنے کے دوران اپنی ہدایت دیتا ہے۔ویگوٹسکی کے یہ دونوں تصورات یہ اضافت کرنے کے حوالے سے اہم ہیں کہ بچہ سماجی طور پر بالکل بند کر دیتا ہے۔ویگوٹسکی کے یہ دونوں تصورات یہ اضافت کرنے کے حوالے سے اہم ہیں کہ بچہ سماجی طور پر کس طرح حیثیت حاصل کرتا ہے۔

البرٹ بندورا (1925ء)

البرٹ بندورا (Albert Bandura) نیوزی لینڈ کے موجد البرٹا میں پیدا ہوئے۔سماجی تعلم پر انہوں نے بہت اہم کام کیا اس حوالے سے ان کا سماجی تعلم کا نظریہ "Social Learning Theory" [illegible] اور اسی نظریہ بہت مشہور ہے۔بندورا کے مطابق سماجی اہلیت کی نشوونما کا انحصار [illegible] عوامل پر ہے۔(1) رویے، بچے اور بڑے، جن کا مشاہدہ گھر اور معاشرے میں کرتے ہیں۔(2) ذہنی عوامل جیسے طالب علم کی اپنی کامیابی کیلئے توقعات۔(3) سماجی عوامل جیسے کردہ جماعت اور سکول کا ماحول۔بندورا کا یہ ماڈل reciprocal determinism model ظاہر کرتا ہے کہ یہ تینوں عوامل باہم تعلق رکھتے ہیں اور ہر ایک دوسروں پر مساوی اثر انداز ہوتا ہے کسی ایک عامل میں تبدیلی دوسرے میں تبدیلی کا باعث بنتی ہے۔مثال کے طور پر کمرہ جماعت میں بچے کا اپنی ذات اور اپنی قابلیت کے بارے میں یقین سماجی رویے پر اثر ڈالتا ہے اور اس کے نتیجے میں کمرہ جماعت کے ماحول پر اثر پڑتا ہے۔اسی طرح کمرہ جماعت میں ہونے والی تبدیلیاں قابلیت میں تبدیلی کا باعث بنتی ہیں اور اس کا ذاتی اثر انگیزی پر اثر پڑتا ہے۔

5- اوری برون فین بریز (1917-2005ء)

اوری برون فین بریز (Urie Bronfenbrenner) روسی نژاد امریکی ماہر نفسیات تھے۔انہوں نے ماحولیاتی نظام کا نظریہ (Ecological System Theory) متعارف کرایا جس میں ماحول کا انسانی نشوونما پر اثر واضح کیا گیا ہے۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



مہارتیں بچوں کو اپنے ساتھیوں سے سیکھنے کا موقع دیتی ہیں اور انہیں سکھاتی ہیں کہ مستقبل میں ملنے والے لوگوں کے ساتھ کیسے حسن سلوک سے پیش آنا ہے۔ یہ بچوں میں اعتماد کا احساس پیدا کرتی ہیں اور ماحول پر عبور دلاتی ہیں۔

2- بچوں کی سماجی خصوصیات (Social Characteristics of children)

چھوٹے بچے کی سماجی زندگی قابل پیش گوئی طریقوں سے ارتقاء پاتی ہے۔ یہ سماجی نیٹ ورک والدین کے ساتھ تعلقات سے بڑھتے ہوئے خاندان کے دیگر افراد، غیر متعلقہ بالغ افراد اور ساتھی بچوں کے ساتھ تعلقات تک جاتا ہے۔ سماجی تعامل گھر سے ہمسائے اور نرسری سکول سے روایتی سکول تک وسیع ہو جاتا ہے۔ بچے نشوونما پانے کے طریقے اور ان کی بنیادی خصوصیات سے آگاہی کی وجہ سے استاد کو ان کے بارے میں بہتر منصوبہ بندی کا موقع ملتا ہے۔

(i) پری سکول بچوں کی سماجی خصوصیات (Social Characteristics of Pre school children)

سکول جانے سے پہلے کی عمر کے بچوں میں دوسرے لوگوں کے جذبات اور تصورات سمجھنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔ وہ اپنی ہی دنیا میں مگن ہوتے ہیں اور دنیا کو اپنی ہی نظروں سے دیکھتے ہیں۔ وہ خود پرست ہوتے ہیں تاہم اس کے باوجود ان کی زندگیوں میں بڑوں کا ان پر اہم اثر ہوتا ہے۔ وہ اپنی خود مختاری اور صلاحیتوں کو دکھانے کا آغاز کرتے ہیں۔ وہ نئے بچوں کے ساتھ ملنے اور کھیلنے کے مشتاق ہوتے ہیں لیکن شرم یا مسترد کئے جانے کے خوف کے باعث ان کے ساتھ رابطہ کرنا نہیں جانتے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض بچے اکیلے کھیلنے کو ترجیح دیتے ہیں، والدین اور اساتذہ کو چاہئے کہ ہم عمر بچوں کے ساتھ کھیلنے کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ پری سکول بچوں کی سماجی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

- ☆ زیادہ سوشل بننا
- ☆ مددگار بننا
- ☆ خود انحصاری
- ☆ پسندیدہ ساتھیوں کیساتھ کھیلنا
- ☆ الگ کھیلنے کے بجائے مل کر کھیلنا اور مشترکہ سرگرمیاں
- ☆ آزادی کی شروعات
- ☆ صنفی شناخت سے آگاہی

☆☆☆☆☆

سوال 4- پری سکول بچوں کی جسمانی نشوونما پر کون سے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں؟ ان کی سماجی مہارتوں کو نشوونما دینے والی سرگرمیاں کون سی ہیں؟

جواب: پری سکول بچوں کی جسمانی نشوونما پر اثر انداز ہونے والے عوامل

ماہرین کی تحقیقات یہ بات سامنے آئی ہے کہ پری سکول بچوں کی سماجی و جذباتی نشوونما پر مختلف عوامل

اثر انداز ہوتے ہیں، یہ عوامل اور ان کی وضاحت درج ذیل ہے۔

1- ساتھی بچوں سے تعلقات (Peer Relationship)

سکول جانے سے پہلے کی عمر کے بچے کی سماجی و ادراکی نشوونما میں دیگر ہم عمر اور ہم پلہ بچے (Peer) اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بڑوں کے مقابلے میں ساتھی بچوں کے ساتھ تعلقات کئی حوالوں سے مختلف ہوتے ہیں۔ یکساں نشوونما والے بچوں کے کھیل کے دوران اگر ان میں کوئی جھگڑا پیدا ہو جائے تو وہ ایک دوسرے کو رعایت دیتے ہوئے تنازع سلجھا لیتے ہیں تاکہ کھیل جاری رکھا جا سکے اور ان میں سے کوئی بھی بچہ دوسرے پر حتمی برتری کا دعویٰ نہیں کرتا۔ ہم پلہ بچوں کے ساتھ تنازعات سے بچے کو یہ جاننے کا موقع ملتا ہے کہ دوسروں کے بھی خیالات، احساسات، اور نکتہ ہائے نظر ہیں جو کہ ان سے مختلف ہیں۔ تنازعات بچوں کی [illegible] میں اضافہ کرتے ہیں جو دوسروں کے ساتھ رویے پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ساتھیوں سے [illegible] میں خود [illegible] کی عادت پر قابو پانے میں مدد دیتے ہیں۔

2- دوسروں کے لئے مددگار رویہ (Prosocial Behavior)

پروسوشل رویے سے [illegible] دوسروں کے ساتھ رضاکارانہ طور پر انجام دیئے گئے اقدامات ہیں مثلاً خیال رکھنا، بانٹنا، آرام پہنچانا اور تعاون کرنا شامل ہیں۔ یہ رویہ بچے کی اخلاقیات اور سماجی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آئزن برگ اور موسن Eisenberg & Mussen کے مطابق دوسروں کے لئے مددگار رویے کی نشوونما پر کئی عوامل اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ عوامل درج ذیل ہیں۔

- ☆ ہوف مین (Hoffman) کے مطابق والدین کے انضباطی طریقے [illegible] کا اطلاق پر جوش اور موثر تعلق کے ذریعے ہوتا ہے) بچے کے دوسروں کے ساتھ رویے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔
- ☆ کونیگ (Konig) کے مطابق بڑے افراد بچوں سے رابطے کے دوران انہیں [illegible] کہ وہ ان سے دوسروں کے لئے فکرمندی کی توقع کرتے ہیں [illegible] کہ مسائل کا جارحانہ حل ناقابل قبول ہے [illegible] علاوہ بچوں کو قابل قبول متبادل بھی فراہم کرتے ہیں۔
- ☆ گروسک اور گڈ ناؤ (Grusec & Goodnow) کے مطابق بڑے افراد بچوں کو اچھے کام کرنے پر مثبت خصوصیات ان کے ساتھ منسوب کرتے ہیں۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

3- کھیل کود (Play)

پری سکول بچوں کا اپنے ساتھیوں سے زیادہ تر رابطہ کھیل کود کے دوران ہوتا ہے، وقت کے ساتھ ساتھ کھیل میں بچوں کی شمولیت بڑھتی جاتی ہے۔ ملڈریڈ پارٹن Mildred Parten نے کھیل کی چار اقسام کی نشاندہی کی ہے جو سماجی تعامل اور نفاست کی بڑھتی ہوئی سطح کو ظاہر کرتی ہیں۔ تنہا کھیل Solitary play سے مراد اکیلے یا کھلونوں سے کھیلنا ہے اس عمل میں اس سے غرض نہیں ہوتی کہ دوسرے [illegible] کیا کر رہے ہیں۔ متوازی کھیل Parallel Play میں بچے ایک ہی سرگرمی میں مگر الگ الگ مصروف [illegible] ہیں اور ان میں باہمی تعلق بہت کم ہوتا ہے۔ تلازمی کھیل Associative Play متوازی کھیل کی طرح ہوتا ہے لیکن [illegible] میں زیادہ تعامل ہوتا ہے، شیئرنگ، باری لینے اور یہ دلچسپی لینے کی شکل میں کہ دوسرے کیا کر رہے ہیں۔ باہمی [illegible] Cooperative play اس وقت ہوتا ہے جب بچے کسی مشترکہ ہدف کے حصول کیلئے مل کر کھیلتے ہیں، [illegible] بڑے قلعہ کا ماڈل قلعہ تیار کرنے کے دوران ہر بچہ اس کا کوئی نہ کوئی حصہ بنانے میں مشغول ہوتا ہے۔ بچے جوں جوں بڑے ہوتے ہیں زیادہ مشکل کھیل کھیلنے میں مصروف ہو جاتے ہیں جن میں بچے منصوبہ بندی اور عملدرآمد میں ایک دوسرے سے تعاون کرتے ہیں۔

کھیل اس حوالے سے بھی بچوں کے لئے اہم ہیں کہ یہ ان کی لسانی، ادراکی اور سماجی مہارتوں کی مشق کراتے ہیں اور ان کی شخصیت کی نشوونما میں حصہ ڈالتے ہیں۔ بچے کھیل کے دوران اپنا ذہن استعمال کرتے ہیں اور یہ اداکاری کرتے ہیں کہ وہ کسی دوسرے شخص کی طرح ہیں۔ ایسا کرتے ہوئے وہ مجرد سوچ کی جانب ایک قدم آگے بڑھاتے ہیں اور ٹھوس اشیاء پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے اپنے خیالات کو آزاد کرتے ہیں۔ تخلیقی سرگرمیوں کے لئے بھی کھیل نہایت اہم ہیں کیونکہ یہ بچے کو زیادہ لچکدار بناتے ہیں۔ ویگوتسکی کے نظریات میں بھی کھیل اہم کردار ادا کرتے ہیں کیونکہ یہ بچوں کو آزادانہ طریقے سے سوچ کے راستے تلاش کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ ویگوتسکی کے مطابق کھیل کے دوران بچہ ہمیشہ اپنی اوسط عمر سے بڑا اور اپنے روزانہ کے رویے سے آگے ہوتا ہے۔

پری سکول بچوں کے کھیل پر مختلف عوامل اثر انداز ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر دیگر بچوں کے ساتھ باہم تعلق اس بات پر منحصر ہے کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ کس طرح تعامل کرتے ہیں۔ تین سالہ بچہ جس کے والدین کے ساتھ گرم جوش تعلقات ہوں، کم محفوظ تعلقات رکھنے والے بچوں کے مقابلے میں زیادہ بہتر طریقے سے سماجی

کھیل میں حصہ لے سکتا ہے اور ساتھیوں کے ساتھ تنازعات حل کر سکتا ہے۔ بچے اپنے جیسے اور ہم جنس بچوں کے ساتھ زیادہ بہتر کھیلتے ہیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق کھلونے اور کھیل کے مواقع فراہم کر کے ان کی سماجی مہارتوں کی بہتر نشوونما کی جا سکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال 5- پری سکول بچوں میں سماجی مہارتوں کو نشوونما دینے والی سرگرمیاں کون سی ہیں؟ سماجی تعلم کے فروغ کے آلات کی وضاحت کریں۔

جواب: پری سکول بچوں میں سماجی مہارتوں کو نشوونما دینے والی سرگرمیاں

پری سکول بچوں کا اپنے ساتھیوں سے زیادہ تر رابطہ کھیل کود کے دوران ہوتا ہے، وقت کے ساتھ ساتھ پری سکول بچوں میں سماجی مہارتوں کو فروغ دینے کے لئے ضروری ہے کہ انہیں مذاکرات، سمجھوتہ اور ایک دوسرے [illegible] تعاون [illegible] سکھایا جائے۔ بچے جنہیں کھیل کے دوران مسلسل سماجی مسائل کا سامنا رہتا ہے کو تنازع کا حل سکھانا [illegible] رہتا ہے۔ پری سکول بچوں میں میل جول اور دوستی پروان چڑھانے کے لئے کمرہ جماعت میں کئی قسم کی سرگرمیاں [illegible] تیار کی جا سکتی ہیں ان میں کچھ درج ذیل ہیں۔

1- کھیل (Games)

☆ ایسے کھیل منتخب [illegible] جائیں جن میں بچوں کو جوڑوں یا چھوٹے گروپوں کی شکل میں حصہ لینا پڑے۔ بچوں کو اپنے ساتھی کے انتخاب کی اجازت دی جائے یا مل کر کام کرنے اور نئی دوستیوں کو فروغ دینے کے لئے بچوں کا انتخاب کیا جائے۔

☆ مثبت جسمانی تعامل کو فروغ دیا جائے [illegible] بچہ [illegible] ساتھی کی کمر پر انگلی سے سانپ کی تصویر بنائے اور اس سے پوچھے کہ اس نے کون سی انگلی استعمال کی ہے، پھر دوسرا بچہ اس سوال کا جواب دینے کی کوشش کرے۔

2- ناموں کا گیت (Name Song)

اس کھیل میں بچے تفریح کے انداز میں دوسرے بچوں کے [illegible] دیکھتے ہیں [illegible] دھن پر گائے گئے گیت پر بچے باری باری ہاتھ ہلا کر اپنا نام پکارتے ہیں۔

3- کتابیں

بعض اوقات بچے کے لئے دوست بنانا کافی مشکل کام ہو سکتا ہے، بچوں کی بہت سی کتابیں دوستی اور

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 29 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



تعلقات کے فرق کو واضح کرتی ہیں، کہ کہیں پڑھتے وقت بچوں پر یہ فرق واضح کرنا چاہئے، اس ضمن میں اساتذہ رول ماڈل کا کردار ادا کر سکتے ہیں اور بچوں کو مختلف مثالوں سے سمجھا سکتے ہیں۔

سماجی تعلم کے فروغ کے آلات (Tools for Promoting Social Learning)

ہائی سکوپ اپروچ (High Scope Approach) متحرک اور شمولیتی تعلم پر زور دیتی ہے۔ یہ طریقہ بڑوں کو وہ آلات فراہم کرتا ہے جن کی مدد سے وہ بچوں کو بڑوں اور ساتھیوں سے مضبوط [illegible] تعلقات قائم کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ اساتذہ، کمرہ جماعت میں مثبت ماحول تخلیق کرنا سکھاتے [illegible] سماجی مہم جوئی بنیاد ہے۔ اس اپروچ کے ذریعے حاصل ہونے والی سماجی مہارتیں نہ صرف سکول میں بچوں کی مدد کرتی ہیں بلکہ [illegible] نے والی زندگی میں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کی قابلیت بھی پیدا کرتی ہیں۔

1- مشفقانہ سماجی ماحول (Nurturing Social Environment)

پری سکول عمر میں گرمجوشی اور شفقانہ ماحول قائم کرنے سے نہ صرف بچوں کو پراعتماد تعلقات قائم کرنے میں مدد ملتی ہے بلکہ تمام شعبوں میں تعلم کو فروغ ملتا ہے۔ کمرہ جماعت کی مثبت اور معاون فضا میں بچے مصروف اور سیکھنے پر مائل رہتے ہیں۔ سماجی تعلم کے شعبے میں بچوں میں مایوسی یا فرسٹریشن سے نمٹنے اور سماجی تنازعات حل کرنے میں بھی استاد کا اہم کردار ہوتا ہے۔

2- تنازعات حل کرنے کے اقدامات (Conflict Resolution Steps)

☆ بچوں کو پرسکون انداز میں نقصان پہنچانے والے اقدامات سے روکیں، جھگڑے کے دوران بچوں کے درمیان آجائیں، نرم آواز اور شفقانہ لہجہ استعمال کریں، کسی کی حمایت کے بجائے غیر جانبدار رہیں۔

☆ سادہ الفاظ میں بچوں کے احساسات کا اعتراف کریں اور انہیں یہ بتائیں کہ آپ وجہ تنازع بننے والی شے کو اپنے قبضے میں لے لیں گے۔

☆ معلومات اکٹھی کریں اور پوچھیں مسئلہ کیا ہے؟ کیوں کا سوال نہ کریں کیونکہ بچے مسئلے پر توجہ مرکوز کئے ہوتے ہیں اس کے پیچھے وجہ کو وہ نہیں سمجھتے۔

☆ مسئلے کو دوبارہ بیان کریں، اس ضمن میں بچوں کے ذخیرہ الفاظ کو استعمال کریں اور اگر ضرورت ہو تو سخت اور فیصلہ کن الفاظ جیسے "بے وقوف" کہنے کی بجائے متبادل اور نرم الفاظ استعمال کریں۔

☆ بچوں سے ہی مسئلے کا حل پوچھیں اور ان میں سے کسی ایک حل کا انتخاب کریں، حل تلاش کرنے کے لئے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اگر وہ ناکام رہیں تو خود کوئی حل پیش کریں۔

☆ مسئلے کے حل کے بعد بھی تعاون جاری رکھیں اور اس ضمن میں بچوں کی کامیابی کا اعتراف کریں، قریب ٹھہرے رہیں تاکہ اگر کوئی بچہ مسئلے کے حل سے خوش نہیں تو یہ عمل دہرایا جا سکے۔

☆ مسائل کے حل میں بچوں کے خیالات کا احترام کیا جانا چاہئے خواہ بڑوں کو وہ حل مناسب نہ لگے۔ اہم بات یہ ہے کہ بچے کسی حل پر متفق ہوئے ہیں اور انہوں نے خود کو مسئلہ حل کرنے والے کے طور پر منوایا ہے۔

☆☆☆☆☆

6- کنڈرگارٹن، پرائمری اور ایلیمنٹری سکول کے بچوں کی سماجی خصوصیات کون سی ہیں؟ ان کی سماجی نشوونما [illegible] فروغ دینے والی سرگرمیاں بیان کریں۔

جواب: کنڈرگارٹن، ابتدائی پرائمری سکول کے (پانچ اور چھ سال کے) بچوں کی سماجی خصوصیات

[illegible] کنڈرگارٹن ابتدائی پرائمری سکول کے بچے جن کی عمریں پانچ اور چھ سال تک ہوتی ہیں کی سماجی خصوصیات درج ذیل بیان [illegible] ہیں:

Elmas Ali

i- بہت زیادہ گھلنے ملنے والے [illegible] دوستی بنانے والے ہوتے ہیں۔

ii- خود پر زیادہ انحصار کرتے ہیں۔

iii- اہداف کے حصول میں ثابت قدم رہتے ہیں، منصوبہ بندی اور اس پر عملدرآمد کر سکتے ہیں۔

iv- اکثر دو، تین دوستوں کے ساتھ کھیلتے ہیں خواہ وہ [illegible] تھوڑا ہوا۔ اپنے کردار تبدیل کرتے ہیں۔

v- دوسروں کے ساتھ مقابلہ، اختیار کرنا شروع کرتے ہیں۔

vi- چھ سال کا ہونے پر اپنی بات زور دے کر منواتے ہیں، اکثر صورتوں میں [illegible] ہیں۔

vii- اول رہنے کی خواہش ہوتی ہے اور ناکامی [illegible] برداشت کرتے ہیں۔

viii- چیزیں اپنے قابو میں رکھنا چاہتے ہیں اور شیخی بھی بگھارتے ہیں۔

ix- محبت کی خواہش رکھتے ہیں، والدین کے ساتھ اکثر کا رتبہ ظاہر کرتے اور پیار کا ہوتا ہے۔

x- صنفی کردار زیادہ نمایاں ہو جاتا ہے۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



-xi کپڑوں کے حوالے سے فکر مند ہوتے ہیں۔

-2 کنڈرگارٹن، ابتدائی پرائمری سکول میں سماجی نشوونما کو فروغ دینے والی سرگرمیاں

پیلگرینی (Pellegrini) کے مطابق سماجی کھیلوں اور خصوصاً روپ دھارنے کے کھیلوں میں Pretend social play میں ڈھ[illegible] بچے مناسب سماجی رویے سیکھتے ہیں۔ روپ دھارنے کے کھیلوں [illegible] پڑھنے کی مہارتیں شامل ہوتی ہیں جن میں دوسرے کے ارادوں اور متوقع اقدا[illegible] کو جانچا جا[illegible] ہے۔ سماجی رویوں کے فروغ کے لئے بچوں کو رہنمائی بھی درکار ہوتی ہے۔ سماجی نشوونما کو فروغ دینے [illegible] چند سرگرمیاں درج ذیل ہیں۔

(i) نام کا کھیل (The Name Game)

ساندرا سینڈی اور کیتھ لین کوچرن (Sandra Sandy and Kathleen Cochran) کے مطابق چھوٹے بچوں کو کسی کی توجہ حاصل کرنے کی اہمیت سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ساندرا اور کیتھ لین نے سماجی مہارتیں سکھانے کے لئے ایک چھوٹا سا کھیل متعارف کرایا جس میں بچوں کو دائرے میں بٹھا کر کسی ایک کو گیند پکڑایا جاتا ہے اور اسے کہا جاتا ہے کہ دائرے میں موجود کسی بچے کا نام لے کر گیند اس کے حوالے کرے۔ گیند لینے والا بچہ یہ عمل دہراتا ہے اور اس طرح کھیل جاری رہتا ہے۔

(ii) رہنما کی پیروی (Follow the Leader)

بچوں کو کہا جائے کہ وہ قطار بنا کر لیڈر کے پیچھے کھڑے ہو جائیں اور رکاوٹوں والے راستے پر اس کے پیچھے پیچھے چلیں، بچوں کو قطار میں رہتے ہوئے یہ سفر کرنا ہوگا۔

-3 کنڈرگارٹن، پرائمری سکول کے (سات اور آٹھ سال کے) بچوں کی سماجی خصوصیات

لیٹ کنڈرگارٹن یا پرائمری سکول کے بچے جن کی عمریں سات اور آٹھ سال تک ہوتی ہیں ان میں درج ذیل سماجی خصوصیات ہوتی ہیں۔

-i مخالف جنس کے بجائے اپنے ہم جنس بچوں سے تعلقات بناتے ہیں۔

-ii ہم پلہ بچوں Peer کے گروپ بننا شروع ہوتے ہیں۔

-iii صنفی شناخت میں تحفظ محسوس کرتے ہیں۔

-iv دنیا سے الگ اور خود میں مگن رہنے کی کیفیت پائی جاتی ہے۔

-v خود مختار طریقے سے کھیلنا اور کام کرنا شروع کرتے ہیں۔

-vi دلیل سے بات کرنے کا انداز اختیار کرتے ہیں۔

-vii سات سال کے بچے ہار قبول کرنا نہیں سیکھتے، چغلی کرتے ہیں۔

-viii آٹھ سال کا ہونے پر اچھے طریقے سے کھیل کھیلتے ہیں اور جیت کی تمنا رکھتے ہیں۔

-ix دیانتدار ہوتے ہیں اور معمول کے چھوٹے چھوٹے کاموں کی ذمہ داری لے سکتے ہیں۔

Elmas Ali

-x خود غرضی کم ہوتی ہے۔

-xi [illegible] کر چلنا اور دوسروں کو خوش کرنا چاہتے ہیں۔

-xii [illegible] مصروف رہتے ہیں اور لطف اٹھاتے ہیں۔

-xiii [illegible] پسند ہوتے ہیں۔

-4 پرائمری سکول میں سماجی نشوونما کو فروغ دینے والی سرگرمیاں

پرائمری سکول [illegible] نشوونما کو فروغ دینے کے لئے اساتذہ کی طرف سے درج ذیل سرگرمیاں اختیار کی جا سکتی ہیں۔

(i) سوالات پوچھنا

کسی مضمون کے بارے میں زیادہ [illegible] معلومات لینے کے لئے سوالات کرنا بہترین طریقہ ہے۔ سوالات پوچھنے سے بچوں میں دوسروں کے لئے دلچسپی ظاہر [illegible] ہے۔ سوالات کے جوابات سے نئی چیزیں سیکھنے کو ملتی ہیں اور نئے دوست بنتے ہیں۔ کمرہ جماعت میں سوالات [illegible] ذریعے کسی شے مثلاً وال کلاک کو بوجھنے کا کھیل کھیلا جا سکتا ہے۔

(ii) تقسیم کرنا یا شیئر کرنا

بچوں کو سمجھانا چاہئے کہ کوئی چیز دوسروں [illegible] کی کیا اہمیت ہے، اس عمل سے ہمدردی اور سماجی تعامل کی مہارتیں نشوونما پاتی ہیں۔ بچوں کے لئے تقسیم کرنے کی عادت کو سیکھنا مشکل ہوتا ہے [illegible] میں انہیں کچھ کھونا پڑتا ہے۔ اس لئے بچوں کو سخاوت کے بارے میں بتانا چاہئے اور یہ کہ جب آپ کوئی شے کسی کو دیتے ہیں تو اچھا محسوس ہوتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



64 سطر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

ایلیمنٹری سکول میں بچوں کی سماجی خصوصیات

5- ایلیمنٹری سکول کی سطح پر بچے درج ذیل سماجی خصوصیات رکھتے ہیں۔

i- گھر سے باہر سماجی تعلقات کو وسعت دینا چاہتے ہیں۔

ii- ہم پلہ بچے Peers بہت اہمیت اختیار کر جاتے ہیں۔

iii- گروپ بنا کر دوستوں میں رہنا پسند کرتے ہیں۔

iv- اپنے دوستوں کی طرح بننا اور گروپ کی طرف سے قبول چاہتے ہیں۔

v- مقابلہ بازی کے بجائے تعاون کی سوچ پیدا ہوتی ہے۔

vi- بڑے بچوں، خاندان کے افراد یا اساتذہ سے متاثر ہوتے ہیں اور ان کی تعریف کرتے ہیں۔

6- ایلیمنٹری سطح پر سماجی سرگرمیاں

تھامپسن اور گڈمین (Thompson & Goodman) کے مطابق بچے جن کا اساتذہ کے ساتھ گرمجوش اور مثبت تعلق ہوتا ہے وہ سکول کے بارے میں زیادہ مثبت رویہ رکھتے ہیں، سیکھنے کے عمل میں زیادہ پرجوش ہوتے ہیں اور زیادہ کامیابیاں سمیٹتے ہیں۔ کمرہ جماعت کے ماحول میں گروہی مہارتیں بھی خاص اہمیت رکھتی ہیں۔ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ بچے گروپ میں بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں۔ دلچسپی کے میدان کی شناخت میں بچوں کی مدد پہلا قدم ہے جو کسی گروپ میں شمولیت کے لئے ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

7- کمرہ جماعت کی سرگرمیاں

ایلیمنٹری سکول کی سطح پر بچوں میں سماجی مہارتوں کو نشوونما دینے کے لئے کمرہ جماعت کی سرگرمیاں درج ذیل ہیں۔

(i) مستعد ہو کر سننا (Active Listening)

سب سے اہم سماجی مہارت سننا ہے۔ مستعد سامع بولنے والے پر یہ ظاہر کرتے ہیں کہ وہ ان پر توجہ دے رہے ہیں۔ یہ عمل مختلف جسمانی حرکات سے واضح ہوتا ہے جیسے آنکھوں کا رابطہ، بولنے والے کی طرف رخ موڑنا اور خاموش رہنا وغیرہ۔ مستعد ہو کر سننا سکھانے کے لئے ایک مقبول طریقہ ہے جس میں لوگوں کو تین کردار دیئے جاتے ہیں، ایک بولنے والا، دوسرا سننے والا اور تیسرا مبصر یا اپنی رائے دینے والا۔ سپیکر کو کسی موضوع پر چند

بولنے کو کہا جاتا ہے، سننے والا پوری توجہ سے سنتا ہے اور پھر اسے اپنے الفاظ میں دہراتا ہے۔ مبصر کا کام بولنے والے اور سننے والے کو جانچنا ہے۔ مبصر کی رائے کے بعد کردار بدل کر یہ کھیل دہرایا جا سکتا ہے۔

(ii) آنکھیں بند کر کے چلنا (The Blindfolded Walk)

اس کھیل میں رکاوٹوں والا راستہ بنایا جاتا ہے، کچھ افراد کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی جاتی ہے اور کچھ رہنما کا کردار ادا کرتے ہیں، رہنما آنکھوں پر پٹی باندھے افراد کو ہاتھ سے پکڑ کر اس راستے سے گزرتے ہیں اس دوران بات چیت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ راستہ ختم ہونے پر کردار بدل کر کھیل دہرایا جاتا ہے۔

(iii) گروپ میں شمولیت (Joining a Group)

سرگرمی میں ایسے طریقے ڈھونڈنے میں بچوں کی مدد کی جاتی ہے جس کے ذریعے وہ یکساں بچے... والے... تک پہنچ سکیں تاکہ گروپ کی تعداد میں اضافہ ہو سکے۔ اس کی مہارتوں میں دوست بنانا شامل ... بچوں ... کیا جاتا ہے کہ وہ کسی گروپ میں شمولیت کے لئے اپنی ذاتی دلچسپی کو مدنظر رکھیں۔ زندگی ... مختلف ... جی گروپوں میں شمولیت اختیار کرتے ہیں۔ مثلاً سکاؤٹس، سپورٹس ٹیم وغیرہ۔ سکول کی ... ایک ط... کا گروپ ہی ہے۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



باب 5

جذباتی نشوونما
Emotional Development

سوال 1- جذباتی نشوونما سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت بیان کریں۔

(Emotional Development) جواب:1- جذباتی نشوونما

جذباتی نشوونما چونکہ سماجی ماحول میں جنم لیتی ہے اس لئے جذباتی اور سماجی نشوونما کو الگ الگ نہیں کیا جا سکتا۔ نشوونما کے یہ دونوں پہلو نشوونما کے دیگر افعال پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ صحت مند سماجی و مستقبل میں تعلیمی، سماجی اور جذباتی نشوونما بچوں کی صحت مند ادراکی نشوونما سے قریبی تعلق رکھتی ہے اور جذباتی کامیابیوں کے لئے بنیاد فراہم کرتی ہے۔

جذباتی نشوونما بچے کے تجربات، سمجھ بوجھ، اظہار اور جذبات کے نظام کی شروعات ہے۔ اس میں یہ امر بھی شامل ہے کہ جذبات سے متعلق افعال کیسے نشوونما پاتے ہیں اور اس میں کیسے تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں؟ بچے یہ کیسے جاننا شروع کرتے ہیں کہ وہ کون ہیں، وہ کیا محسوس کرتے ہیں اور دوسروں سے کیا کچھ حاصل کرنے کی توقع رکھتے ہیں؟ یہ تصورات سماجی و جذباتی نشوونما کی اساس ہیں اور بچے کی خود اعتمادی، ہمدردی، طویل المدت دوستی بنانے اور اپنے اردگرد افراد کی قدر اور ضرورت جاننے کے عمل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سماجی و جذباتی نشوونما، نشوونما کے دیگر تمام پہلوؤں پر بھی اثر انداز ہوتی ہے، مثلاً ادراکی، حرکی اور لسانی نشوونما اس امر سے بہت زیادہ متاثر ہوتی ہے کہ بچہ اپنے بارے میں کیا محسوس کرتا ہے اور اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار کیسے کرتا ہے۔

ماہرین ابتدائی بچپن میں صحت مند سماجی و جذباتی نشوونما کو ذہنی صحت کیلئے ضروری بھی قرار دیتے ہیں۔ صحت مند سماجی و جذباتی نشوونما میں پائیدار اور مثبت تعلقات بنانے اور قائم رکھنے، تجربات کرنے،

جذبات کے اظہار اور انہیں قابو میں رکھنے، ماحول کو جاننے اور اس میں کام کرنے کی صلاحیتیں شامل ہیں۔ ایسے بچے جن میں سماجی و جذباتی مہارتیں اچھی طرح نشوونما پائی ہوتی ہیں وہ اپنے خیالات اور جذبات کا بہتر اظہار کر سکتے ہیں، دوسروں کے لئے ہمدردی کے جذبات رکھتے ہیں، مایوسی اور ناپسندیدگی کے احساسات کو قابو کر سکتے ہیں، خود اعتمادی محسوس کرتے ہیں، زیادہ آسانی کے ساتھ دوست بنا سکتے ہیں اور سکول میں کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔

(Importance of Emotional Development) جذباتی نشوونما کی اہمیت -2

سماجی و جذباتی نشوونما اس چیز کے لئے بنیاد فراہم کرتی ہے کہ ہم اپنے اور دوسروں کے بارے میں کیا محسوس کرتے ہیں؟ یہ بنیاد بچے کی پیدائش کے ساتھ ہی پڑ جاتی ہے اور زندگی بھر نشوونما پاتی رہتی ہے۔ بچے کے ماں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت، مثبت ابتدائی نگہداشت اور تعلقات اس کی سماجی و جذباتی اور ذہنی نشوونما پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔ بچے کی ماں یا نگہداشت کرنے والے کے ساتھ وابستگی ایک خوبصورت رشتہ ہے جو بچے کی نشوونما میں نشوونما پاتا ہے۔ یہ تعلقات بچے کی ماں کے ساتھ جسمانی اور جذباتی قربت اور ماں کے جوابی ردعمل کو مدنظر لیتے ہیں۔ یہ تعلقات بچے کے اپنے اور اس دنیا کے بارے میں محسوسات اور توقعات پر دیرپا اثرات مرتب کرتے ہیں۔ روز بروز پیش آنے والے مختلف جذبات پر بچوں کا ردعمل ان کی پسندیدگی، رویے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کے عمل پر بہت بڑا اثر ڈالتا ہے۔

یہ جاننا کہ جذبات کیوں اور کیسے ظاہر ہوتے ہیں، اپنے اور دوسروں کے احساسات کی شناخت اور ان جذبات کو قابو کرنے کے لئے مؤثر طریقے سیکھنا جذباتی نشوونما کے افعال ہیں۔ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں کو مختلف مواقع اور حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے ان کی جذباتی زندگی زیادہ پیچیدہ ہو جاتی ہے۔ مختلف جذبات کو قابو میں کرنے کے لئے مہارتوں کا نشوونما پانا جذباتی صحت کے لئے بہت اہم ہوتا ہے۔

والدین اور خاندان کے افراد بچے کی جذباتی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، وہ بچوں کے جذبات کا مؤثر طریقے سے جواب دیتے ہیں اور انہیں مثالیں دے کر سمجھاتے ہیں کہ وہ جذبات کو کیسے قابو کریں۔ اسی طرح اساتذہ بچوں کی جذباتی نشوونما کے لئے کافی رہنمائی فراہم کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 2- جذباتی نشوونما کے کون کون سے پہلو ہیں؟ وضاحت کریں۔

(Aspects of Emotional Development) جواب: جذباتی نشوونما کے پہلو

جذباتی نشوونما کے چند بنیادی پہلو ہیں۔ ان میں مشتقاتہ ماحول، جذبات کا علم اور قواعد، سماجی فہم،

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



تعلقات کی دیکھ بھال اور سماجی ذمہ داری شامل ہیں، ان کی وضاحت ذیل میں کی گئی ہے۔

1- مشفقانہ ماحول (Caring Environment)

ابتدائی بچپن میں ماں یا نگہداشت کرنے والے کے ساتھ مہربان اور قابل اعتماد تعلقات استوار کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ڈین ہیم اور وائزبرگ (Denham & Weissberg) کے مطابق یہ تعلقات بچے کو مثبت سماجی تعلقات کے لئے داخلی نمونہ کار فراہم کرتے ہیں۔

2- جذبات کا علم اور قواعد (Emotional Knowledge & Regulations)

اپنی ذات اور دوسروں میں جذبات کی شناخت اور جذبات کے ردعمل میں تاخیر کرنے کی قابلیت سماجی استعداد میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کا مقصد احساسات کا رخ قابل قبول سماجی رویوں کی جانب سوچ ہے۔ سماجی و جذباتی نشوونما کے ابتدائی مراحل میں شیر خوار اور چھوٹے بچے جذبات کا سامنا کرتے ہیں، ان کے انداز میں ردعمل دیتے ہیں۔ زبان اور دیگر ادراکی مہارتوں جیسے توجہ قائم رکھنا اور استدلال کی نشوونما کے آغاز کے ساتھ ہی بچے جذباتی ہیجان کا جواب دینے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں وہ ان مہارتوں کو استعمال کرتے ہوئے پیشگی سوچتے اور اس پر عمل کے لئے متبادل منصوبے تیار کرتے ہیں۔

گرین برگ، کش اور ی ہالک (Greenberg, Kusch, & Mihalic) کے مطابق کسی جذبے کو نام دینے کا عمل اسے ذہن کے لسانی یا ادراکی حصے میں منتقل کرنے میں مدد دیتا ہے، اس سے احساس اور عمل میں فاصلہ پیدا ہوتا ہے جو بالآخر بچوں میں احساسات کو اس انداز میں پراسیس کرنے میں مدد دیتا ہے جو متعامل reactive سے زیادہ ادراکی ہوتے ہیں۔ بچے بہت کم عمری میں بنیادی جذبات مثلاً خوشی اور اداسی کو پہچاننے کے قابل ہو جاتے ہیں تاہم وہ اکثر غصے اور خوف کو گڈمڈ کر جاتے ہیں۔ ڈین ہیم اور وائزبرگ (Denham & Weissberg) کے مطابق چار سال سے سات سال تک کی عمر کے بچے جذبات کے زیادہ پیچیدہ پہلوؤں کو سمجھنا شروع کر دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر وہ یہ سمجھنا شروع کر دیتے ہیں کہ لوگ مختلف جذبات کا اظہار کرتے ہیں اور یہ کہ ایک ہی واقعہ کو مختلف لوگ مختلف طریقے سے محسوس کرتے ہیں۔

3- سماجی فہم (Social Understanding)

عام طور پر چار سال کی عمر میں بچے یہ سمجھنا شروع کر دیتے ہیں کہ دوسرے لوگوں کی ایک اندرونی دنیا ہوتی ہے جہاں وہ اپنے احساسات اور خیالات کو رکھتے ہیں اور یہ کہ بعض مخصوص واقعات یا اعمال مخصوص جذباتی ردعمل کا باعث بنتے ہیں۔ اسی طرح دوسروں کے جذبات کا ادراک کرنے سے ہمدردی کا جذبہ ابھرتا ہے۔

4- تعلقات کی دیکھ بھال (Relationship Management)

سماجی روایات کا علم بچوں کے باہمی تعلقات پر اثر انداز ہوتا ہے۔ یہ بچے کو اپنے جذبات کے موثر اظہار اور مسائل سے نمٹنے میں مدد دیتا ہے۔

5- سماجی ذمہ داری (Social Responsibility)

جذبات کو صرف جاننا ہی کافی نہیں ہوتا، سماجی و جذباتی تعلیم کا مقصد بچے کو اس قابل بھی بنانا ہوتا ہے کہ وہ دوسروں کے ساتھ مہربانی سے پیش آئیں اور اخلاقی اقدار پر مشتمل نظام کو نشوونما دیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: جذباتی نشوونما پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون کون سے ہیں؟

جواب: **جذباتی نشوونما پر اثر انداز ہونے والے عوامل**

(Factors Affecting Emotional Development)

سماجی و جذباتی نشوونما میں ماحولیاتی اور ذاتی مسائل رکاوٹ ڈال سکتے ہیں۔ بچوں کی صحت مند نشوونما کے لئے ضروری ہے کہ ان کے ساتھ مسلسل تعامل رکھا جائے اور ان کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے علاوہ ان کی تربیت کی جائے۔ نشوونما کے حوالے سے ہر بچے کی اپنی رفتار ہوتی ہے اس کے علاوہ بہت سے داخلی اور خارجی عوامل بچے کی جذباتی نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

1- داخلی عوامل

مزاج جو شخصیت کا جینیاتی حصہ ہوتا ہے بچوں کے جذباتی اظہار پر اثر انداز ہوتا ہے، بچے جو مزاجاً زیادہ روادار اور پرسکون ہوتے ہیں جذبات کو بہتر طریقے سے قابو کر سکتے ہیں۔ وہ دوسروں کے جذبات کو سمجھنے کے علاوہ مثبت ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔ [illegible] کے حامل بچوں کو اپنے جذبات پر قابو پانے کی کوشش کرنا پڑتی ہے، عام طور پر وہ دوسرے لوگوں کے جذبات کا غصے کی حالت میں ردعمل دیتے ہیں۔

2- خارجی عوامل

بیرونی عوامل میں ماحول اور قابل تقلید افراد یا رول ماڈل بچوں کی جذباتی نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ برون فین بینر Bronfenbrenner کا ماحولیاتی تصور مختلف ماحولیاتی تبدیلیوں کا بچے کی سماجی و جذباتی نشوونما پر اثر انداز ہونے کی وضاحت کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



70

سبق انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

سوال 4۔ ایرک ایرکسن کے نظریہ سماجی و جذباتی نشوونما کی وضاحت کریں۔

جواب: ایرک ایرکسن کا نظریہ سماجی و جذباتی نشوونما

(Erik Erikson's theory of Socio-Emotional Development)

جذباتی نشوونما تنہائی میں وقوع پذیر نہیں ہوتی، اور ای۔ کرداری اور سماجی نشوونما جذباتی نشوونما کے ساتھ ساتھ کریم کرتی ہیں اس ضمن میں ماحول بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ایرک ایرکسن کے نظریہ سماجی جذباتی نشوونما پہلے چار مراحل کی تفصیل درج ذیل ہے جو بچوں کی جذباتی نشوونما کے حوالے اہمیت رکھتے ہیں۔

نشوونما کی سطح	عمر	تفصیلات
(اعتماد بمقابلہ عدم اعتماد) شیر خوار بچے کو گہداشت کرنے والے کی مسلسل ضرورت ہوتی ہے جو اسے بنیادی ضروریات اور تربیتی ماحول فراہم کرتا ہے۔	پیدائش سے ڈیڑھ سال	شیر خوار بچوں کو والدین کے ساتھ قابل اعتماد اور محبت والا رشتہ درکار ہوتا ہے تاکہ اعتماد کا احساس نشوونما پا سکے، جن بچوں کو ایسا ماحول نہ ملے ان میں دوسروں کے لئے عدم اعتماد کا احساس پیدا ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔
(خودمختاری بمقابلہ خجالت و شک) اس عمر کے بچوں کو خیال رکھنے والے بڑوں کی ضرورت ہوتی ہے جو انہیں محفوظ ماحول فراہم کر سکیں تاکہ انہیں نئی جسمانی مہارتیں سیکھنے کا موقع مل سکے۔	ڈیڑھ سے تین سال	اس عمر میں بچے زیادہ خودمختار ہوتے ہیں، چلنا، دوڑنا تصویر کشی اور بولنا سیکھتے ہیں، ہاتھ کی تربیت بھی اس مرحلے میں اہم ہوتی ہے۔ نئی مہارتیں سیکھنے کے دوران جن بچوں کو بڑوں کا تعاون اور حوصلہ افزائی میسر ہوتی ہے وہ خود کو ذمہ دار اور قابل محسوس کرتے ہیں، دوسری صورت میں انہیں اپنی صلاحیتوں میں شک پیدا ہو جاتا ہے اور وہ خود اعتمادی سے محروم ہو جاتے ہیں۔
(پیش قدمی بمقابلہ تقصیر) پرکی سکول بچوں کو محفوظ ماحول کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ چیزوں کے انتخاب کے لئے ان کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔	تین سے چھ سال	اس عمر میں بچے مختلف کاموں میں زیادہ پیش قدمی کرتے ہیں اور اپنی بات منواتے ہیں۔ اساتذہ اور والدین کو چاہئے کہ وہ بچوں کو ایسا ماحول فراہم کریں جو ان کی سرگرمیوں کے لئے معاون ہو اور انہیں ناخوشگوار انجام سے بچائیں جو کہ ان میں قصوروار ہونے کا احساس پیدا کر سکتا ہے۔

71

سبق انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

(محنت بمقابلہ کمتری) سکول جانے والے بچوں کو ایسا ماحول اور حوصلہ افزائی کرنے والے بڑے درکار ہوتے ہیں جن کی موجودگی میں ان کے لئے خود اپنے نظریات تخلیق کرنے کے مواقع پیدا ہو سکیں۔	چھ سے بارہ سال	اس عمر کے بچے زیادہ پیچیدہ سماجی اور تعلیمی مہارتیں سیکھتے ہیں۔ کامیابیاں حاصل کرنے والے بچے خود کو مفید اور مطمئن تصور کرتے ہیں، دوسری صورت میں ناکامیوں کا سامنا کرنے والے بچے خود کو کمتر اور نااہل محسوس کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ بڑوں کی ایسی رہنمائی جو غلطیوں پر کم توجہ رکھے بچے کی کامیابیوں پر توجہ بڑھانے میں مدد دے سکتی ہے۔

بچے کی صحت مند سماجی و جذباتی نشوونما کا انحصار اپنی نگہداشت کرنے والوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت پر ہوتا ہے۔ ایرکسن کا نظریہ بڑوں کے ساتھ ان تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے جو بچے کی صحت مند جسمانی و جذباتی نشوونما کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال 5۔ پرائیویٹ، گورنمنٹ اور ایلیمنٹری سکول کے بچوں کی جذباتی خصوصیات بیان کریں۔

جواب: 1۔ [illegible] بچوں کی جذباتی خصوصیات

سکول جانے والے بچوں کی عمر [illegible] بچوں کے جذبات زیادہ تر سطحی ہوتے ہیں، پری سکول بچوں کی جذباتی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

☆ بچے بڑوں کو ہنستا یا کوئی عجیب و غریب حرکت کرتے دیکھ کر ہنستے ہیں، یہ اس مزاح کے پھیلاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔

☆ منفیت کم ہوتی ہے۔

☆ خوف اور فوبیا کا آغاز ہوتا ہے جو پانچ سال کی عمر تک جاری رہتا ہے۔

☆ چار سال کی عمر میں دانستہ جھوٹ بولنے کا آغاز ہو سکتا ہے۔

سماجی و جذباتی نشوونما کے لئے پری سکول سرگرمیاں

پری سکول بچوں میں جذباتی تصورات خصوصاً پیچیدہ تصورات کو سمجھنا کافی مشکل ہوتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ وہ بنیادی جذبات جیسے خوشی، اداسی، غصہ، تشویش پر توجہ مرکوز کریں۔ اس ضمن میں چارٹ پیپر پر مشتمل چہرہ بنا کر بچوں سے پوچھا جا سکتا ہے کہ وہ جو کچھ دیکھ رہے ہیں اس کا کیا مطلب ہے؟ وہ کیا چیزیں ہیں جو خوش ہونے کا باعث بنتی ہیں؟ خوش ہونے کے لئے وہ کیا کر سکتے ہیں؟ بچوں سے پوچھا جائے کہ اگر ان کا کوئی دوست

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



73 سطر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

3- ایلیمنٹری سکول کی سطح کے بچوں کی جذباتی خصوصیات

ایلیمنٹری سکول کی سطح پر بچے عام طور پر درج ذیل خصوصیات کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

- کوئی کام شروع کرتے ہوئے مشکل پیش آتی ہے جو بتدریج کم ہوتی جاتی ہے۔
- سکول کی کارکردگی کے حوالے سے کوئی فکر نظر آتی ہے۔
- ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور دوسروں کا نقطہ نظر سمجھا جاتا ہے۔
- حس مزاح جنم لیتی ہے جس کا اظہار پہیلیوں، لطیفوں، حماقتوں سے ہوتا ہے۔
- اچھے اور برے میں تمیز جنم لیتی ہے اگرچہ وہ خام نوعیت کی ہوتی ہے۔
- [illegible] میں بچے زیادہ حساس ہوتے ہیں اور جلد دل پر چوٹ محسوس کرتے ہیں۔
- ملکیت کا [illegible] جنم لیتا ہے اور بچے مختلف اشیاء اکٹھی کرتے ہیں۔

Elmas Ali

ایلیمنٹری [illegible] کی سرگرمیاں

ایلیمنٹری [illegible] دل کی سطح پر [illegible] میں جذباتی صحت کی نشوونما کیلئے مختلف سرگرمیوں کو فروغ دیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں گروہ جماعت [illegible] استاد [illegible] اہم ہوتا ہے جو انہیں پراعتماد بنانے کیلئے رول ماڈل بنتا ہے۔

آواز کے اتار [illegible] لیے بچوں کو جذباتی ابلاغ اور خود آگہی کی مہارتیں سکھائی جاتی ہیں، بچوں کو بتایا جاتا ہے کہ کیا ہے دلت کہی جا [illegible] ہوا ہم ہے لیکن اس کی بھی اہمیت ہے کہ وہ بات کیسے کہی جا رہی ہے۔ بعض اوقات آواز کا اتار چڑھاؤ الفاظ [illegible] یادہ مضبوط پیغام دیتا ہے۔ بعض اوقات ہمارا لہجہ الفاظ کے معنی [illegible] یل کر دیتا ہے۔ اس سلسلے میں بچوں کو دائر [illegible] میں بٹھا کر ایک ہی جملہ مختلف انداز مثلاً خوشی یا غصے میں بولنے کو کہا جاتا ہے۔

چہرے کے تاثرات کے ذریعے بھی جذباتی ابلاغ ممکن ہے۔ اس سرگرمی میں بچ [illegible] سے [illegible] جا سکتا ہے کہ وہ لوگوں کے چہروں کے تاثرات دیکھ کر کیا [illegible] لگاتے ہیں؟ بچوں کو بتائیں کہ لوگ [illegible] کے تاثرات کے محسوسات کو ظاہر کرتے ہیں، ان کے الفاظ سے زیادہ ان کا چہرہ جذبات بیان کر سکتا ہے۔ [illegible] اور [illegible] کے منہ سے ایک لفظ سنے بغیر ہم اس کے خوش، اداس یا غصے میں [illegible] کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ بات چیت کے دوران چہرے پر مناسب تاثرات نظر آنے چاہئیں، مثلاً جب کوئی مزاحیہ بات کر رہا ہوتا ہے تو چہرے پر

الریحان پبلی کیشنز۔ اُردو بازار لاہور

سطر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

ناخوش ہے تو وہ کیا کر سکتے ہیں؟ اسی طرح چارٹ پر ایک باراتی چہرہ بنا کر بچوں سے اسی طرح کے سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کہانیوں کی مدد سے بچوں کو جذبات کے بارے میں سمجھایا جا سکتا ہے۔

2- کنڈرگارٹن سطح کے بچوں کی جذباتی خصوصیات

پانچ سال کی عمر کے بچے جذبات کو قابو کرنا اور ان کا سماجی طور پر قابل قبول طریقوں سے اظہار کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ کنڈرگارٹن بچوں کی جذباتی خصوصیات درج ذیل ہیں۔ لیکن یہ بہت فوٹو [illegible] ہے،

- اس عمر کے بچوں میں اکثر جھگڑے ہوتے ہیں لیکن [illegible] کنفیوژن محسوس [illegible]
- چھ سال کی عمر میں بچوں کے جذبات میں تبدیلیاں آتی ہیں اور بچہ جذباتی
- سکول داخل ہونے سے نئی اقسام کے تفکرات پیدا ہوتے ہیں۔
- غصے سے پھٹ پڑنے کا عمل دیکھنے میں آتا ہے۔
- پانچ سال کی عمر میں شعور کی نشوونما ہوتی ہے جس اور غلط کا پتہ چلتا ہے۔
- چھ سال کی عمر میں قوانین کی قبولیت جنم لیتی ہے اور اکثر ان پر سختی سے عملدرآمد پر زور دیتے ہیں۔

کنڈرگارٹن سکول کی سرگرمیاں

کنڈرگارٹن سکول کی سطح پر بچوں میں جذباتی نشوونما کے لئے ایسے پراجیکٹ شروع کئے جاتے ہیں جس میں بچے کسی مقصد کے حصول کے لئے ایک دوسرے سے ٹل کر کام کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر بچوں کو گتے کے ڈبوں کو جوڑ کر ٹرین بنانے کا ٹاسک دیا جا سکتا ہے اس ضمن میں انہیں محدود تعداد میں ڈبے، رنگ اور مارکر دیئے جاتے ہیں تاکہ بچے مل کر ٹرین بنائیں اور کسی چیز کی ضرورت پڑنے پر ایک دوسرے سے شیئر کریں۔ جب بچے چیزیں شیئر کریں تو ان کی تعریف کی جانی چاہئے، اور ان سے پوچھنا چاہئے کہ جب وہ کسی شے کا انتظار کر رہے ہوتے ہیں اس وقت اور کیا کیا کام کر سکتے ہیں جیسے مارکر ملنے سے پہلے ڈبے کے کسی اور حصے پر رنگ بھر لینا وغیرہ۔

اسی طرح ایک اور سرگرمی میں مختلف جذبات والی تصاویر کاٹ کر ایک پیٹ بوٹ کری یا لفافے میں رکھ دی جاتی ہیں، پیٹ باری باری ہر بچے کے پاس جاتا ہے اور وہ اس میں سے ایک تصویر نکال کر تصویر میں دکھائے گئے جذبات کی نشاندہی کرتا ہے کہ وہ چہرہ خوش ہے یا اداس، یا غصے میں ہے۔ مختلف اخبارات یا میگزین میں ایسی ہی تصاویر بچوں کو دکھا کر جذبات کی نشاندہی میں بچوں کی مدد کی جا سکتی ہے۔

الریحان پبلی کیشنز۔ اُردو بازار لاہور

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



مسکراہٹ آجاتی ہے اور اگر غم والی بات سنائے تو چہرے پر سنجیدگی اور اداسی طاری ہو جاتی ہے۔ بچوں کو مختلف تاثراتی چہروں والی تصاویر دے کر ان کے بارے میں پوچھا جا سکتا ہے کہ ان میں سے کون سا چہرہ خوش، مایوس، کنفیوزڈ، غصے میں، حیران، متکبر، مطمئن یا بے یقینی کا شکار ہے۔

اپنے جذبات کے بارے میں گفتگو کرنے سے جذبات پر قابو پانے میں مدد ملتی ہے۔ بچوں کے لئے یہ جاننا ضروری ہوتا ہے کہ وہ مختلف مواقع پر کیا محسوس کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہیں چاہیے کہ وہ مناسب طریقے سے اپنے جذبات کا اظہار کریں۔ اگر آپ غصے میں ہیں تو غصہ چھپا کر [illegible] سے بہتر [illegible] کسی کو بتا دیا جائے، اگر آپ خوش ہیں تو دوسروں کے ساتھ اپنی خوشی شیئر کریں۔ دوسروں کو اپنے [illegible] سے آگاہ کرنے سے آپ بہتر محسوس کرتے ہیں۔

اس سرگرمی میں بچوں سے پوچھا جا سکتا ہے کہ مختلف صورت حال جیسے گھر تاخیر سے آنے پر ماں ناراض ہو، سخت محنت کے باوجود امتحان میں کم نمبر آجائیں، چونکہ آپ نے پڑھا نہیں اس لئے کم نمبر آئے، سکول میں آپ کا جیب خرچ کھو جائے، استاد کوئی سوال پوچھے اور آپ کو جواب نہ آئے تو آپ اس وقت کیسا محسوس کرتے ہیں؟

☆☆☆☆☆

Elmas Ali

باب 6

اخلاقی نشوونما

Moral Development

سوال 1- اخلاقی نشوونما سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت بیان کریں، اخلاقی نشوونما کے اجزاء کون سے ہیں؟

جواب:1- اخلاقی نشوونما (Moral Development)

بچے کی شخصیت کی تشکیل میں اخلاقی نشوونما کا اہم کردار ہے۔ اخلاقی نشوونما، سماجی، جذباتی اور ادراکی نشوونما کے ساتھ ساتھ فروغ پاتی ہے۔ اخلاقی نشوونما کا تعلق درست اور غلط کے شعور سے جڑا ہوتا ہے۔ یہ عمل شیر خوارگی سے لیکر بڑھاپے تک اخلاقیات کے آغاز، سمجھ بوجھ اور تبدیلی پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ شیفر (Shaffer) کے مطابق اخلاقیات ان اصولوں اور نظریات کا مجموعہ ہے جو کسی فرد کو درست اور غلط میں تمیز کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اخلاقی اصول اس جانب رہنمائی کرتے ہیں کہ لوگوں کو انصاف کے تناظر میں ایک دوسرے کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے۔ دوسرے معنوں میں اخلاقیات درست اور غلط کے شعور کا نام ہے۔

اخلاقی نشوونما میں تین امور شامل ہیں، پہلا درست اور غلط میں تمیز کر سکنا، دوسرا اس علم کو استعمال کرتے ہوئے پیچیدہ انتخاب میں مناسب فیصلے تک پہنچنا اور تیسرا مشکل صورتحال کے باوجود درست فیصلے پر عمل کرنا۔ اخلاقیات کی تشکیل میں کئی عوامل حصہ لیتے ہیں، بچوں کے [illegible]، دوستوں اور دیگر بڑے افراد کے ساتھ تعامل سے جنم لینے والے تجربات، جسمانی نشوونما، ادراکی، جذباتی اور [illegible] مہارتیں مل کر اخلاقی نشوونما پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

2- اخلاقی نشوونما کی اہمیت

کوئی بھی معاشرہ اخلاقی اصولوں کے بغیر مناسب طریقے سے نہیں چل سکتا۔ اخلاقی تعلیم کا آغاز ابتدائی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سحر انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ +2½ سالہ پروگرام) 76

بچپن سے شروع ہو جاتا ہے اور یہ بچپن اور بلوغت تک جاری رہتا ہے۔ اخلاقی نشوونما کے اثرات کسی فرد کی شخصیت، رویے اور انداز فکر سے ظاہر ہوتے ہیں۔ باہمی تعلقات کے معیار کا انحصار لوگوں کے اخلاق و اطوار اور رویوں کے معیار پر ہوتا ہے۔ اخلاقیات فرد سے شروع ہو کر پورے معاشرے پر محیط ہوتی ہے اور یہ امن و اتحاد کے لئے بنیادی عنصر ہے۔ بچوں کو ایمانداری، بہادری، ذمہ داری، دوراندیشی، دیانتداری، خود نظمی، خود انحصاری، مہربانی، دوستی، رواداری، احترام، محبت، انصاف اور رحم جیسی مثبت اقدار سکھانا ضروری ہوتا ہے۔

3- اخلاقی اجزاء (Moral Components)

شیفر (Shaffer) کے مطابق اخلاقی اجزاء تین ہوتے ہیں، پہلا ادراکی جزو ہے جو اخلاقی مسائل کے بارے میں سوچنے اور درست یا غلط کا فیصلہ کرنے سے تعلق رکھتا ہے۔ دوسرا جذباتی جزو ہے جو اخلاقی نظریات اور فیصلوں سے متعلق احساسات سے جڑا ہوتا ہے، ان احساسات میں احساس جرم، ندامت اور فخر شامل ہیں۔ تیسرا کرداری جزو ہے جو ہمارے رویے اور اقدام سے تعلق رکھتا ہے اس میں وہ حدود بھی شامل ہیں جس میں ہم چوری کرتے، جھوٹ بولنے یا شرافت سے پیش آتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

سوال 2- اخلاقی نشوونما پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون سے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کریں۔

جواب: اخلاقی نشوونما پر اثر انداز ہونے والے عوامل

(Factors Affecting Moral Development)

کسی فرد کی اخلاقی نشوونما پر مختلف عوامل اثر انداز ہوتے ہیں، جن میں خاندان، سکول، معاشرہ اور دیگر عناصر شامل ہیں، درج ذیل سطور میں ان کا جائزہ لیا گیا ہے۔

1- خاندان

بچے کی اخلاقی نشوونما میں خاندان اہم کردار ادا کرتا ہے، والدین بچے کے اقدامات کو قبول یا مسترد کرتے ہیں اور بچے کے لئے درست اور غلط کے معنی مرتب کرتے ہیں۔ والدین بچے کے جن اقدامات کو قبول کر لیتے ہیں ان کو اچھے اور مسترد کئے جانے والے اقدامات کو برے اعمال تصور کیا جاتا ہے۔ اس طرح بچے کا اخلاقیات کے ساتھ پہلا واسطہ پڑتا ہے۔

2- سکول

اخلاقی تصورات کی تشکیل میں سکول بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بچے اپنے کلاس فیلوز، اساتذہ اور سینئر

طلبہ کے اچھائی اور برائی کے تصورات سے متاثر ہوتے ہیں۔ بچے ایسے بہت سے کام کرتے ہیں جو ان کے سینئر سکول میں کرتے ہیں جبکہ والدین اور خاندان سے سیکھی گئی بہت سے باتیں مسترد کر دی جاتی ہیں۔ اس لئے سکول اخلاقی نشوونما کے لئے خصوصی تعلیم اور تربیت فراہم کر کے مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں۔

3- ہم پلہ بچوں کا گروپ

بچے کے اچھائی اور برائی کے بارے میں تصورات پر اس کے دوست اور ساتھ کھیلنے والے بچے Peer بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ بچہ اپنے ساتھیوں کے نظریات قبول کرتا ہے۔

4- معاشرہ اور ثقافت

اخلاقی نشوونما پر عمومی سماجی ماحول بھی اثر انداز ہوتا ہے، اس حقیقت کے باعث مہذب معاشروں کے افراد کا رویہ غیر مہذب معاشروں کے افراد کے مقابلے میں واضح طور پر مختلف ہوتا ہے۔

5- [illegible]

اخلاقی نظریات اور رویوں کی تشکیل میں عمر بھی ایک اہم عنصر ہے۔ جب کوئی شخص شیر خوارگی سے بلوغت تک عمر کو پہنچتا ہے تو وہ اخلاقی نظریات کے حوالے سے زیادہ کھلے ذہن کا ہو جاتا ہے جو کبھی اس کے اچھائی کے معیار پر پورے نہیں اترتے تھے آنے والے سالوں میں وہ ایسی چیزوں کو بھی قبول کر لیتا ہے جنہیں وہ پہلے مسترد کر چکا ہوتا ہے۔

Elmas Ali

6- جنس

اخلاقی نشوونما میں جنس بھی کردار ادا کرتی ہے، لڑکیوں [illegible] اگر قابل قبول اخلاقی ضابطے کے مطابق نہ ہو تو وہ شرم اور احساس جرم محسوس کرتی ہیں۔ وہ بڑوں کے [illegible] کردہ اخلاقی [illegible] دوں پر کم ہی تنقید کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ اس کے برعکس لڑکے لڑکیوں کے مقابلے میں زیادہ [illegible] پسند ہے اکثر وہ اپنے اخلاقی معیار خود قائم کرتے اور ان پر عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

سوال 3- اخلاقی نشوونما کے حوالے سے مین پیاجے اور کوہلبرگ کے نظریات کی وضاحت کریں۔

جواب: اخلاقی نشوونما کے نظریات

ماہرین نفسیات نے اخلاقیات کا مطالعہ مختلف طریقوں سے کیا ہے اور اخلاقی نشوونما کے مختلف نظریات متعارف کرائے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



78 سبق: انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

1- جین پیاجے کا نظریہ (Jean Piaget's Theory)

جین پیاجے (Jean Piaget) نے بچوں کی اخلاقی زندگیوں پر خصوصی طور پر توجہ مرکوز کی ہے۔ اس نے بچوں کے کھیلوں کے انداز کا مطالعہ کیا جس کے ذریعے وہ درست اور غلط کا تصور سیکھتے ہیں۔ اس نے بچے کھیتے ہوئے بچوں کا مشاہدہ کیا تاکہ یہ جان سکے کہ بچے کھیل کے قوانین کو کس طرح استعمال کرتے ہیں اور ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ اس نے بچوں سے چوری، جھوٹ [illegible] انصاف جیسے اخلاقی معاملات کے بارے میں سوالات بھی کیے۔

اپنی تحقیق سے پیاجے نے یہ نتیجہ نکالا کہ بچے نشوونمائی بوقت پر انحصار کرتے ہیں وہ اخلاقیات [illegible] بارے میں دو متفرد طریقوں سے سوچتے ہیں۔ یہ طریقے یا مراحل مختلف الوضع (Heteronymous) اخلاقیات اور خودمختار (Autonomous) اخلاقیات ہیں۔

(i) مختلف الوضع اخلاقیات (Heteronymous Morality)

پیاجے کے نظریہ میں اخلاقی نشوونما کا یہ پہلا مرحلہ ہے جو دو سال سے سات سال تک کی عمر تک جاری رہتا ہے۔ اس مرحلے میں انصاف اور قوانین دنیا کی غیر متبدل چیزیں تصور کی جاتی ہیں جو کہ لوگوں کے کنٹرول سے باہر ہیں۔

(ii) خودمختار اخلاقیات (Autonomous Morality)

خودمختار اخلاقیات کا مقام بارہ دس سال اور اس سے بڑے بچوں کی طرف سے ہوتا ہے۔ اس عمر کے بچے یہ جان جاتے ہیں کہ قوانین اور قواعد لوگوں کے بنائے ہوئے ہوتے ہیں اور یہ کہ کسی اقدام کے بارے میں کوئی فیصلہ کرتے وقت کام کے نتیجے کے ساتھ ساتھ کام کرنے والے کی نیت کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔

2- لارنس کوہل برگ کا نظریہ (Lawrence Kohlberg's Theory)

لارنس کوہل برگ (1927-1987) نے نشوونمائی نفسیات دان کے طور پر کام شروع کیا اور پھر اخلاقی تعلیم کی طرف اپنا رجحان موڑ دیا۔ اپنی تحقیق میں کوہل برگ نے واضح کیا کہ لوگوں میں اخلاقی استدلال کی نشوونما مختلف مراحل میں درجہ بدرجہ ہوتی ہے۔ کوہل برگ کے مطابق اخلاقی استدلال کے چھ مراحل ہیں جنہیں پیچیدگی کی تین سطحوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(i) پہلی سطح۔ ماقبل روایتی استدلال (Pre-Conventional Reasoning)

اس سطح پر بچے اخلاقی اقدار کا تصور نہیں سمجھ سکتے اور اخلاقی اقدار کو بیرونی طور پر انعامات یا سزاؤں سے

79 سبق: انسانی نشوونما اور تعلم (8610) برائے بی۔ایڈ (1½ سالہ+2½ سالہ پروگرام)

کنٹرول کیا جاتا ہے۔

(الف) پہلا مرحلہ: سزا اور فرمانبرداری (Punishment and Obedience)

اس مرحلے میں اخلاقی سوچ کی بنیاد سزا ہوتی ہے۔ بچے اطاعت کرتے ہیں کیونکہ بڑے انہیں ایسا کرنے کو کہتے ہیں۔ ان کے نزدیک جس عمل پر انعام ملے وہ اچھا ہے اور جس پر سزا ہو وہ برا کام ہے۔

(ب) دوسرا مرحلہ: انفرادیت اور مقصد (Individualism and Purpose)

اس مرحلے میں اخلاقی سوچ کی بنیاد انعامات اور ذاتی مفاد ہوتا ہے۔ بچے اطاعت کرتے ہیں جب وہ ایسا چاہتے ہیں اور جب اطاعت کرنا ان کے بہترین مفاد میں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ تصور پایا جاتا ہے کہ [illegible] ہے جو اچھا محسوس ہو اور اس کا صلہ ملے۔ اور یہ کہ اگر تم میرے ساتھ اچھائی کرو گے تو میں بھی تمہارے ساتھ اچھائی کروں گا۔

(ii) دوسری سطح۔ روایتی استدلال (Conventional Reasoning)

اس سطح پر [illegible] اقدار کو اندرونی بنانے کا عمل عبوری ہوتا ہے۔ بچہ چند داخلی معیارات کی پابندی کرتا ہے۔ تاہم یہ معیارات [illegible] کے بنائے ہوئے ہوتے ہیں جیسے والدین یا معاشرے کے قوانین وغیرہ۔

(الف) تیسرا مرحلہ: [illegible] باہمی اقدار (Interpersonal Norms)

بچے اخلاقی فیصلے کی بنیاد پر [illegible] دیکھ بھال اور دوسروں کے ساتھ وفاداری کو اہمیت دیتے ہیں۔ اس مرحلے پر بچے اکثر اپنے والدین کے اخلاقی معیارات [illegible] لیتے ہیں۔ وہ کوشش کرتے ہیں کو والدین انہیں اچھا سمجھیں، یہ تاثر ان کے لئے صلہ دینے والا ہوتا ہے۔

(ب) چوتھا مرحلہ: سماجی نظام کی اخلاقیات (Social System Morality)

اخلاقی فیصلوں کی بنیاد سماجی انتظام، قانون، انصاف اور فرض کی سمجھ بوجھ پر ہوتی ہے۔ [illegible] کے طور پر یہ کہہ سکتا ہے کہ چوری کرنا ہمیشہ غلط ہوتا ہے کیونکہ اس حوالے سے جو قوانین بنائے گئے ہیں معاشرے کے مفاد میں ہیں۔ اچھائی کی تعریف معاشرے کے قوانین کے ذریعے طے کی جاتی ہے۔ قانون کی [illegible] جانی چاہیے خواہ وہ غیر منصفانہ ہی کیوں نہ ہو۔

(iii) تیسری سطح۔ مابعد روایتی استدلال (Post-Conventional Reasoning)

اس سطح پر اخلاقیات مکمل طور پر اندرونی بنا کر اختیار کی جاتی ہے اور اس کا انحصار دوسروں کے اخلاقی معیارات پر نہیں ہوتا۔ بالغ شخص متبادل اخلاقی راستے اور مختلف چوائسز تلاش کرتا ہے اور پھر ذاتی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



اخلاقی ضابطے کے تحت فیصلے کرتا ہے۔

(الف) پانچواں مرحلہ: معاشرے کے حقوق بمقابلہ انفرادی حقوق (Community Rights versus Individual Rights)

بالغ افراد کی نظر میں اقدار اور قوانین مطلق نہیں بلکہ اضافی ہوتے ہیں۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ ہر شخص کے لئے معیارات مختلف ہو سکتے ہیں، قوانین معاشرے کے لئے اہم ہوتے ہیں تاہم یہ [illegible] ہو سکتے ہیں ان کے خیال میں بعض اقدار جیسے آزادی قانون سے زیادہ اہم ہوتی ہے۔ اچھائی کا تصور مجرد (ذہنی) اصولوں کی بنیاد پر سمجھا جاتا ہے جسے معاشرے نے طے کیا ہے جبکہ غیر منصفانہ قانون کو تبدیل ہونا چاہیے۔

(ب) چھٹا مرحلہ: آفاقی اخلاقی اصول (Universal Ethical Principles)

اس مرحلے میں فرد عالمگیر انسانی حقوق کی بنیاد پر اخلاقی معیار قائم کرتا ہے، جب قانون اور شعور کے درمیان کوئی تنازع درپیش ہوتا ہے تو وہ شعور کی پیروی کرتا ہے خواہ اس فیصلے سے اس کی ذات خطرے میں پڑتی ہو۔ اچھائی کا تصور مجرد اصولوں کے تناظر میں سمجھا جاتا ہے اور انسانی حقوق پر زور دیا جاتا ہے خواہ معاشرہ اسے قبول کرے یا نہ کرے۔

کوہل برگ کے نظریہ کے مطابق اخلاقی استدلال ایک پیچیدہ عمل ہے اور بچے کو اس کی نشوونما کے مختلف مراحل کے دوران مسلسل رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

سوال 4۔ گلی گن (Gilligan) کا نظریہ اخلاقی نشوونما کیا ہے؟ کوہل برگ کے نظریہ پر اس کی تنقید کا جائزہ لیں۔

جواب: کوہل برگ کے نظریہ پر تنقید: گلی گن کا نظریہ (Gilligan's theory)

کیرول گلی گن Carol Gilligan نیویارک میں 1936 میں پیدا ہوئیں، 1970 میں وہ لارنس کوہل برگ کی ریسرچ اسسٹنٹ بن گئیں۔ گلی گن کے مطابق کوہل برگ کا نظریہ دو وجوہات کی بنا پر اخلاقی نشوونما میں صنفی امتیاز پر پوری توجہ نہیں دے پایا، ایک یہ کہ کوہل برگ نے اپنی ریسرچ مردوں پر کی اور دوسری وجہ یہ کہ اس نظریہ میں نگہداشت کا نقطہ نظر شامل نہیں کیا گیا۔

گلی گن کا دعویٰ ہے کہ مرد اور عورتیں سماج میں مختلف طریقوں سے گھلتے ملتے ہیں اور مردوں کے مقابلے میں خواتین زیادہ مناسب طریقے سے باہمی تعلقات کے بارے میں فکرمند ہوتی ہیں اور دوسروں کی بہبود کے لئے ذمہ داری اٹھاتی ہیں۔ گلی گن کے مطابق یہ فرق بچے کے ماں سے تعلق کی وجہ سے ہے اور خواتین کو روایتی طور

پر اخلاقی نقطہ نظر سکھایا جاتا ہے جو معاشرے اور باہمی تعلقات کی نگہداشت پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ گلی گن نے اخلاقی نشوونما کے درج ذیل مراحل بیان کئے ہیں۔

Elmas Ali

(i) ماقبل روایتی سطح (Pre Conventional)

ماقبل روایتی سطح میں لوگ اپنے وجود کی حفاظت کے لئے صرف اپنا خیال رکھتے ہیں اس طرح ہر شخص بچے کی مانند ہوتا ہے۔ اس عبوری دور میں فرد کا رویہ ایک طرف خود غرضی پر مبنی تصور کیا جاتا ہے اور دوسری طرف وہ معاشرے میں دوسروں کے ساتھ تعلق کو بھی دیکھتا ہے۔

(ii) روایتی سطح (Conventional)

روایتی سطح میں ذمہ داری اور دوسرے لوگوں کے لئے زیادہ دیکھ بھال کا جذبہ شامل ہے۔ گلی گن کے [illegible] یہ رویہ ماں اور بیوی میں نظر آتا ہے، ایسی صورتحال میں بعض اوقات ذاتی ضروریات کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ اس عبوری دور میں اپنی ذات اور دوسروں کی دیکھ بھال کی ذمہ داریوں میں تناؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(iii) مابعد روایتی سطح (Post Conventional)

اس [illegible] اور دوسروں کی دیکھ بھال کا اصول قبولیت اختیار کرتا ہے، کچھ لوگ اس مرحلے تک کبھی نہیں پہنچ پاتے۔

گلی گن کے مطابق لڑکے انصاف کی اخلاقیات اختیار کرتے ہیں جس میں وہ قوانین اور اخلاقی اصولوں کے قواعد کے استعمال پر توجہ مرکوز کرتے ہیں تاکہ انصاف ہو سکے۔ اس کے برعکس لڑکیاں دیکھ بھال کی اخلاقیات اختیار کرتی ہیں جس میں ان کی زیادہ توجہ انسانی فلاح و بہبود اور دوسروں کے لئے ہمدردی پر مرکوز ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

سوال 5۔ پری سکول، کنڈر گارٹن اور ایلیمنٹری سکول کے بچوں کی اخلاقی خصوصیات [illegible] بیان کریں۔

جواب: 1۔ طلبہ کی اخلاقی خصوصیات (Moral Characteristics of Learners)

پری سکول، کنڈر گارٹن اور ایلیمنٹری سکول کے بچے مختلف اخلاقی خصوصیات [illegible] ہیں۔

پری سکول بچوں کی خصوصیات

پری سکول بچوں کا دور خود مرکزیت سے دوسروں کے ساتھ ہمدردی یا ہمدردی کے امکان کی طرف منتقل پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس عمر کے بچے بتدریج دوسروں کے لئے مددگار اور خیال رکھنے والے بنتے جاتے ہیں، اگرچہ ایک چار سال کے بچے کو ذاتی مفاد اور دوسروں کے لئے ہمدردی میں سے کسی ایک کے انتخاب پر مجبور کیا جائے تو ہو

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 40 of 80 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8610 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8610 Helping Key Book (Human Development and Learning (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سکتا ہے وہ ذاتی مفاد کا انتخاب کرے۔ یہ بچے درست اور غلط کا تصور سفید اور سیاہ کی شکل میں رکھتے ہیں، یعنی ان کے نزدیک کوئی عمل ہمیشہ درست یا ہمیشہ غلط ہوگا۔ ان کے پاس گرے ایریا یا مذاکرات کی قطعاً گنجائش نہیں ہوتی۔ لوگ یا تو اچھے ہوتے ہیں یا برے اور اچھے لوگ ہمیشہ اچھے اور برے لوگ ہمیشہ برے ہوتے ہیں۔ اس عمر کے بچوں کی دیگر خصوصیات میں سختی کے ساتھ برابری، دو طرفہ عمل، میرٹ اور استحقاق شامل ہیں۔

2- کنڈرگارٹن سکول کے بچوں کی خصوصیات

کنڈرگارٹن سکول کے بچے درست اور غلط کے بارے میں مختلف انداز میں سوچتے ہیں [illegible] نقطہ نظر کے تحت وہ سمجھتے ہیں کہ کوئی عمل ہمیشہ اچھا یا ہمیشہ برا ہوتا ہے۔ یہ بات ان کے لئے اہم نہیں ہوتی کہ وہ کام دانستہ [illegible] ہے یا غیر دانستہ طور پر ہو گیا ہے۔ کسی کام سے جسمانی نقصان جتنا زیادہ ہوگا وہ کام اتنا ہی غلط ہوگا، اگر [illegible] کام پر [illegible] دی جائے تو وہ لازمی طور پر غلط ہوتا ہے۔ قوانین کبھی نہیں توڑنے چاہئیں، قوانین توڑنا غلط اقدام تصور ہوتا ہے۔ اس عمر کے بچے اپنا نقطہ نظر ہی سامنے رکھتے ہیں، ان کے لئے کسی مسئلہ پر کسی دوسرے شخص کا نقطہ نظر سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔

اخلاقیات کی نشوونما کے لئے کمرہ جماعت کی سرگرمیاں

ماہرین تعلیم کے مطابق بچوں کی کردار سازی کا آغاز پری سکول عمر سے ہی ہو جاتا ہے۔ اس عمر میں بچوں کو درست اور غلط کی تمیز آسانی سے سکھائی جا سکتی ہے۔ وہ اپنے اردگرد اور بڑوں سے جو سنتے اور دیکھتے ہیں آسانی سے جذب کر لیتے ہیں اور اس کی پیروی کرتے ہیں۔ بڑے بچوں کے مقابلے میں چھوٹے بچوں کو مثبت اقدار جیسے ایمانداری، بہادری، ذمہ داری، ہمدردی، دیانتداری، خود نظمی، خود انحصاری، رحم دلی، دوستی، رواداری، احترام، محبت اور انصاف کی تعلیم دینا زیادہ موثر ہوتا ہے۔ بچوں کی اخلاقی نشوونما کے لئے کمرہ جماعت میں درج ذیل سرگرمیاں اختیار کی جا سکتی ہیں۔

1- کہانیاں پڑھنا اور سنانا

تمام بچے کہانیاں سننے اور پڑھنے سے لطف اندوز ہوتے ہیں، ان میں لوک کہانیاں، جنوں اور پریوں کی داستانیں اور ایسی کہانیاں شامل ہیں جن میں اہم کردار جانور ہوتے ہیں۔ ان کہانیوں کے ذریعے بچوں کو اخلاقی اقدار کی تعلیم دینا آسان اور دلچسپ ہوتا ہے۔

2- گیت گانا اور سیکھنا

اکثر بچے گانے گانا اور سیکھنا پسند کرتے ہیں، بالغ افراد بھی گانوں اور موسیقی سے رغبت رکھتے ہیں۔ ان نظموں اور گانوں کے ذریعے اخلاقی اقدار متعارف کرائی جا سکتی ہیں۔

3- اداکاری

بچوں کی اکثریت مخصوص لباس پہننا اور مختلف کرداروں کی اداکاری کرنا پسند کرتی ہے، محنت، سچائی،

ہمدردی جیسی اقدار کی تعلیم مختلف کرداروں کا روپ دھار کر دی جا سکتی ہے۔

4- ایلیمنٹری سکول کے بچوں کی خصوصیات

